★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداداللہ قریشی

جلد نمبر 15 | منگل 20 رجب المرجب 1446ھ، 21 جنوری 2025ء، 9 ماگھ 2081 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 93

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

ہم 9 مئی والے نہیں 28 مئی والے ملک کے رکھوالے ہیں، مریم نواز

جہاں بھی گئی بچوں نے مجھے بہت پیار دیا، مخالفین کو سمجھ ہی نہیں آرہی کہ یہ کیا ہوگیا ہے، مخالفین کچھ کہنے کی وجہ تلاش کررہے ہیں، مخالفین ٹی وی پر کہہ رہے تھے چند بچوں کو اکٹھا کر کے سکھایا ہوتا ہے‘ ان کا قصور نہیں انہوں نے جھوٹ میں آنکھ کھولی

کوئی نہیں کہہ سکتا کہ کسی کو سکالرشپ ایم این اے یا ایم پی اے کی سفارش پر ملا ہے، اگر سفارش پر سکالرشپ دیا ہوا تو استعفیٰ دیکر گھر چلی جاؤں گی، محدود وسائل میں رہ کر پڑھنا کوئی آسان کام نہیں، آپ تمام بچے صرف میرے ہیروز نہیں سپر ہیروز ہو

ڈیرہ غازی خان (سمیعہ فیاض) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ ہم 9 مئی والے نہیں 28 مئی والے ہیں، ہم ملک کے رکھوالے ہیں۔ ڈیرہ غازی خان میں سکالرشپ پروگرام کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا تھا کہ آج ہونہار سکالرشپس کا آخری ڈویژن ہے، سکالرشپس کی تقسیم آج ختم ہوجائے گی، بہت جلد لیپ ٹاپس اور ای بائیکس لیکر آپ کے پاس آؤں گی، چاہتی ہوں بچے اچھی سواری پر کالج اور یونیورسٹی (بقیہ نمبر 65)

وزیراعلیٰ پنجاب غازی یونیورسٹی ڈیرہ غازی خان میں تقریب کے دوران طالبہ سے اظہار شفقت کررہی ہیں

اڑان پاکستان ملک کی ترقی کا منصوبہ ہے، احسن اقبال

ہرشہری کو برابر کے حقوق حاصل‘ پاکستان میں اقلیتیں مکمل آزادی کیساتھ زندگی گزار رہی‘ ملکی ترقی میں مسیحی برادری کا اہم کردار ہے‘ وفاقی وزیر

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ ’اڑان پاکستان‘ ملک کی ترقی کا منصوبہ ہے۔ جڑواں شہروں میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال کا کہنا تھا کہ پاکستان میں ہرشہری کو برابر کے حقوق حاصل ہیں، پاکستان میں اقلیتیں مکمل آزادی کیساتھ زندگی (بقیہ نمبر 64)

سیاست ہو یا کھیل کا میدان جگہ تلخیاں کم ہونی چاہئیں، عطا تارڑ

یہ سال پاکستان کی کامیابیوں کا رہا‘ سٹاک مارکیٹ بلند ترین سطح پر‘ حکومت نے 8 فروری کو ملک میں یوم تعمیر و ترقی منانے کا اعلان کیا

چیمپیئنز ٹرافی کا پاکستان میں ہونا خوش آئند ہے، ہمارے میدانوں کی رونقیں بحال ہورہی ہیں‘ وفاقی وزیر اطلاعات کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت نے 8 فروری کو ملک میں یوم تعمیر وترقی منانے کا اعلان کردیا۔ اسلام آباد میں میڈیا میں گفتگو کرتے ہوئے عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ معاشی استحکام سیاسی استحکام کیساتھ جڑا ہوا ہے، یہ سال پاکستان کی کامیابیوں کا سال رہا ہے، سٹاک مارکیٹ بلند ترین سطح پر ہے، ملک کی معیشت بہتری کی جانب (بقیہ نمبر 63)

کیا بلوچستان سے خیبرپختونخوا تک سارا الیکشن ہی غلط تھا؟ جسٹس جمال مندوخیل

ہر اُمیدوار کے نوٹیفکیشن کے لیے آپ کو عدالت کو بتانا ہوگا، فارم 45 یا 47 دونوں میں اگر فرق ہے تو کوئی ایک تو صحیح ہوگا‘ ریمارکس

مبینہ انتخابی دھاندلی‘ بانی پی ٹی آئی کے وکیل کو اعتراضات پر تیاری کیلئے وقت مل گیا‘ مزید سماعت غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ نے انتخابات میں مبینہ دھاندلی کیخلاف بانی پی ٹی آئی عمران خان کی درخواست پر سماعت کے دوران جسٹس جمال خان مندوخیل نے ریمارکس میں کہا ہے کہ کیا بلوچستان سے خیبرپختونخوا تک سارا الیکشن ہی غلط تھا؟ فارم 45 اور 47 میں اگر فرق تو کوئی ایک تو صحیح ہو گا۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں چھ رکنی آئینی بنچ نے انتخابات میں (بقیہ نمبر 40)

وزیر اعظم
حجاج اللہ کے مہمان، ان کی معاونت میں کوتاہی برداشت نہیں

حجاج اللہ کے مہمان، ان کی معاونت میں کوتاہی برداشت نہیں کروں گا‘ ہرقسم کی معاونت وسہولت کی فراہمی یقینی بنائی جائے، حج کی تیاریوں کے حوالے سے ایک جامع بریفنگ تیار کرکے آئندہ چندروز میں پیش کی جائے

حجاج کرام کی رہائش اور سفری ودیگر سہولیات کا خاص خیال رکھا جائے‘ معاونین کے انتخاب کے طریقہ کار میں شفافیت اور میرٹ کوملحوظِ خاطر رکھا جائے‘ شہبازشریف کا حج تیاریوں کے حوالے سے جائزہ اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ حجاج کرام اللہ تعالیٰ کے مہمان ہیں، ان کی معاونت میں کسی قسم کی لاپرواہی برداشت نہیں کروں گا۔ وزیراعظم شہبازشریف کی زیرصدارت حج 2025 کی تیاریوں کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا جس میں وفاقی وزراء احد (بقیہ نمبر 67)

اسلام آباد، وزیراعظم شہبازشریف اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

امریکی پابندیاں ایران کیلئے پاکستانی برآمدات کی راہ میں بڑی رکاوٹ

برآمدات محض 20 ہزار ڈالرز رہنے کا انکشاف‘ گزشتہ مالی سال ایک ارب ڈالر سے زائد رہیں

کراچی (این این آئی) امریکی پابندیاں ایران کے لیے پاکستانی برآمدات کی راہ میں بڑی رکاوٹ بن گئیں، گزشتہ مالی سال ایران کے لیے پاکستانی برآمدات محض 20 ہزار ڈالرز رہنے کا انکشاف ہوا ہے جبکہ اس کے مقابلے میں پاکستان کا ایران سے درآمدات پر انحصار مزید بڑھ گیا، گزشتہ مالی سال ایران سے پاکستانی درآمدات ایک ارب ڈالرز سے زائد رہیں۔ ایک طرف پاکستان (بقیہ نمبر 35)

انسانی سمگلنگ کرنیوالوں سے سختی سے نمٹا جائیگا‘ گورنر پنجاب

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے پی ایس ایف اور پی ایل ایف کے وفود کی ملاقاتیں

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ پنجاب میں انسانی سمگلنگ کرنے والوں سے سختی سے نمٹا جائے گا۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے پی ایس ایف اور پی ایل ایف کے وفود نے ملاقاتیں کیں، گورنر پنجاب نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انسانی سمگلنگ کرنے والوں (بقیہ نمبر 39)

عارف علوی کو گرفتاری کا خدشہ

ضمانت کیلئے عدالت پہنچ گئے

کراچی (این این آئی) سابق صدر ڈاکٹر عارف علوی گرفتاری کے خدشے کے باعث ضمانت کے لیے سندھ ہائی کورٹ پہنچ (بقیہ نمبر 38)

کراچی، گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری قطر کے قونصل جنرل نائف شاہین سے ملاقات کررہے ہیں

سرکاری حج سکیم 35 ہزار سے زائد عازمین نے قربانی کی رقم جمع کرادی

عازمین قربانی کی مد میں 9 ارب 94 کروڑ 61 لاکھ 50 ہزار روپے خرچ کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) حج 2025 میں پاکستانی عازمین قربانی کی مد میں 9 ارب 94 کروڑ 61 لاکھ 50 ہزار روپے خرچ کریں گے۔ ذرائع کے مطابق عازمین حج سے قربانی کے لیے 55 ہزار 500 روپے فی کس وصول کیے (بقیہ نمبر 6 3)

پی آئی اے کو عملے کی کمی کا سامنا، ایک سال میں 110 انجینئرز اور ٹیکنیشنز مستعفی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) کو تکنیکی عملے (بقیہ نمبر 37)

حکومت کو سندس فاؤنڈیشن کی سرپرستی کرنی چاہئے، ملک احمد خان

منو بھائی ایک عہد ساز شخصیت کے مالک تھے، سپیکر پنجاب اسمبلی، منو بھائی ایک شخصیت نہیں ادارے کا نام ہے۔ خواجہ سلمان رفیق صوبائی وزیر صحت

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان کے ہمراہ سندس فاؤنڈیشن میں بانی اور معروف صحافی منو بھائی کی ساتویں برسی کی تقریب میں شرکت کی۔ صدر لاہور پریس کلب ارشد انصاری، ڈاکٹر سعید الٰہی، یسین خان، طاہر سرور میر، ناصر نقوی، (بقیہ نمبر 8)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق سندس فاؤنڈیشن میں سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان کے ہمراہ تھیلیسیمیا کے شکار معصوم بچوں کو تحائف پیش کررہے ہیں

وزیر صحت سندھ نے کراچی میں کورونا وبا پھیلنے کی تردید کردی

خوامخواہ خوف پھیلانے کی ضرورت نہیں‘ دنیا سے کوویڈ کی وبا ختم ہوچکی‘ ڈاکٹر عذرا پیچوہو

کراچی (این این آئی) وزیر صحت سندھ ڈاکٹر عذرا پیچوہو نے کراچی میں کورونا وبا پھیلنے کی تردید کردی۔ وزیر صحت سندھ ڈاکٹر عذرا پیچوہو نے کہا کہ شہریوں کو گھبرانے کی ضرورت (بقیہ نمبر 55)

حکومت کوئی اور جھوٹا مقدمہ بنانے کی تیاری کرے، بیرسٹر سیف

190 ملین پاؤنڈ بارے برطانوی عدالت کا فیصلہ حکومت کے منہ پر طمانچہ ہے‘

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا ہے کہ 190 ملین پاؤنڈ کے حوالے سے برطانوی ہائیکورٹ کا فیصلہ حکومت کے منہ پر زنانے دار طمانچہ ہے۔ اپنے (بقیہ نمبر 54)

26 ویں آئینی ترمیم کیخلاف درخواستوں پر عملدرآمد روکنے کی استدعا مسترد

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے 26 ویں آئینی ترمیم کیخلاف درخواستوں پر عبوری طور پر عملدرآمد روکنے (بقیہ نمبر 53)

صوبہ سندھ، پنجاب میں تیل وگیس کے نئے ذخائر دریافت

کراچی (این این آئی) آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ نے معیشت کے لیے ایک اچھی خبر کا انکشاف کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 52)

کرم میں مرکزی شاہراہ 111 ویں روز بھی بند، آپریشن جاری

ٹی ڈی پیز کیلئے امدادی سامان پہنچ گیا‘ مورچوں پر سکیورٹی فورسز نے کمانڈ سنبھال لی

کرم (این این آئی) کرم میں ٹل پاراچنار مین مرکزی شاہراہ آج 111 ویں روز بھی ہر قسم آمدورفت کیلئے بند ہے، راستوں کی طویل بندش کے باعث لوگوں فاقہ کشی پر مجبور ہیں، ادویات اور فیول کی عدم دستیابی کے باعث اموات میں اضافہ ہوگیا ہے۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا (بقیہ نمبر 60)


سربراہ جے یو آئی (ف) مولانا فضل الرحمٰن تقریب سے خطاب کررہے ہیں

پاکستان معاشی طور پر مستحکم ہوتا جارہا ہے‘ گورنر سندھ

جس شخص نے غلطی کی اس کو معافی بھی مانگنی ہوگی، آپ نے پاکستان کو کافی پیچھے کردیا‘ خطاب

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کہا کہ پاکستان معاشی طور پر مستحکم ہوتا جارہا ہے۔ گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جس شخص نے غلطی کی ہے اس کو معافی بھی مانگنی ہوگی، آپ نے پاکستان کو کافی پیچھے کردیا ہے، پاکستان کا (بقیہ نمبر 58)

جنگ بندی کے فیصلے کے بعد مصر کے ایک گاؤں کا غزہ کے لیے 8 ٹرکوں کا عطیہ

قاہرہ (این این آئی) مصر کے شمال میں واقع دقہلیہ گورنری میں واقع شہر طلخا (بقیہ نمبر 61)

عمران خان کی سہولیات فراہمی کی درخواست پر جیل انتظامیہ کو نوٹس

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کو جیل میں اخبار، ٹی وی کی سہولت ، بیٹوں سے (بقیہ نمبر 59)

مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس

27 جنوری کو ہوگا

لاہور (این این آئی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس 27 جنوری کو ہوگا جس میں مانیٹری پالیسی کے (بقیہ نمبر 57)

رمضان شوگرمل ریفرنس

’وزیراعظم کے وکیل سے

بریت کی درخواست پر دلائل طلب

لاہور (این این آئی) اینٹی کرپشن عدالت نے رمضان شوگرمل ریفرنس میں وزیراعظم شہباز شریف کے وکیل سے بریت کی درخواست پر آئندہ سماعت پر دلائل طلب کر لئے۔ اینٹی (بقیہ نمبر 56)


نارووال، وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال اپنے ڈیرہ پر عوام کے مسائل سن رہے ہیں

اپوزیشن حکومت کے درمیان میچ نہیں مذاکرات چل رہے ہیں، یوسف رضا گیلانی

سپیکر اسمبلی نے حکومت اور تحریک انصاف کو پلیٹ فارم دیا‘ مذاکرات واحد حل ہے، تیسرا آپشن اور کوئی بھی نہیں

سینیٹر اعجاز چوہدری کے پروڈکشن آرڈر جاری کیے تھے، آئی جی کو بھی ہدایت کی ہے‘ چیئرمین سینٹ کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ اپوزیشن اور حکومت کے درمیان میچ نہیں مذاکرات چل رہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ کرکٹ ہمارے لوگوں کا پسندیدہ کھیل ہے۔ یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ اسپیکر اسمبلی نے حکومت اور تحریک انصاف کو پلیٹ فارم دیا۔ مذاکرات واحد حل ہے، تیسرا آپشن اور کوئی بھی نہیں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ سینیٹر اعجاز (بقیہ نمبر 66)

26 نومبر احتجاج‘ 30 ملزمان کی درخواست ضمانت خارج

اسلام آباد کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ نے 18 جنوری کو فیصلہ محفوظ کیا تھا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی عدالت نے 26 نومبر کو احتجاج پر درج مقدمات میں 30 ملزمان کی درخواست ضمانت خارج کردی۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن (بقیہ نمبر 46)

دفتر خارجہ نے نئے سفیروں کی تعیناتی

کی سمری وزیراعظم کو بھیج دی

اسلام آباد (این این آئی) دفتر خارجہ نے مختلف ملکوں کے لیے نئے سفیروں (بقیہ نمبر 47)

26 نومبر احتجاج: بشریٰ بی بی کی 32

مقدمات میں عبوری ضمانت میں توسیع

راولپنڈی (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت نے 26 نومبر کو پی ٹی (بقیہ نمبر 48)

آلودگی کا باعث بننے والی سرکاری

گاڑیوں کیخلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب کی سرکاری گاڑیوں کے گرد شکنجہ سخت کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا، آلودگی کا باعث بننے والی سرکاری گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاؤن ہوگا۔ اس ضمن میں ڈی جی (بقیہ نمبر 49)

صدر مملکت آصف علی زرداری ایرانی چیف آف جنرل سٹاف کا استقبال کررہے ہیں

سٹوڈنٹس یونین کیس، آئینی عدالت کا وفاق اور متعلقہ فریقین کو نوٹس

قائداعظم یونیورسٹی میں انتخابات کو پائلٹ پراجیکٹ کے طور پر دیکھا جائے‘ جسٹس علی مظہر

اسلام آباد (این این آئی) آئینی عدالت نے سٹوڈنٹس یونین بحالی کے معاملہ پر وفاق و متعلقہ فریقین کو نوٹس جاری کر دیا۔ سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے اسٹوڈنٹس یونین کیس کی (بقیہ نمبر 50)

پارٹی کارشتہ نہ ہوتا تو کسی کی مجال نہیں کہ میرے خلاف باتیں کریں، شیر افضل مروت

ملک کو موجودہ صورتحال سے نکالنے کیلئے مذاکرات کے علاوہ کوئی راستہ نہیں‘ رہنما پی ٹی آئی

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ پارٹی کارشتہ نہ ہوتا تو کسی کی مجال نہیں کہ میرے خلاف باتیں کریں۔ پشاور میں گفتگو (بقیہ نمبر 51)

پاکستان نے 40 سال افغان پناہ گزینوں کی میزبانی کی‘ دفتر خارجہ

مناسب ہوتا دنیا نے جنگ کے بعد افغان عوام کو تنہا نہ چھوڑا ہوتا‘ ترجمان کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) دفتر خارجہ نے سیکرٹری جنرل ناروییجین پناہ گزین کونسل کیبیان پرردعمل دیتے ہوئے کہا کہ مناسب ہوتا دنیا نے جنگ کے بعد افغان عوام کو تنہا نہ چھوڑا ہوتا۔ دفتر خارجہ نے ناروے پناہ گزین کونسل کے سیکرٹری جنرل جان ایگلینڈ کی جانب سے افغانستان (بقیہ نمبر 41)

لڑکیوں کی تعلیم پر پابندی کا کوئی جواز نہیں، سینئر طالبان شخصیت

حکومت نے چھٹی جماعت کے بعد تعلیم سے روک رکھا‘ ایسا نہیں ہونا چاہیے‘ شیر عباس ستانکزئی

کابل (این این آئی) طالبان کی ایک سینئر شخصیت نے گروپ کے رہنما پر زور دیا ہے کہ وہ افغان خواتین اور لڑکیوں پر تعلیمی پابندی ختم کردیں۔ حکومتی پالیسی پر غیر معمولی عوامی سرزنش (بقیہ نمبر 43)

ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو امریکا کی صدارتی معافی نہ مل سکی

بائیڈن نے اقتدار کے آخری دن مزید پانچ قیدیوں کو معافی دی‘ عافیہ کا نام شامل نہیں

واشنگٹن (این این آئی) ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو امریکا کی صدارتی معافی نہ مل سکی، امریکی صدر جو بائیڈن نے اقتدار کے آخری دن مزید پانچ سزا یافتہ قیدیوں کو معافی دے دی۔ صدارتی (بقیہ نمبر 44)

نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا افتتاح، کراچی سے آئی پہلی پرواز لینڈ کر گئی

کراچی سے گئی پہلی پرواز کو نیو گوادر ایئر پورٹ پر اترنے پر واٹر سلیوٹ دیا گیا‘ رنگا رنگ تقریب

گوادر (این این آئی) سی پیک کوریڈور کے اہم منصوبے نیو گوادر ایئر پورٹ کا افتتاح کر دیا گیا جس کے لیے کراچی سے پہلی پرواز ایئر پورٹ پر لینڈ کر گئی۔ نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر گورنر شیخ جعفر خان مندوخیل اور وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر خواجہ آصف اور چین کی اہم شخصیات نے مسافروں کا استقبال کیا۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق کراچی سے قومی ایئر لائن کی پرواز پی کے 503 پہلی پرواز ہے جس نے نیو گوادر انٹرنیشنل ایئر (بقیہ نمبر 62)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف غازی یونیورسٹی ڈیرہ غازی خان میں ہونہار سکالرشپ کی تقریب ختم ہونے کے بعد طالبات سے مل رہی ہیں

جسٹس منصور علی شاہ
ججز کمیٹی کا ممبر ہوں لیکن مجھے بھی اجلاس کا پتہ نہیں چلا

ججز کمیٹی اجلاس کے میٹنگ منٹس بھی لیکر آئیں، سپریم کورٹ نے ایڈیشنل رجسٹرار جوڈیشل کو توہین عدالت کے تحت شوکاز نوٹس جاری کردیا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے سینئر جج جسٹس منصور علی شاہ نے کہا ہے کہ مجھے بھی ججز کمیٹی کے اجلاس کا پتا ہی نہیں چلا جب کہ میں تو کمیٹی کا ممبر ہوں۔ سپریم کورٹ میں آئینی بینچ اور ریگولر بینچ کے اختیارات کے معاملے پر سماعت ہوئی، جسٹس منصور علی شاہ کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ کے سامنے بیرسٹر صلاح الدین پیش ہوئے۔ بیرسٹر صلاح الدین نے مؤقف اپنایا کہ میں کراچی سے آیا ہوں، آج مقدمہ سماعت کے لیے مقرر نہیں ہوا، جسٹس (بقیہ نمبر 45)

پاکستان سٹاک ایکسچینج: انڈیکس

میں 783 پوائنٹس کا اضافہ

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروباری ہفتے کے پہلے (بقیہ نمبر 42)

توڑ پھوڑ کیس، اسد قیصر کی عبوری

ضمانت میں 14 فروری تک توسیع

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے توڑ پھوڑ (بقیہ نمبر 43)

گوادر، خواجہ آصف کے ہمراہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ودیگر گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے افتتاح کے بعد دعا کررہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض



سٹی نیوز

کل 22 جنوری پاکستان بھر کے سرکاری ملازمین صوبائی دارالحکومت میں ملازمین کش پالیسیوں کے خلاف احتجاج کریں گے

لاہور (خبر نگار) آل گورنمنٹ ایمپلائز گرینڈ الائنس پاکستان کے راہنماؤں رحمان علی باجوہ، حیدر علی خان، خالد جاوید سنگھیڑہ، پروفیسر فائزہ رعنا، ضیاء اللہ نیازی، رانا انوار الحق، چوہدری بشیر وڑائچ، مختار گجر، رانا لیاقت، کاشف شہزاد چوہدری ودیگر نے کہا کہ حکومت وقت کی ملازمین کش، ظالمانہ پالیسیوں کے خلاف پورے ملک کے سرکاری ملازمین آل گورنمنٹ ایمپلائز گرینڈ الائنس پاکستان کے پلیٹ فارم پر متحد ہو چکے ہیں پنشن وگریجویٹی، لیو انکیشمنٹ میں کمی، فیملی پنشن میں ظالمانہ اصلاحات، رول 17-اے کا خاتمہ کے صورت قبول نہیں ان ظالمانہ نوٹیفکیشنز کی وجہ سے ملازمین شدید بے چینی اور اضطراب میں ہیں وزیر اعظم پاکستان، وزراء اعلیٰ سے مطالبہ ہے کہ ملازمین کا معاشی استحصال بند کیا جائے اور ان ملازمین دشمن نوٹیفکیشنز کو فی الفور واپس لیا جائے وگرنہ پورے ملک کے سرکاری ملازمین 22 جنوری بروز بدھ صوبائی اسمبلیوں اور پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد کے سامنے بھرپور احتجاج کریں گے لاہور میں صوبہ بھر کے ملازمین ناصر باغ سے پنجاب اسمبلی تک پرامن احتجاجی ریلی نکالیں گے

ماحولیاتی تحفظ کیلئے کاروائیاں جاری رہیں گی: آئی جی پنجاب

سموگ کریک ڈاؤن کے دوران 02 مقدمات درج کر کے قانون شکن گرفتار کیے گئے

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر پنجاب پولیس سموگ کی روک تھام اور ماحولیاتی تحفظ کیلئے کاروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے جس کے تسلسل میں گذشتہ 24 گھنٹوں میں لاہور سمیت مختلف اضلاع میں سموگ کریک ڈاؤن کے دوران 02 مقدمات درج کر کے قانون شکن گرفتار کیے گئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ 309 افراد کو 09 لاکھ 48 ہزار روپے جرمانے عائد اور 35 افراد کو وارننگ جاری کی گئیں۔ فصلوں کی باقیات جلانے کی 01، زیادہ دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کی 309 خلاف ورزیاں ہوئیں اور اینٹوں کے بھٹوں کی 09 خلاف ورزیاں رپورٹ ہوئیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے مزید بتایا کہ رواں سال کے پہلے 19 دنوں میں انسداد سموگ کریک ڈاؤن میں مجموعی طور پر 32 ملزمان گرفتار اور 53 مقدمات درج کئے گئے۔ 7920 افراد کو مجموعی طور پر 01 کروڑ 59 لاکھ روپے سے زائد جرمانے کئے گئے جبکہ 621 افراد کو وارننگ جاری کی گئیں۔ فصلوں کی باقیات جلانے کی 15 اور زیادہ دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کی 7932 خلاف ورزیاں رپورٹ ہوئیں۔ صنعتی سرگرمی کی 03، اینٹوں کے بھٹے کی 26 اور دیگر مقامات کی 03 خلاف ورزیاں رپورٹ ہوئیں۔

صوبہ بھر میں لائسنسنگ سہولیات، کمرشل اور نان کمرشل لائسنس کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبہ بھر میں لائسنسنگ سہولیات، کمرشل اور نان کمرشل لائسنس کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فرخان بیگ کی احکامات پر موٹر سائیکل کے لرننگ لائسنس پر 42 دن کا ریلیف دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق صوبہ بھر میں رکشہ اور کار موٹر سائیکل کے ڈرائیونگ ٹیسٹ کا خصوصی انعقاد کیا گیا، ترجمان کا کہنا ہے کہ شہری ایک ہی دن میں لرننگ اور ریگولر لائسنس کی سہولت سے فائدہ اٹھائیں، ہر اتوار رکشہ کے ڈرائیونگ ٹیسٹ سے 17 ہزار سے زائد شہری مستفید ہو رہے ہیں

ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کے کلین مشن دورے جاری/صفائی میکانزم کا جائزہ/ہدایات

ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کے تحصیل صدر کے مختلف مقامات کے دورے: صفائی اقدامات کا جائزہ

لاہور (خبر نگار) لاہور ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے تحصیل صدر کے مختلف مقامات کے دورے کیے۔ انہوں نے گاؤں جاہمن، بیدیاں روڈ واطراف میں صفائی اقدامات کا جائزہ لیا۔ سی او ایم سی ایل شاہد عباس کاٹھیا، اسسٹنٹ کمشنر صدر عبدالباسط صدیقی، ڈپٹی سی او واسا وایل ڈبلیو ایم سی ڈی سی لاہور کے ہمراہ تھے۔ ڈی سی لاہور نے دوران وزٹ، ایل ڈبلیو ایم سی حکام کو صفائی نظام میں مزید بہتری لانے کی واضح ہدایت کی اور کوتاہی نہ برتنے کی ہدایت بھی کی۔ ڈی سی لاہور نے کہا کہ ایل ڈبلیو ایم سی حکام صفائی معاملات کو ازخود مانیٹر کریں اور روزانہ علی الصبح فیلڈ میں متحرک ہوں اور ٹیموں کی فیلڈ میں سخت چیکنگ کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ جہاں کہیں گندگی کے ڈھیر دکھائی دیں فی الفور کلیئر کروائیں، ڈی سی لاہور نے کہا کہ شہر کو گندگی سے پاک رکھنا عزم ہونا چاہیے، ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ تجاوزات، جھگیوں و جانوروں کے انخلاء کے لئے آپریشنز جاری رکھیں اور تجاوزات کے خاتمے کے لئے تمام تر ضروری اقدامات اٹھائے جائیں

خدمت خلق کرنے والے اللہ تعالیٰ کو بہت پسند ہیں: جماعت اسلامی

لاہور (پ ر) جماعت اسلامی کے رہنما عبدالعزیز عابد نے کہا ہے کہ خدمت خلق کرنے والے اللہ تعالیٰ کو بہت پسند ہیں۔ جماعت اسلامی اور الخدمت فاؤنڈیشن دکھی انسانیت کی خدمت کیلئے ہر پل میدان عمل میں موجود رہتی ہے۔ الخدمت ویمن ونگ ٹرسٹ لاہور کے تحت کرامت کالونی کیمونٹی سنٹر میں لائف ہسپتال کے تعاون سے فری میڈیکل وآئی کیمپ کا اہتمام کیا گیا ہے جو اسی سلسلہ کی کڑی ہے۔ فری میڈیکل کیمپ میں 500 سے زائد افراد کا نا صرف مفت چیک اپ کیا گیا بلکہ ان کو مفت ادویات اور چشمے بھی فراہم کئے گئے ہیں۔ علاقہ مکینوں نے الخدمت اور لائف ہسپتال کی اس کاوش کو سراہا اور الخدمت وومن ونگ ٹرسٹ کے رضاکاروں کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ ان خیالات کا اظہار فری میڈیکل کیمپ کے موقع پر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ جماعت اسلامی کے رہنما عبدالعزیز عابد اور الخدمت وومن ٹرسٹ کی ذمہ داران صبا ثاقب اور کرن نے انتظامات کی نگرانی کی، لائف ہسپتال کے نمائندگان عامر اور ناصر سہگل نے بھی کیمپ کے انتظامات بھرپور تعاون کیا اور ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا تعارف پیش کیا۔ الخدمت وومن ونگ ٹرسٹ کی سیکرٹری صبا ثاقب نے ٹرسٹ کے کاموں اور اپنی خدمات کے بارے میں بریفنگ دی۔ صبا ثاقب کا کہنا تھا کہ جن مریضوں کو آپریشن کی ضرورت ہے ان کے آپریشن کے لئے بھی مفت سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ الخدمت وومن ونگ ٹرسٹ کے زیر انتظام بہت سے الخدمت کے پراجیکٹ جاری ہیں۔ الخدمت اندرون و بیرون ملک بھی دکھی انسانیت کی خدمت میں مصروف عمل ہے۔

فری میڈیکل کیمپ
الخدمت

حکومتی اقدامات سے بیلنس آف پیمنٹس پر داخلی مانگ کا دباؤ کم ہوا ہے: علی عمران آصف

حکومت برآمدات، ترسیلات زر میں اضافے کے تسلسل پر توجہ مرکوز کرے سینئر ایگزیکٹو ممبر لاہور چیمبر

لاہور (پریس ریلیز) سینئر ایگزیکٹو کمیٹی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری علی عمران آصف نے کہا ہے کہ حکومتی اقدامات کی وجہ سے بیلنس آف پیمنٹس پر داخلی مانگ کا دباؤ کم ہو گیا ہے، مالیاتی استحکام جاری ہے اور حکومت مسلسل دوسرے سال کے لیے پرائمری مالیاتی سرپلس حاصل کرنے کے راستے پر ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ زر مبادلہ کے ذخائر 11.7 ارب ڈالر تک پہنچ گئے ہیں جو موجودہ تقریباً تین ماہ کی درآمدات کے لیے کافی ہیں لیکن چیلنج اس وقت سامنے آئے گا جب معاشی ترقی رفتار پکڑے گی اور درآمدات میں اضافہ ہونے سے زر مبادلہ کے ذخائر پر دباؤ آئے گا، اس کے لئے حکومت کو پیشگی حکمت عملی مرتب کرنی چاہیے تاکہ آنے والے مہینوں میں دوبارہ مشکلات کا سامنا نہ کرے۔ علی عمران آصف نے کہا کہ حکومت برآمدات اور ترسیلات زر میں اضافے کے تسلسل پر توجہ مرکوز کرے، اس وقت برآمدات کی گروتھ میں اس رفتار سے اضافہ نہیں ہو رہا جو ہماری ضرورت ہے۔ علی عمران آصف نے کہا کہ معیشت کی ترقی کے لئے سیاسی استحکام اور پالیسیوں کا تسلسل ناگزیر ہے

مراکش کشتی حادثے میں ملوث انسانی اسمگلروں کے خلاف بڑی کارروائی

لاہور (کرائم رپورٹر) مراکش کشتی حادثے میں ملوث انسانی اسمگلروں کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے ایف آئی اے نے مراکش کشتی حادثے میں ملوث انسانی اسمگلر کو گرفتار کر لیا۔ ایف آئی اے کا کہنا ہے کہ ملزم انصر کو گجرانوالہ سے گرفتار کیا گیا، ملزم انصر نے دیگر ساتھیوں کے ساتھ مل کر عامر علی کو اسپین بھجوانے کی کوشش کی، ملزمان نے متاثرہ شخص کے اہلخانہ سے ترپن لاکھ پچاس ہزار روپے ہتھیائے۔ ترجمان ایف آئی اے نے بتایا کہ ملزمان کی جانب سے متاثرہ شخص کو پہلے موریطانیہ بھجوایا گیا، ملزمان نے دیگر ساتھیوں کے ساتھ مل کر متاثرہ کو کشتی کے ذریعے اسپین اسمگلنگ کی کوشش کی، کشتی حادثے کے نتیجے میں متعدد پاکستانی جاں بحق ہوئے۔ کشتی حادثے میں متاثرہ شخص کو مراکش حکام نے ریسکیو کیا، متاثرہ عامر علی کا نام وزارت خارجہ کی جانب سے جاری کردہ فہرست میں شامل ہے

تین روزہ پاک فارما اینڈ ہیلتھ کیئر ایکسپو کا افتتاح، 100 کمپنیوں کے 400 سٹالز لگائے گئے

پاکستان میں فارما انڈسٹری کے فروغ سے ہی ملکی معیشت مستحکم ہوسکتی ہے، خواجہ عمران نذیر وزیر اعلیٰ مریم نواز نے اگلے 6 ماہ انڈسٹری کے فروغ کے لئے مختص کیئے ہیں

صوبائی وزیر صحت عوام کو معیاری ادویات کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے، خواجہ عمران نذیر کی میڈیا سے گفتگو

20th -22nd January, 2025
Pak Pharma & Healthcare Expo
Prime EVENT MANAGEMENT

لاہور: صوبائی وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر خواجہ عمران نذیر ایکسپو سینٹر میں پاک فارما اینڈ ہیلتھ کیئر نمائش کے دورہ کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر خواجہ عمران نذیر نے کہا ہے کہ پاکستان میں فارما انڈسٹری کے فروغ سے ہی ملکی معیشت مضبوط اور مستحکم ہوسکتی ہے۔ فارما انڈسٹری نے ملک میں اربوں روپے کی سرمایہ کاری کر رکھی ہے۔ پاک فارما اینڈ ہیلتھ کیئر نمائش سے ملکی فارما پراڈکٹس عالمی سطح پر متعارف کرانے میں معاون ثابت ہوگی۔ معیاری ادویات، مصنوعات، طبی الات، مشینری کی برآمد سے اربوں روپے کا قیمتی زرمبادلہ بچایا جاسکتا ہے۔ فارما انڈسٹری کے استحکام کے لئے ہر ممکنہ اقدامات کئے جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار خواجہ عمران نذیر نے ایکسپوسنٹر میں تین روزہ پاک فارما اینڈ ہیلتھ کیئر نمائش کے افتتاح کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ پاک فارما ہیلتھ کیئر نمائش کا اہتمام پاکستان فارماسوٹیکل مینوفیکچررز ایسوسی ایشن (پی پی ایم اے) نے کیا۔ نمائش میں ایک سو کمپنیوں کے 400 سٹالز لگائے گئے ہیں۔ نمائش میں چین، ارجنٹینا، انڈونیشیا اور ترکی کی کمپنیوں اور وفود نے شرکت کی۔ فارما پروسیسنگ، پیکجنگ، مشینری، لیبارٹری، ٹیسٹنگ سامان، رامٹیریل، ڈائگناسٹک سامان، سرجیکل آلات، مصنوعات اور ٹیکنالوجی کی نمائش کی جارہی ہے۔ خواجہ عمران نذیر پنجاب یونیورسٹی کالج آف فارمیسی سمیت مختلف کمپنیوں کے لگائے گئے سٹالز پر گئے اور انکی مصنوعات کا معائنہ کیا۔ صوبائی وزیر صحت نے فارما کمپنیوں کے سٹالز پر رکھے گئے پراڈکٹس کی تعریف کی۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ Pakistani buy,Be Pakistani پاکستانی بنو، پاکستانی مصنوعات خریدو کی سوچ اپنانا پڑے گی۔ خواجہ عمران نذیر کا کہنا ہے کہ غیر ملکی مصنوعات کی بجائے ملکی مصنوعات خریدنے کا کلچر کو پروان چڑھانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ملکی انڈسٹری کے فروغ کے لئے وفاقی اور صوبائی ادارے مل کر کام کر رہے ہیں۔ خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ صوبائی حکومت ہیلتھ اور ایجوکیشن کے شعبوں کی ترقی کے لئے دن رات کوشاں ہے۔ پنجاب میں 10 ماہ کے مختصر عرصہ میں 900 سے زائد ترقیاتی منصوبے زیر تکمیل ہیں۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب نے اگلے 6 ماہ انڈسٹری کے فروغ کے لئے مختص کیئے ہیں۔ خواجہ عمران نذیر نے واضح کیا کہ جعلی ادویات کی روک تھام کے لئے سخت مانیٹرنگ کا نظام نافذ العمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ جعلی ادویات کی خرید وفروخت میں ملوث عناصر کو آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ عوام کو معیاری ادویات کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے۔

ایس ایس پی انویسٹی گیشن لاہور محمد نوید کی اپنے دفتر میں کرائم میٹنگ منعقد کی

لاہور (کرائم رپورٹر) ایس ایس پی انویسٹی گیشن لاہور محمد نوید کی اپنے دفتر میں کرائم میٹنگ منعقد کی۔ کرائم میٹنگ میں کینٹ، سول لائن اور سٹی ڈویژنز کے انچارج انویسٹی گیشنز کی شرکت۔ پینڈنگ اور زیر التوائ مقدمات کی پراگرس رپورٹ کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ناقص کارکردگی کے حامل متعدد تھانوں کے انچارجز کو وارننگ اور شوکاز نوٹس جاری کیئے۔ ایس ایس پی انویسٹی گیشن لاہور محمد نوید نے کہا کہ فنانشل کرائم میں ملوث اشتہاری ملزمان کی گرفتاری کیلئے کارروائیاں مزید تیز کی جائیں ایس ایس پی انویسٹی گیشن کی افسران کو فنانشل کرائم کے مقدمات کے چالان جلد از جلد عدالتوں میں جمع کروانے کی ہدایات کی۔ ایس ایس پی انویسٹی گیشن لاہور محمد نوید نے کہا کہ خواتین سے ظلم وزیادتی، تشدد اور ہراسگی کے مقدمات کی تفتیش میں کوتاہی برداشت نہیں سنگین مقدمات میں ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری ہر صورت یقینی بنائیں چالانی تناسب میں بہتری کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ ایس ایس پی انویسٹی گیشن لاہور محمد نوید نے کہا کہ شواہد کی روشنی میں مضبوط چالان مرتب کر کے گنہگار کو سزا دلوائیں دوران تفتیش میرٹ پر سمجھوتا کسی صورت برداشت نہیں۔!

شہر میں چوری وڈکیتی کی متعدد وارداتیں، شہری لاکھوں سے محروم

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں چوری وڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں شہریوں سے لاکھوں روپے طلائی زیورات موبائل فون موٹرسائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان چھین لیا۔ تفصیلات کے مطابق باغبانپورہ میں افضال سے 1 لاکھ 50 ہزار روپے اور دیگر سامان، مصری شاہ میں فردوس سے 1 لاکھ 45 ہزار روپے اور موبائل فون، قائداعظم انڈسٹریل اسٹیٹ میں رحمان سے 1 لاکھ 35 ہزار روپے موبائل فون اور دیگر سامان۔ راوی روڈ میں امان اللہ سے 1 لاکھ 30 ہزار روپے اور موبائل فون، جنوبی چھاونی میں قدیر سے 1 لاکھ 25 ہزار روپے نقدی اور موبائل فون، نشتر کالونی میں عدیل سے 1 لاکھ 20 ہزار روپے موبائل فون اور دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔ ماڈل ٹاؤن اور شفیق آباد سے گاڑیاں جبکہ نولکھا مزنگ اور غالب مارکیٹ سے موٹر سائیکلیں چوری ہوگئیں۔

پاسپورٹ بنوانے والوں کیلئے اچھی خبر، فاسٹ ٹریک کا دائرہ کتنے شہروں تک بڑھادیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) پاسپورٹ بنوانے والوں کیلئے اچھی خبر، فاسٹ ٹریک کا دائرہ کتنے شہروں تک بڑھادیا گیا۔ پاسپورٹ کے لیے فاسٹ ٹریک کیٹگری کی سہولت کا دائرہ کار مزید 26 شہروں تک بڑھا دیا گیا۔ ڈائریکٹوریٹ آف امیگریشن اینڈ پاسپورٹس کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق پاکستان کے 47 شہروں میں فاسٹ ٹریک کیٹگری کے تحت پاسپورٹس بنوائے جا سکیں گے۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ اسلام آباد، کراچی، لاہور، پشاور اور کوئٹہ میں سہولت پہلے سے ہی میسر ہے جبکہ اب یہ سہولت اٹک، چکوال، سرگودھا، حافظ آباد، میانوالی، بھکر میں بھی میسر ہو گی۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ کوہاٹ، صوابی، سوات، ڈی آئی خان، بنوں، ہنگو، ایبٹ آباد، ہری پور بھی فہرست میں شامل ہوگئے ہیں۔ اس کے علاوہ مظفر آباد، میرپور آزاد کشمیر، باغ، کوٹلی، راولاکوٹ بھی فاسٹ ٹریک کیٹگری کا حصہ بن گئے ہیں۔

پنجاب حکومت کے ویژن کے مطابق ہارس اینڈ کیٹل شو 2025ء تاریخی ہوگا

لاہور (خبر نگار) پنجاب حکومت کے ویژن کے مطابق پی ایچ اے ہارس اینڈ کیٹل شو 2025 کا انعقاد فروری میں کریگا۔ ہارس اینڈ کیٹل شو کی رنگا رنگ افتتاحی تقریب 9 فروری کو فورٹریس اسٹیڈیم میں منعقد ہوگی جبکہ ہارس اینڈ کیٹل شو کی اختتامی تقریب 23 فروری کو گریٹر اقبال پارک میں ہوگی۔ ہارس اینڈ کیٹل شو 2025ء میں 16 تقریبات جن میں افتتاحی تقریب، فلوٹ ایکٹویٹی، پھولوں کی نمائش، ٹینٹ پیگنگ اینڈ ماؤنٹیڈ آرچر، کبڈی میچ، رستم پنجاب دنگل، میوزک اینڈ فوڈ فیسٹول، چلڈرن فیسٹول، صوفی فیسٹول، ایڈونچر سپورٹس ایونٹ، ونٹیج کار شو، سائیکلوتھون، پنجاب انڈسٹریز اینڈ آرٹیزن ایکسپو، ہارس اینڈ کیٹل شو، کلوز سرمنی، پبلک انٹرٹینمنٹ ایونٹ، کیٹل شو کی تقریبات ہوگی۔ تقریبات فورٹریس اسٹیڈیم، مال روڈ بیلو وارڈ گلبرگ، جیلانی پارک، لاہور پولو کلب، اوپن ایئر تھیٹر باغ جناح، حضوری باغ، لاہور فورٹ، ایکسپو سنٹر، مینار پاکستان، عبدالرزاق سٹیڈیم شاہدرہ لاہور میں منعقد ہوگی۔ پی ایچ اے کے زیر اہتمام کبڈی میچ، پھولوں کی نمائش، رستم پنجاب دنگل، میوزک اینڈ فوڈ فیسٹول، ایڈونچر سپورٹس ایونٹ کی تقریبات جیلانی پارک میں اور چلڈرن فیسٹول، پبلک انٹرٹینمنٹ ایونٹ کی تقریبات باغ جناح پارک میں منعقد ہوگی۔ اس حوالے سے ڈی جی پی ایچ اے محمد طاہر وٹو نے کہا کہ پنجاب حکومت کے ویژن کے مطابق ہارس اینڈ کیٹل شو 2025ء تاریخی ہوگا۔ ہارس اینڈ کیٹل شو میں پی ایچ اے کے زیر اہتمام تقریبات میں شہریوں کو بہترین سیر وتفریح کے مواقع فراہم کریں گے۔

لاہور شہر میں پہلی بائیکر لین کے قیام کے لیے تیزی سے کام جاری

ایل ڈی اے نے منصوبے پر پچاس فیصد کام مکمل کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر لاہور شہر میں پہلی بائیکر لین کے قیام کے لیے تیزی سے کام جاری ہے اور ایل ڈی اے نے منصوبے پر پچاس فیصد کام مکمل کر لیا ہے۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے چیف ٹریفک آفیسر ڈی آئی جی اطہر وحید کے ہمراہ فیروز پور روڈ کا دورہ کیا اور فیروز پور روڈ کے اطراف جاری کاموں کا جائزہ لیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے بتایا کہ 12 فٹ چوڑی بائیکر لین کو گرین پینٹ جبکہ ٹرنز پر اورنج پینٹ کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بائیکر لین سے موٹر سائیکل اور سائیکل سواروں کو بڑی سہولت ملے گی۔ سی ٹی او لاہور ڈی آئی جی اطہر وحید نے کہا کہ ٹریفک پولیس شہریوں کے تعاون سے ٹریفک کو منظم کرے گی۔ شہریوں کے ساتھ مل کر بائیکر لین کے کلچر کو پروموٹ کریں گے۔

گلشن راوی پولیس نے گن پوائنٹ پر وارداتیں

لاہور (کرائم رپورٹر) گلشن راوی پولیس نے گن پوائنٹ پر وارداتیں اور جھپٹا سنیچر گینگ کے 02 ارکان گرفتار کر لیے تفصیلات کے مطابق گلشن راوی پولیس نے سی سی ٹی وی فوٹیجز کی مدد سے گن پوائنٹ پر وارداتوں میں ملوث ملزمان بنیامین، حیدر علی کو گرفتار کر کے ان سے موبائل فونز، جیولری، لیپ ٹاپ، لیڈیز پرس، ہزاروں روپے نقدی، پستول 30 بور بمعہ گولیاں اور موٹر سائیکل برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے پولیس کا کہنا ہے کہ پولیس کو ملنے والی سی سی ٹی وی فوٹیجز میں ملزمان کو خواتین سے جھپٹا مار کر پرس چھینتے دیکھا جاسکتا ہے جبکہ ان سے وارداتوں میں استعمال ہونے والی اسلام پورہ سے چوری شدہ موٹر سائیکل نکلی ہے۔

لاہور پولیس نے تجاوزات کے خلاف حالیہ جاری مہم میں 32 افراد کو گرفتار کیا ہے

تجاوزات کے مرتکب عناصر کے خلاف مختلف تھانوں میں مقدمات درج کر لئے گئے ہیں

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور پولیس نے تجاوزات کے خلاف حالیہ جاری مہم میں 32 افراد کو گرفتار کیا ہے۔ تجاوزات کے مرتکب عناصر کے خلاف مختلف تھانوں میں مقدمات درج کر لئے گئے ہیں۔ یہ بات ترجمان لاہور پولیس نے گزشتہ روز یہاں جاری اپنے بیان میں کہی۔ ترجمان نے بتایا کہ کینٹ ڈویژن میں ناجائز تجاوزات کے 18، سول لائنز میں 07، صدر میں 04، سٹی ڈویژن میں 01 اور اقبال ٹاؤن میں 02 ملزمان کی گرفتاری عمل میں لائی گئی ہے۔ سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ نے کہا ہے کہ لاہور پولیس تجاوزات کے خاتمے کیلئے جاری آپریشن میں ضلعی انتظامیہ کی بھرپور معاونت کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تجاوزات کے خلاف آپریشن سے ٹریفک کے بہاؤ کو بہتر بنایا جا رہا ہے۔ سی سی پی او لاہور نے کہا کہ ناجائز تجاوزات کے مرتکب افراد کے خلاف بلاتفریق قانونی کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے۔ بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ تجاوزات کے خاتمے سے ٹریفک کی روانی میں بھی مدد ملے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیتے ہوئے تجاوزات سے گریز کریں۔

ڈولفن وپی آر یو کی ہفتہ وار کارکردگی رپورٹ جاری کردی

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈولفن وپی آر یو کی ہفتہ وار کارکردگی رپورٹ جاری کردی ایس پی ڈولفن شاہ میر خالد کا کہنا ہے کہ ہفتہ وار کاروائیوں کے دوران ڈولفن و پی آر یو ٹیموں نے ڈکیتی وچوری کی وارداتوں میں ملوث 20 ملزمان گرفتار کرکے ملزمان کے قبضہ سے 3 موٹر سائیکلیں و 7 موبائل اور اسلحہ برآمد کیا ہیلپ لائن پر موصول 1102 کالز پر فوری ریسپانس عمل میں لایا گیا سٹاپ اینڈ سرچ کے دوران 15 پستول، 2 رائفل، میگزین و متعدد گولیاں برآمد کیں گئیں جبکہ دوران پٹرولنگ 25 اشتہاری، 169 عادی مجرمان اور 34 عدالتی مفروران گرفتار کئے گئے۔ اس کے علاوہ منشیات فروشوں کے قبضہ سے 1500 گرام چرس، 49 شراب، بیئر کین، حقہ شیشہ برآمد کیے گئے 124 مشکوک گاڑیاں و موٹر سائیکلیں تھانوں میں بند جبکہ 283 اشخاص کے خلاف قانونی کارروائی کی گئی اور ون ویلنگ میں ملوث 18 جبکہ ہوائی فائرنگ میں ملوث 5 ملزمان گرفتار کر کے متعلقہ تھانوں کی پولیس کے حوالے کیے گئے۔

لاہور پولیس کا شہر بھر میں گداگری کی آڑ میں چھپے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن کرتے ہوئے چودہ روزہ آپریشن

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور پولیس نے شہر بھر میں گداگری کی آڑ میں چھپے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن کرتے ہوئے چودہ روزہ آپریشن کے دوران 736 بھکاریوں کو گرفتار کر لیا جن میں 701 مرد اور 31 خواتین شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق کارروائی کے دوران 4 سہولت کار بھی دھر لیے گئے جو منظم گروہوں کی پشت پناہی کر رہے تھے۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کے مطابق تمام گرفتار افراد کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے ہیں۔ فیصل کامران نے بتایا کہ کئی گرفتار بھکاری درحقیقت منشیات کے عادی تھے جو بھیک کے پردے میں منشیات فروشی جیسے سنگین جرائم میں ملوث تھے۔ پولیس نے ان افراد کو جیل بھجوانے کے ساتھ ساتھ ان کے نیٹ ورک سے متعلق ڈیٹا بھی اکٹھا کرنا شروع کر دیا ہے تاکہ ان کے سہولت کاروں کو کیفر کردار تک پہنچایا جاسکے۔ اُن کا کہنا تھا کہ شہر میں بھکاریوں کے نیٹ ورکس کو توڑنے کے لیے خفیہ ٹیمیں متحرک ہیں جبکہ سیف سٹی کیمروں کے ذریعے اہم مقامات، سگنلز اور بازاروں میں مشکوک سرگرمیوں پر کڑی نگرانی کی جارہی ہے۔

سبزہ زار کے علاقے میں واقع میاں عمر ڈولا کے فارم ہاؤس پر شیر کے پنجرے میں چلے جانے کی وجہ شہری شیر کے حملے میں زخمی ہوگیا

لاہور (کرائم رپورٹر) سبزہ زار کے علاقے میں واقع میاں عمر ڈولا کے فارم ہاؤس پر شیر کے پنجرے میں چلے جانے کی وجہ شہری شیر کے حملے میں زخمی ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق یہ واقع سبزہ زار کے علاقے میں واقع میاں عمر ڈولا کے فارم ہاؤس پر پیش آیا جہاں شہری عظیم شیر دیکھنے گیا۔ تاہم عظیم نے غلطی سے شیر کے پنجرے میں قدم رکھ لیا، جس کے نتیجے میں شیر نے حملہ کر دیا۔ شیر کے حملے میں عظیم کے سر، چہرے اور بازو پر شدید چوٹیں آئی ہیں۔ زخمی شہری کو فوری طور پر جناح ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ زیر علاج ہے۔

برکی پولیس کا منشیات سمگلنگ میں ملوث پولیس اہلکاروں پر مشتمل گینگ گرفتار، منشیات برآمد

لاہور (کرائم رپورٹر) برکی پولیس نے منشیات سمگلنگ میں ملوث پولیس اہلکاروں پر مشتمل گینگ گرفتار کرکے کروڑوں روپے مالیت کی منشیات برآمد کرلی پولیس ذرائع کے مطابق برکی پولیس نے خفیہ اطلاع پر کاروائی کے دوران منشیات فروشی میں ملوث کانسٹیبل طارق اور عثمان کو ساتھی سمیت گرفتار کر کے ملزمان سے 2 کروڑ مالیت کی ساڑھے 6 کلو سے زائد اعلیٰ کوالٹی کی ہیروئن بر ڈرون کیمرہ، نقدی، ویٹ مشین اور دیگر اشیا نقدی برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ ملزمان کا مفرور ساتھی شعیب بھی پولیس کانسٹیبل ہے، پولیس کانسٹیبل ڈولفن فورس اور کینٹ سرکل میں تعینات ہیں، گرفتار ہونے والے پولیس کانسٹیبل لاہور کے ایک پولیس افسر کے بھائی ہیں جو یونیفارم وسرکاری وسائل استعمال کر کے منشیات سمگلنگ کرتے تھے۔ دوران تفتیش ملزمان نے پشاور سے بزریعہ آن لائن منشیات منگوا کر مختلف اضلاع میں سپلائی دینے کا اعتراف کیا ہے

ڈی سی لاہور کی زیر قیادت پنجاب سوشیو اکنامک رجسٹری پروگرام کی پیش رفت

ضلعی انتظامیہ اور اسسٹنٹ کمشنرز کی جانب سے پروگرام کی کامیابی کے لیے فیلڈ میں سرگرمیاں رجسٹریشن کے عمل کو مزید موثر بنانے کے لیے ہدایات جاری

لاہور (خبر نگار) ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا کی ہدایت پر پنجاب سوشیو اکنامک رجسٹری (PSER) پروگرام کامیابی سے جاری ہے۔ ضلعی انتظامیہ اور تمام اسسٹنٹ کمشنرز اس پروگرام کی کامیابی کے لیے فیلڈ میں متحرک ہیں۔ اس سلسلے میں مختلف علاقوں میں رجسٹریشن کے عمل کا جائزہ لیا جا رہا ہے اور سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر نشتر محمد سلیم آسی نے نشتر زون میں PSER رجسٹریشن کے عمل کا معائنہ کیا۔ انہوں نے یونین کونسلز 247 اور 244 کا دورہ کیا اور رجسٹریشن کے عمل کو تسلی بخش قرار دیا۔ اسسٹنٹ کمشنر رائیونڈ زینب طاہر نے رائیونڈ میں یونین کونسل 265 کے دفتر کا معائنہ کیا جہاں سیکرٹری دفتر میں موجود تھے اور رجسٹریشن کا عمل جاری تھا۔ تاہم، انہوں نے سائلین کے لیے مناسب نشست کے انتظام کی ہدایت کی تاکہ انہیں کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ اسسٹنٹ کمشنر صدر عبدالباسط صدیقی نے صدر میں یونین کونسل 195 کا معائنہ کیا۔ معائنے کے دوران نشست کے ناقص انتظامات پر انہوں نے برہمی کا اظہار کیا اور فوری طور پر مناسب انتظامات کرنے کی ہدایت کی۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ نے فوری اقدام کرتے ہوئے یونین کونسل 195 میں کرسیاں فراہم کر دیں۔

لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی میں فرنیچر ڈیزائن ایکسپو کا آغاز

صدر ویمن چیمبر آف کامرس فکاحت عمران نے افتتاح کیا۔ اچھوتے ڈیزائن پیش کئے گئے

ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری فلاحت عمران لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی میں فرنیچر ڈیزائن ایکسپو میں ایک طالبہ کی تیار کردہ خود کار موبائل چارجنگ ٹیبل کا معائنہ کر رہی ہیں

لاہور (خبر نگار) لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی میں فرنیچر ڈیزائن ایکسپو 2025 کا آغاز ہو گیا۔ تین روزہ نمائش کا افتتاح مہمان خصوصی صدر ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری لاہور فلاحت عمران نے کیا۔ نمائش کا اہتمام ویژیول آرٹس ڈیپارٹمنٹ، خدیجۃ الکبریٰ انکیوبیشن سنٹر BIC اور یو ایس اے آئی ڈی USAID-HESSA کے نمائندوں نے باہمی تعاون سے کیا۔ وائس چانسلر لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر عظمیٰ قریشی نے مہمان خصوصی کو بتایا کہ بزنس انکیوبیشن سنٹر مختلف ڈیپارٹمنٹس سے مل کر طالبات کی کیپسٹی بلڈنگ اور انٹرپینورشپ پر توجہ دے رہا ہے۔ تعلیمی اداروں اور انڈسٹری میں ربط تعلیم اور صنعت دونوں کیلئے انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ ہیڈ آف ویژیول ڈیپارٹمنٹ لاہور پروفیسر ڈاکٹر معصومہ عباس نے بتایا کہ نمائش کا مقصد طالبات کی صلاحیتوں کو سامنے لانا ہے۔ طالبات نے جدید دور کے تقاضوں کے مطابق فرنیچر کے ڈیزائن پیش کئے ہیں جس سے فرنیچر انڈسٹری کو مفید رہنمائی اور آئیڈیاز مل سکتے ہیں۔ نمائش میں پیش کئے گئے فرنیچر سے گریجوایٹس کو کاروبار شروع کرنے میں مدد ملے گی

فیصل ٹاؤن پولیس نے سوشل میڈیا پر اسلحہ کی نمائش کرنے والا ملزم گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) فیصل ٹاؤن پولیس نے سوشل میڈیا پر اسلحہ کی نمائش کرنے والا ملزم گرفتار کر لیا ترجمان کے مطابق فیصل ٹاؤن پولیس نے اسلحہ نمائش، ہوائی فائرنگ کی متعدد ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل کرنے والے ملزم سٹاپ اینڈ سرچ میتھڈ کے دوران مڑیاں سٹاپ سے گرفتار کر کے ملزم شعیب سے پستول برآمد کر کے مقدمہ درج کر کے اسے مزید تفتیش کے لیے انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا پولیس کا کہنا ہے کہ وائرل وڈیو میں ملزم کو ہوائی فائرنگ کرتے دیکھا جاسکتا ہے۔

صوبائی دارالحکومت لاہور میں مزید 3 پاسپورٹ دفاتر کھول دیئے گئے

لاہور (خصوصی خبر نگار) صوبائی دارالحکومت لاہور میں مزید 3 پاسپورٹ دفاتر کھول دیئے گئے۔ ڈائریکٹر پاسپورٹ لاہور ریجن خالد عباس نے کہا ہے کہ تینوں نئے پاسپورٹ دفاتر نادرا کے پہلے سے موجود دفاتر میں کھولے گئے ہیں، نادرا میگا سنٹر ایجرٹن روڈ، سانده سنٹر اور پیکو روڈ سنٹر میں عوام کو پاسپورٹ بنوانے کی سہولت میسر ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ ایجرٹن روڈ میگا سنٹر میں 24 گھنٹے جبکہ سانده اور پیکو روڈ دفاتر میں رات 10 بجے تک پاسپورٹ بنانے کی سہولت میسر ہوگی،

ڈی سی لاہور کی قیادت میں لاہور ڈویلپمنٹ پلان پر عمل درآمد تیز

شہری ترقی کے منصوبوں کی بروقت تکمیل اولین ترجیح معیار اور شفافیت کو یقینی بنانے کی سخت ہدایات

لاہور (خبر نگار) ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا کی خصوصی توجہ اور ہدایات کے تحت لاہور ڈویلپمنٹ پلان (LDP) پر عمل درآمد تیزی سے جاری ہے۔ ضلعی انتظامیہ اور اسسٹنٹ کمشنرز شہر بھر میں جاری ترقیاتی کاموں کی نگرانی کر رہے ہیں تاکہ منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جاسکے۔ اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر نشتر محمد سلیم آسی نے عیساپک ٹیم کے ہمراہ یونین کونسلز 251 اور 240 کا دورہ کیا۔ انہوں نے جاری کاموں کا جائزہ لیا اور موقع پر موجود عملے کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ اسسٹنٹ کمشنر راوی طارق شبیر نے یونین کونسل 17 اور 37 میں جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے یونین کونسل 22 میں جاری ترقیاتی سکیم کا بھی دورہ کیا اور کام کی رفتار کو مزید تیز کرنے کی ہدایت کی۔ اسسٹنٹ کمشنر سٹی بابر علی رائے کی زیر صدارت داتا گنج بخش زون میں لاہور ڈویلپمنٹ پلان پر ایک پیش رفت میٹنگ منعقد ہوئی۔ اس میٹنگ میں جاری منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اور ٹھیکیداروں کو کام کی رفتار بڑھانے کی ہدایت کی گئی۔ یونین کونسل 74 میں ٹف ٹائلز لگانے کا کام جاری ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر شالیمار ڈاکٹر انعم فاطمہ نے یونین کونسل 154 میں جاری کام کا جائزہ لیا اور ترقیاتی کاموں کی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔

ایک کروڑ سے زائد مالیت کا چوری شدہ سامان برآمد

انویسٹی گیشن چوہنگ کی مشترکہ کارروائی کرکے ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے مختلف وارداتوں میں ایک کروڑ سے زائد مالیت کی جیولری، فارن کرنسی اور کیش چوری برآمد کرلیا

لاہور (خالد صدانی سے) ایک کروڑ سے زائد مالیت کا چوری شدہ سامان برآمد، 2 ملزمان کراچی سے گرفتار لاہور انویسٹی گیشن ٹاؤن شپ اور انویسٹی گیشن چوہنگ کی مشترکہ کارروائی کرکے ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے مختلف وارداتوں میں ایک کروڑ سے زائد مالیت کی جیولری، فارن کرنسی اور کیش چوری برآمد کرلیا پیشہ ور گرفتار ملزمان میں محمد شہباز اور اس کا ساتھی طیب شامل شامل ہیں ملزمان مدعی مقدمات کے گھروں سے جیولری، US اور کینیڈین ڈالرز سمیت پاکستانی کرنسی چوری کرکے فرار ہوگئے تھے جسے پولیس نے ملزمان سے چوری ہونے والا تمام سامان برآمد کرلیا گیا ملزمان 3 روز جمعہ، ہفتہ اور اتوار وارداتیں کرنے کے لیے کراچی سے لاہور آتے تھے انویسٹی گیشن پولیس ٹاؤن شپ اور چوہنگ نے ملزمان کو کراچی سے گرفتار کر کے مال مسروقہ برآمد کیا، ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید نے بتایا سامان کی برآمدگی اور ملزمان کی گرفتاری کیلئے سی سی ٹی وی کیمروں، ہیومن انٹیلی جنس سمیت جدید ٹیکنالوجی کی مدد لی گئی ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید نے برآمد ہونے والا سامان اصل مالکان کے سپرد کیا اپنے سامان کی واپسی پر مدعیان کا ایس ایس پی انویسٹی گیشن اور پولیس ٹیمز کا شکریہ کے ساتھ نیک تمناؤں کا اظہار شہریوں کے جان ومال کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے، ایس ایس پی انویسٹی گیشن جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی

CAPITAL CITY POLICE LAHORE

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:20
فجر	6:10
ظہر	1:30
عصر	4:15
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:00

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت
لاہور

بہتر سہولیات کی فراہمی کیلئے حکومت دن رات کوشاں ہے: ڈپٹی کمشنر

ضرورت اس امر کی ہے کہ ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل سٹاف بھی اپنی ذمہ داریاں دیانتداری کے ساتھ ادا کرے تاکہ دکھی انسانیت کی زیادہ سے زیادہ خدمت کی جاسکے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم پیرا سے) ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود نے کہا ہے کہ صحت کے نظام کو بہتر بنانے اور عوام کو بہتر سے بہتر طبی سہولتوں کی فراہمی کے لیے حکومت دن رات مصروف عمل ہے ،ضرورت اس امر کی ہے کہ ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل سٹاف بھی اپنی ذمہ داریاں دیانتداری کے ساتھ ادا کرے تاکہ دکھی انسانیت کی زیادہ سے زیادہ خدمت کی جاسکے ۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنمنٹ حاجی عبدالقیوم ڈی ایچ کیو ہسپتال کی ہیلتھ کونسل کے اجلاس میں کیا جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو و فنانس اعتزاز اسلم مارتھ، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر اظہر نقوی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد طاہر اور ایم ایس ڈاکٹر محمد سلیم گوندل سمیت دیگر متعلقہ افسران نے بھی شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے کہا کہ عوام کے مسائل کو فوری بنیادوں پر حل کرنے میں سنجیدگی دکھائیں اور منصوبوں کے نفاذ میں رکاوٹیں جلد دور کریں تاکہ حکومتی وسائل کا بہتر استعمال کر کے عوام کی بہترین طبی سہولتوں تک آسان رسائی کو یقینی بنایا جاسکے ۔اجلاس میں گورنمنٹ حاجی عبدالقیوم ڈی ایچ کیو ہسپتال میں عوام کو بہتر طبی خدمات فراہم کرنے کے لیے مختلف اقدامات کے نفاذ پر غور کیا گیا اور انہیں پایہ تکمیل تک پہنچانے میں حائل رکاوٹوں پر قابو پانے کے لیے ہیلتھ کونسل میں پیش کیے گئے ایجنڈوں پر تفصیلی غور کیا گیا اور ممبران کی رائے سے بعض ایجنڈے منظور جبکہ بعض میں مزید بہتری کیلئے احکامات بھی جاری کے گئے۔

محمد اعظم رضا راول کی سابق صوبائی وزیر سردار دلدار احمد چیمہ سے خصوصی ملاقات

ملاقات میں معروف سیاسی شخصیت چوہدری امجد گجر، سردار مبشر حیات، رانا نواز بھی موجود تھے

سمندری (تحصیل رپورٹر) سمندری پریس کلب کے جنرل سیکرٹری محمد اعظم رضا راول کی سابق صوبائی وزیر سردار دلدار احمد چیمہ سے خصوصی ملاقات سیاسی صورت حال سمیت باہمی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال۔تفصیلات کے مطابق معروف سماجی و سیاسی شخصیت سابق صوبائی وزیر سردار دلدار احمد چیمہ سے سمندری پریس کلب کے جنرل سیکرٹری محمد اعظم رضا راول، معروف سیاسی شخصیت چوہدری امجد گجر، سردار مبشر حیات کی پارک لین ہوٹل لاہور میں خصوصی ملاقات ہوئی جس میں سمندری سمیت مجموعی سیاسی صورت حال سمیت باہمی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا،اس موقع پر رانا محمد نواز خاں بھی موجود تھے۔

پورے پینل کی کامیابی وکلاء برادری کے بھرپور اعتماد کا مظہر ہے: عبدالمتین اعوان

چوہدری شرافت علی ناہرا ایڈووکیٹ بطور صدر گوجرانوالہ بار وکلاء برادری کے خدمت کیلئے تاریخ رقم کرینگے

ملک عبدالمتین اعوان — چوہدری شرافت علی ناہرا ایڈووکیٹ — راجہ عبدالمقیت خاں ایڈووکیٹ — عرفان رفیق ایڈووکیٹ — شیزہ امجد رانا ایڈووکیٹ

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنماء ملک عبدالمتین اعوان سابق چیئرمین یونین کونسل (5) نے کہا ہے کہ پورے پینل کی کامیابی وکلاء برادری کے بھرپور اعتماد کا مظہر ہے ۔چوہدری شرافت علی ناہرا ایڈووکیٹ بطور صدر گوجرانوالہ بار وکلاء برادری کے خدمت کیلئے تاریخ رقم کرینگے اور بار اور بنچ کے درمیان بہتر تعلقات کیلئے مثالی کردار ادا کرینگے ۔انہوں نے کہا کہ امید ہے کہ نئی رجیم وکلاء کی فلاح و بہبود اور کالے کوٹ کے وقار کے لئے اپنا رول پلے کرینگے ۔گوجرانوالہ بار ایسوسی ایشن کے نو منتخب عہدیدار ہمارا سرمایہ افتخار ہیں۔شعبہ قانون سے وابستہ خواتین وحضرات نے انتہائی جمہوری ماحول میں اور صحت مندانداز سے اپنے ووٹ کا حق استعمال کیا ۔گوجرانوالہ بار ایسوسی ایشن کے الیکشن میں چوہدری شرافت علی ناہرا ایڈووکیٹ راجہ عبدالمقیت خاں ایڈووکیٹ 'عرفان رفیق ایڈووکیٹ 'شیزہ امجد رانا ایڈووکیٹ و دیگر کا انتخاب تازہ ہوا کا جھونکا ہے ۔چوہدری شرافت علی ناہرا ایڈووکیٹ بطور صدر گوجرانوالہ بار وکلاء برادری کی خدمت کیلئے تاریخ رقم کرینگے اور بار اور بنچ کے درمیان بہتر تعلقات کیلئے مثالی کردار ادا کرینگے۔

ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈی نیشن کمیٹی کا اجلاس

اجلاس میں سی ای او ایجوکیشن نے تعلیمی اداروں میں بہتری کے حوالے سے بریفنگ دی اور بتایا کہ سکولوں کو ماڈل بنانے پر کام جاری ہے

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر اور ممبر صوبائی اسمبلی کرنل غضنفر عباس قریشی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کیپٹن ر بلال افتخار کیانی، مولانا محمد آصف معاویہ ،امیر عباس سیال، سابق ممبر صوبائی اسمبلی خالد غنی، محمد اکرم بھروانہ، سابق ممبر صوبائی اسمبلی فیصل حیات جبوآنہ، سابق ممبر صوبائی اسمبلی شیخ محمد یعقوب اور ضلعی محکموں کے سربراہان بھی میٹنگ میں موجود تھے ۔محکمہ بلڈنگ کے افسران نے ضلع کے 26 ہیلتھ مراکز کی ریومپنگ کے جاری کام کی پیش رفت بارے بریفنگ دی۔ سی ای او ایجوکیشن نے تعلیمی اداروں میں بہتری کے حوالے سے بریفنگ دی اور بتایا کہ سکولوں کو ماڈل بنانے پر کام جاری ہے ۔سکولوں میں تدریسی امور ، رومز کی صفائی ،کمروں اور چار دیواری کی مرمت اور وائٹ واش سمیت داخلہ مہم میں بچوں کی زیادہ سے زیادہ تعداد بڑھانے کے حوالہ سے اقدامات بارے آگاہ کیا گیا۔سی او ایجوکیشن نے بریفنگ کے دوران بتایا کہ خستہ حالی کا شکار سکولوں کی بلڈنگ کی اپ گریڈیشن کیلئے اعلیٰ حکام کو کیس بھیجا گیا ہے۔محکمہ ہائی وے کے افسران کی جانب سے جاری ترقیاتی کاموں کے حوالہ سے تفصیلی بریفنگ دی گئی اور روڈ سیکٹر کی سکیموں پر جاری کام کی پیش رفت سے آگاہ کیا گیا۔محکمہ بلڈنگ کے افسران نے منڈی شاہ جیونہ میں ریسکیو 1122 کی نئی تعمیر ہونے والی بلڈنگ بارے بھی آگاہ کیا۔محکمہ صحت کے افسران کی جانب سے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کی میڈیکل ایمرجنسی اور کارڈک ایمرجنسی کیلئے فنڈز جاری کروانے کے بارے میں بھی آگاہ کیا گیا۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلع بھر میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر گڈ گورننس اور شفافیت کے حوالے سے اقدامات جاری ہیں

سمگلروں کو بھاگنے نہیں دیں گے۔ کلکٹر تیمور کمال ملک

کلکٹر انفورسمنٹ فیصل آباد تیمور کمال ملک کی ہدایات پر ایڈیشنل کلکٹر فلک شیر ڈپٹی کلکٹر اکمل شہزاد درانی کی اپنے سٹاف کے ہمراہ اینٹی سمگلنگ کاروائی

فیصل آباد (ترجمان لیاقت کمال) سمگلنگ کے روک تھام کے لئے کاروائیاں کرتے رہیں گے۔یہ بات کلکٹر تیمور کمال ملک نے فیصل آباد میں تقریبا 15 کروڑ روپے کی مالیت کے سمگل شدہ مال کو برآمد کرتے ہوئے کہی۔ یہ کاروائیاں سرگودہ روڈ جامعہ چشتیہ چوک سکا ٹاور ٹائر مارکیٹ، مکی مارکیٹ اور غلہ منڈی میں کی گئیں۔پکڑے جانے سامان میں غیر ملکی ٹائر، خواتین کا کپڑا، گروسری اور دیگر ممنوعہ دیگر اشیاء شامل ہیں۔ جبکہ ٹائرز کے دو ڈالے جامعہ چشتیہ ٹائر مارکیٹ سے پکڑ کے ضبط کر لیا گیا۔انفورسمنٹ ٹیم نے فیصل آباد میں بھر پور کاروائیوں کا اعادہ کیا ہے۔

چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن اعجاز ملک قابل آفیسر ہیں۔ بلال قیصر

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سی او ایم سی ایک کہنہ مشق قابل و محنتی آفیسر ہیں۔سکندر علی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر سیالکوٹ میونسپل کارپوریشن محمد اعجاز ملک کی زیر قیادت ایڈمنسٹریشن و ماتحت عملہ تندہی و مستعدی سے فرائض منصبی کی انجام دہی کر رہا ہے۔ وہ انفرااسٹرکچر ہو یا اینٹی انکروچمنٹ سیل و سپرنٹنڈنٹ کارپوریشن الغرض میونسپل کارپوریشن سیالکوٹ کا کوئی بھی شعبہ ہمارے تمام سرکاری آفیسران، ماتحت عملہ و فیلڈ آفیسرز و عملہ مستعدی کیساتھ اپنے فرائض کی انجام دہی کر رہا ہے۔ان باتوں کا اظہار میونسپل آفیسر آئی این ایس بلال قیصر و پی اے ٹو ڈی او ایم سی سکندر علی نے اپنے میڈیا بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ سیالکوٹ کے شہریوں کی خدمت کیلئے ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ و ایڈمنسٹریٹر سیالکوٹ کی ہدایات پر عمل پیرا ہیں اور سیالکوٹ کے طول و ارض میں عملہ مستعدی کیساتھ اپنے فرائض منصبی ادا کر رہا ہے۔

قصور اور اس کے نواح میں لڑائی جھگڑے اور فائرنگ کے دو مختلف واقعات میں دو افراد زخمی

قصور (بیورو چیف) قصور اور اس کے نواح میں لڑائی جھگڑے اور فائرنگ کے دو مختلف واقعات میں دو افراد زخمی، پولیس نے الگ الگ دونوں مقدمات درج کر لیے۔کیلوں کا رہائشی جنید پیرووالا روڈ نجی سکار سکول کے قریب جا رہا تھا کہ نامعلوم وجوہات پر نامعلوم نے فائرنگ کر دی، ایک فائر کمر میں لگنے سے وہ شدید زخمی ہوگیا، پولیس تھانہ صدر مصروف کاروائی ہے۔ بھگیانہ کلاں کے رہائشی فریق اول اکرم اور انتظار عرف کالو فریق دونوں میں معمولی تلخ کلامی ہوئی جس پر دونوں میں لڑائی جھگڑا شروع ہوگیا اور طیش میں آکر انتظار نے 30 بور کے پسٹل سے فائر مار کر اکرم کو مضروب کر دیا ہے۔ پولیس تھانہ صدر پھولنگر مصروف کاروائی ہے۔

پاکستان کارگو سروسز کو بہترین لاجسٹکس ایوارڈ سے نوازا گیا

بہترین پرفارمنس ایوارڈز بہترین ٹیم ورک کی بدولت ہے۔ CEO محمد یوسف

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) پاکستان کارگو سروسز کو لاجسٹکس سروسز میں بہترین کارکردگی کی بنیاد پر بیسٹ لاجسٹکس ایوارڈ سے نوازا گیا۔ یہ پہلی بار نہیں کہ ورلڈ فیمس پاکستان کارگو سروسز کو بیسٹ لاجسٹکس سروسز ایوارڈ ملا جو کہ دنیا بھر میں سی پورٹ/ بائی ایئر ہو یا پھر بائی روڈ محفوظ ترین و تیز رفتار کارگو سروسز کی بروقت ٹرانسپورٹیشن پر پاکستان کارگو سروسز کو ملکی و بین الاقوامی بیسٹ پرفارمنس ایوارڈز مل چکے ہیں ۔اس موقع پر میڈیا وال پر چیف ایگزیکٹو آفیسر پاکستان کارگو سروسز محمد یوسف نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ میں اس کامیابی کے موقع پر اللہ تعالیٰ کا بیشمار شکر بجا لاتے ہیں جس ذات کے فضل و کرم سے پاکستان کارگو سروسز آج دنیا بھر میں اپنی بہترین لاجسٹکس سروسز کیوجہ سے جانا پہچانا جاتا ہے ۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اس کامیابی کا کریڈٹ صرف محمد یوسف نہیں بلکہ پاکستان کارگو سروسز کی تمام شہروں و ممالک میں موجود مینجمنٹ نیٹ ورک کے ٹیم ورک کا نتیجہ ہے۔

شہر کے تمام قبرستانوں کی مکمل صفائی کی ہدایت کردی: کمشنر ساہیوال

بازاروں میں جاری تجاوزات کے خلاف مہم کو بھی تیز کرنے اور اسے منطقی انجام تک پہنچانے کی ہدایت کی

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم پیرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے شہر کے تمام قبرستانوں کی مکمل صفائی کی ہدایت کردی، کارپوریشن کا عملہ مرحلہ وار صفائی کو یقینی بنائے اور ان قبرستانوں کے اردگرد بھی صفائی کی جائے، کمشنر کی ہدایت ۔وہ یہاں اپنے دفتر میں پسپ پروگرام اور میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے تھے جس میں ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، ڈائریکٹر پی ایچ اے نیاز احمد، چیف آفیسر کارپوریشن شیخ اشفاق احمد سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔انہوں نے شہر کے بازاروں میں جاری تجاوزات کے خلاف مہم کو بھی تیز کرنے اور اسے منطقی انجام تک پہنچانے کی ہدایت کی۔

غریب بچے بہتر مستقبل کیلئے غیر قانونی طریقے سے بیرون ممالک جاتے ہیں: گورنر پنجاب

یہ بہت اہم مسئلہ ہے جس پر ایکشن لینے اور انسانی اسمگلنگ میں ملوث لوگوں کو کیفر کردار تک پہنچانے کی اشد ضرورت ہے



اسلام آباد (شیروز میاں سے) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ امجد صدیق کی کتاب” جاپان کہانی “ آج کا برننگ ایشو ہے، غریب بچے اپنے بہتر مستقبل کے خواب سجائے اپنی جمع پونجی لگا کر بیرون ممالک جاتے ہیں مگر غیر قانونی طریقے اپنانے سے اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں، یہ بہت اہم مسئلہ ہے جس پر ایکشن لینے اور انسانی اسمگلنگ میں ملوث لوگوں کو کیفر کردار تک پہنچانے کی اشد ضرورت ہے، جب تک اس مسئلے پر جزا وسزا کا سلسلہ شروع کرنا پڑے گا،اس ملک کی عزت اور وقار کیلئے سب کو کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے،گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے ان خیالات کا اظہار نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں معروف صحافی اور مصنف امجد صدیق کی دوسری تصنیف ” جاپان کہانی “ کی تقریب رونمائی سے خطاب کرتے ہوئے کیا، ان کا مزید کہنا تھا کہ نیشنل پریس کلب کو اپنا گھر سمجھتا ہوں، این پی سی کے تمام عہدیداروں، افضل بٹ اور امجد صدیق کا شکر گزار ہوں جنہوں نے اس کتاب کی رونمائی کیلئے مدعو کیا، تقریب رونمائی میں شرکت کو اپنے لئے اعزاز سمجھتا ہوں،گورنر پنجاب نے مزید کہا کہ امجد صدیق کی اس کتاب کا موضوع آج کا برننگ ایشو ہے، آئے روز ہونے والے کشتی حادثوں میں جاں بحق ہونے والوں میں پاکستانی ضرور شامل ہوتے ہیں جو کہ انتہائی افسوسناک بات ہے،غربت کی وجہ سے بچے اور انکے والدین زندگی بھر کی اپنی جمع پونجی خرچ کر کے اپنے بچوں کو بہتر مستقبل کیلئے بیرون ممالک بھجتے ہیں جو بدقسمتی سے اکثر حادثات کا شکار ہو کر اپنے زندگیوں سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں، ڈنکی لگا کر ہمارے بچے باہر جاتے ہیں وہ صرف غربت کی وجہ سے نہیں جاتے 50 یا 60 لاکھ روپے لگا کر جان خطرے میں ڈال دیتے ہیں، اگر یہ بچے ان پیسوں سے پاکستان میں ہی بزنس کریں تو اچھا کما سکتے ہیں، جب حادثے ہوتے ہیں تو ہم سب بیان دیتے ہیں، صرف چار ضلعوں کے ہی زیادہ بچے ڈنکی لگاتے ہیں انسانی اسمگلر کالی بھیڑوں کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں، ایف آئی اے سمیت دیگر اداروں میں موجود لوگ انسانی اسمگلر سے ملے ہوئے ہیں، یہ بہت اہم مسئلہ ہے جس پر حکومت کو خاص توجہ دینے کی اشد ضرورت ہے، آج سے بیس سال قبل پاکستان کے پاسپورٹ کی عزت ہے، ہم نے غیر ذمہ داری سے اپنا وقار مجروح کیا ان چیزوں کو نصاب میں شامل کر کے بچوں کو بتانا چاہیے اداروں سے پوچھنا چاہیے کہ کیوں یہ بار بار ہوتا ہے جہاں بھی کشتی ڈوبتی ہے پاکستانی مارے جاتے ہیں انسانی اسمگلر کو نشان عبرت بنانا چاہیے، جب تک ہمارے قانون میں سے لوگوں کو راستے ملتے رہیں گے کوئی بہتری نہیں آسکتی، اللہ نے پاکستان کو ہر طرح کی معدنیات سے نوازا ہے خرابی ہمارے اندر موجود ہے

ہمت کارڈ کا اجراء وزیر اعلیٰ پنجاب کا سب سے بڑا کارنامہ ہے: اقبال ہرناہ

جس میں معاشرے کے سب سے زیادہ توجہ کے مستحق جسمانی معذوری کے شکار افراد کی مالی کی جارہی ہے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) رکن صوبائی اسمبلی رانا عارف اقبال ہرناہ نے کہا ہے کہ ہمت کارڈ کا اجراء وزیر اعلیٰ پنجاب کا سب سے بڑا کارنامہ ہے، تاریخ میں پہلی مرتبہ معذور افراد کی کفالت کیلئے مربوط اور جامع پروگرام شروع کیا گیا ہے جس میں معاشرے کے سب سے زیادہ توجہ کے مستحق جسمانی معذوری کے شکار افراد کی مالی کی جارہی ہے، بطور عوامی نمائندہ میری کوشش ہے کہ حلقہ میں کوئی ایک بھی ایسا معذور فرد جو اس فلاحی پروگرام کی شرائط وضوابط پر پورا اترتا ہے اس کو اس پروگرام کے تحت سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ میں رجسٹرڈ کیا جائے تاکہ حقداروں تک ان کا حق پہنچ سکے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج سوشل ویلفیئر کمپلیکس سیالکوٹ میں چودھری اکبر علی گل کے ہمراہ معذور افراد میں ہمت کارڈز اور پہلی سہ قسط کی تقسیم کرتے ہوئے کہی۔ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر شریف گھمن اور ارم شہزادی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر شریف گھمن نے کہا کہ ضلع سیالکوٹ میں پہلے مرحلے میں ضلع سیالکوٹ کے 990 افراد کو ہمت کارڈز جاری کئے گئے جبکہ دوسرے مرحلے کے دوران مزید 638 افراد افراد کو ہمت کارڈ دیئے جا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہمت کارڈ کی تصدیق کیلئے ہمارے افسران نے ڈور اسٹیپ پر جا کر درخواست دہندہ کی فزیکل ویری فیکیشن کیں اور گھر پر بھی ان کی اکاؤنٹ بھی کھلوائے گئے۔انہوں نے کہا کہ پراسس انتہائی شفاف رکھا گیا ہے۔

تجاوزات کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

جھنگ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر ضلع بھر میں تجاوزات کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے ۔اس حوالہ سے ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے ریل بازار، کوٹ روڈ اور ایوب چوک کا دورہ کیا۔اس دوران انہوں نے بازاروں میں تاجروں اور دوکانداروں کو اعلانات کروا کے فوری طور پر تجاوزات ختم کرنے کے احکامات جاری کئے۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ بازاروں اور اہم شاہراہوں سے تجاوزات کے مکمل خاتمے کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

تمام سیاسی جماعتوں کو معاشی ترقی کی جدوجہد میں ساتھ لیکر چلنا حکومت کی ذمہ داری ہے: میاں خالد محمود

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) استحکام پاکستان پارٹی کے مرکزی ایڈیشنل جنرل سیکرٹری و سابق صوبائی وزیر میاں خالد محمود نے کہا ہے کہ تمام سیاسی جماعتوں کو معاشی ترقی کی جدوجہد میں ساتھ لیکر چلنا حکومت کی ذمہ داری ہے مگر اپوزیشن کو بھی اس عمل میں بڑھ چڑھ کر کردار ادا کرنا ہوگا پی ٹی آئی کی قیادت حکومت سے جاری مذاکرات کو سیاسی مفادات تک محدود نہ رکھے بلکہ اس میں معاشی ترقی کے اقدامات پر اپنے کردار کا تعین کرنے کی بھی کھل کر بات کی جائے تاکہ ملکی معیشت کی بہتری کیلئے ملکر کردار ادا کیا جاسکے، ملک کو موجودہ معاشی بحران سے نکالنے کیلئے سیاسی جماعتوں کے قائدین سنجیدگی کا مظاہرہ کریں اور باہمی تنازعات و اختلافات پس پشت ڈال کر ملکی ترقی و عوامی خوشحالی کیلئے متحد ہو کر آگے بڑھیں سیاسی محاذ آرائی سے کچھ حاصل نہیں ہوگا اس سے ملکی مسائل مزید بڑھیں گے اور معاشی استحکام کی کوششوں کو نقصان پہنچے گا جو ملک وقوم کے حق میں قطعی بہتر نہیں سیاستدان دور اندیشی کا مظاہرہ کریں اور متحد ہو کر ملکی مفادات کی خاطر کردار ادا کریں، ملک کو اس وقت سیاسی اور معاشی استحکام کی اشد ضرورت ہے جسے یقینی بنانا سیاسی قائدین کی ذمہ داری ہے سیاستدان باہمی جھگڑوں کو ترک کر کے آگے بڑھیں گے تو اداروں کی بھی کارکردگی بہتر ہوگی

ڈی پی ایم اے چنیوٹ کے وفد کی نومنتخب صدر بار ایسوسی ایشن مہر مقصود احمد ہرل کو مبارکباد

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈی پی ایم اے چنیوٹ کے وفد کی نو منتخب صدر بار ایسوسی ایشن مہر مقصود احمد ہرل کو مبارکباد تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پرنٹ میڈیا ایسوسی ایشن رجسٹرڈ چنیوٹ کے چیئرمین پیرزادہ اقبال حسین سیکرٹری اطلاعات شیخ جہانگیر احمد چنیوٹی دیگر سینئر ممبران رانا اکمل وسیم شیخ محمد عثمان اور سلیمان خان نو منتخب صدر بار ایسوسی ایشن چنیوٹ مہر مقصود احمد ہرل ایڈووکیٹ کو مبارکباد دیتے ہوئے اس موقع پر صدر بار ایسوسی ایشن چنیوٹ مہر مقصود احمد ہرل ایڈووکیٹ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں وکلا برادری کے حقوق کے لیے ہر سطح پر اقدامات کروں گا میڈیا کے ساتھ مل کر شہری مسائل کو حل کریں گے تمام وکلاء برادری کا مشکور ہوں کہ انہوں نے مجھے عزت دی اور مجھے منتخب کیا انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ وکلا برادری نے مجھ پر جس اعتماد کا اظہار کیا ہے

ظفرآباد: 3500 میٹر طویل سیوریج سسٹم کا افتتاح

منصوبہ نوید اسلم خان لودھی اور محترمہ عائشہ ارشد خان لودھی کے انتخابات کے دوران عوام سے کیے گئے وعدے کی تکمیل ہے

افتتاح
138/9L
نوید اسلم خان لودھی
MPA
PP201
محترمہ عائشہ ارشد خان لودھی
MNA

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم پیرا سے) چک نمبر 138 نوایل ظفرآباد میں 3500 میٹر طویل سیوریج سسٹم کا افتتاح شاندار تقریب میں کیا گیا، جس میں ہزاروں افراد نے شرکت کی۔ یہ منصوبہ نوید اسلم خان لودھی اور محترمہ عائشہ ارشد خان لودھی کے انتخابات کے دوران عوام سے کیے گئے وعدے کی تکمیل ہے۔تقریب کا آغاز ایک ریلی سے ہوا، جہاں دونوں رہنماؤں کو عوام کی جانب سے پرتپاک استقبال کے ساتھ جلسہ گاہ لایا گیا۔ جلسے میں علاقے کے معززین اور عوام کی بڑی تعداد موجود تھی۔ نوید اسلم خان لودھی اور محترمہ عائشہ ارشد خان لودھی نے دیگر رہنماؤں کے ہمراہ سیوریج سسٹم کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر نوید لودھی کو عزت کی پگ جبکہ محترمہ عائشہ ارشد خان لودھی کو عزت کی چادر پیش کی گئی۔خطاب کرتے ہوئے نوید اسلم خان لودھی نے کہا کہ یہ منصوبہ علاقے کے دیرینہ مسائل کا حل ہے اور ترقیاتی کاموں کا یہ سلسلہ 138 احسان آباد اور 138 پرانی تک بھی جلد بڑھایا جائے گا۔

معروف سیاسی سماجی شخصیت چوہدری مقبول حسین جٹ دیو کی طرف سے مقامی ہوٹل میں عشائیہ کا اہتمام کیا گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) معروف سیاسی سماجی شخصیت چوہدری مقبول حسین جٹ دیو کی طرف سے مقامی ہوٹل میں عشائیہ کا اہتمام کیا گیا جس میں میاں مقصود احمد، حاجی رانا یعقوب علی، چوہدری ظہور احمد، ڈاکٹر ارشاد حسین، سید علی معظم رضوی، محمد یوسف و دیگر شخصیات نے شرکت کی، اس موقع پر ملک کی موجودہ سیاسی و عوامی صورتحال کے انتظامی امور اور فلاحی سماجی سرگرمیوں کے فروغ حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا،شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے چوہدری مقبول حسین جٹ دیو نے کہا کہ عشائیہ کے تحت ہمارے جمع ہونے کا مقصد دکھی و مجبور انسانیت کی خدمت کی خاطر ملکر کردار ادا کرنے کا عہد اور اس نوبل کاز کی تکمیل یقینی بنانے کی خاطر مشاورت کرنا ہے تمام احباب کا مشکور ہوں جنہوں نے میری دعوت قبول کر کے تقریب میں شرکت یقینی بنائی ان شاء اللہ ہم اسی طرح مل جل کر اپنی مدد آپ کے تحت فلاحی امور سرانجام دیں گے اور تمام احباب اپنی استطاعت کے تحت بڑھ چڑھ کر اس میں کردار ادا کریں گے۔

تحریک منہاج القرآن عارفوالا کے زیر اہتمام ضلعی صدر ڈاکٹر رشید احمد رضا اور سرپرست حاجی محمد افضل کی صدارت میں ماہانہ درس قرآن کا انعقاد

عارفوالا (نمائندہ قوت محمد نوید ڈوگر سے) تحریک منہاج القرآن عارفوالا کے زیر اہتمام ضلعی صدر ڈاکٹر رشید احمد رضا اور سرپرست حاجی محمد افضل کی صدارت میں ماہانہ درس قرآن کا انعقاد شاہین میرج ہال عارفوالا میں کیا گیا درس قرآن کے موقع پر علامہ محمد فیاض بشیر قادری نے قرآن کریم کی آیات کی روشنی میں اہل بیت کی عظمت اور مولائے کائنات شیر خدا حضرت امام علی المرتضیٰؓ کی ولادت باسعادت اور انکے خصائل بیان کرتے ہوئے کہا کہ حضرت امام علیؓ آفتاب صحابیت کے وہ درخشندہ ستارے ہیں جنکی آب وتاب مطلع ولایت اور خلافت پر ہمیشہ چمکتی دمکتی رہے گی حضرت علی المرتضیٰؓ پہلے مردوں کے سردار ہیں آپکی تعلیمات ہمارے لئے مشعل راہ ہیں اور دنیا و آخرت میں نجات کا ذریعہ ہیں اہلبیت سے محبت مسلمانوں کے ایمان کی دلیل ہے حضرت محمد ﷺ نے مولا علی المرتضیٰؓ ، سیدہ فاطمہؓ ،حضرت امام حسنؓ ،حضرت امام حسینؓ کو اہلبیت کہا ہے ان سے محبت اہل ایمان کی علامت ہے درس قرآن کے موقع پر سلیم الدین اطہر، قاری فیض رسول ،ڈاکٹر طارق ،علامہ عمران، رانا رضوان ،محمد عمران افضل ،محمد اشرف افضل، حاجی لیاقت، قمر شہزاد ،صابر علی فریدی ،محمد عون اور معصومی برادران سمیت خواتین علماء ومشائخ ،اساتذہ وخدام اولیاء کے ذمہ داران اور دیگر تمام مکتبہ فکر کے احباب نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

ایس اینڈ اے نامزد امیدوار صدر کی کامیابی پر اللہ تعالیٰ کے شکر گزار ہیں۔ ملک شہباز احمد اعوان

بلاشبہ عرفان اللہ وڑائچ کی جیت میری و تمام عظیم ساتھیوں کی جیت ہے۔معروف وکیل رہنماء

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ایس اینڈ اے نامزد امیدوار صدر کی کامیابی پر اللہ تعالیٰ کے شکر گزار ہیں۔ ملک شہباز احمد اعوان ۔بلاشبہ عرفان اللہ وڑائچ کی جیت میری و تمام عظیم ساتھیوں کی جیت ہے۔ معروف وکیل رہنماء۔ چوہدری عرفان اللہ وڑائچ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ کے انتخابات میں ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کے نامزد امیدوار صدر تھے جن کی کامیابی پر اللہ تعالیٰ کے شکر گزار ہیں۔ بلاشبہ ہمارے امیدوار صدر کی جیت ایک ٹیم ورک کا نتیجہ ہے جس میں ہمارے معزز شرکاء وکلاء گروپس کی انتھک محنت و شبانہ روز کمپین شامل رہی ۔ان باتوں کا اظہار معروف وکیل رہنما و ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کی روح رواں ملک شہباز احمد اعوان نے انتخابات میں جیت کے بعد سینئر میڈیا نمائندگان کیساتھ ایک خصوصی نشست کے دوران کیا ۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ میں خصوصی طور پر ہمارے ساتھی سابق صدور و سیکرٹری جنرل سیالکوٹ بار رانا نصراللہ خان، چوہدری مقصود احمد بھٹی، چوہدری آصف بھلی، شاہد میر ایڈووکیٹ ،سنیئر بزرگ وکیل رہنماء چوہدری بشیر احمد، ملک مشتاق احمد، ملک امجد علی مونگر، چوہدری راحت نذیر وینس، چوہدری حسن سرفراز بھلی ایڈووکیٹس اور سعد میر بگو برادران، خان برادرز ،فیصل محمود سیٹھ، میاں مرتضیٰ حسن و ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کے بیرسٹروں کی محنت و محبتوں کا دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مشکور ہوں

شہد بے شمار بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے: حاجی محمد انور

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) شہد اللہ تعالیٰ کی خاص نعمت ہے سردیوں کے موسم میں شہد کا استعمال بڑھ جاتا ہے،شہد بے شمار بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے سرد موسم میں شہری شہد کا استعمال زیادہ کر دیتے ہیں،شہد سرد موسم میں جسم کے ٹمپریچر کو نارمل رکھتا ہے اور سردی سے محفوظ رکھتا ہے خالص شہد فروخت کرنے والے حاجی محمد انور کا کہنا ہے ہمارے پاس خالص شہد کی مختلف اقسام جن میں چھوٹی مکھی کا پھولوں کا شہد، بیری کا شہد، بوہڑ کا شہد گارنٹی کے ساتھ ہر وقت ملتا ہے، ہم اس شہد کو اپنی نگرانی میں اتارتے ہیں

نیوٹریشن انٹرنیشنل اور پنجاب فوڈ اتھارٹی کے زیر اہتمام آگاہی سیشن

قصور (بیورو چیف) نیوٹریشن انٹرنیشنل اور پنجاب فوڈ اتھارٹی کے زیر اہتمام ”خوردنی تیل کی فورٹیفیکیشن کے فوائد، وٹامن اے اور ڈی کی کمی، کھلے اور غیر صاف شدہ تیل کے استعمال اور صحت پر اسکے منفی اثرات“ کے بارے میں آگاہی سیشن کا انعقاد۔ نیوٹریشن انٹرنیشنل نے پنجاب فوڈ اتھارٹی کے اشتراک سے خوردنی تیل کی فورٹیفیکیشن کے فوائد پاکستان میں وٹامن اے اور ڈی کی کمی کھلے اور غیر صاف شدہ تیل کے استعمال اور صحت پر اسکے منفی اثرات کے بارے میں ایک آگاہی سیشن کا اہتمام کیا۔

معروف بزنس مین سید اسد عباس نقوی عمرہ کے ادائیگی کے بعد وطن واپس پہنچ گئے

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) معروف بزنس مین سید اسد عباس نقوی عمرہ کے ادائیگی کے بعد وطن واپس پہنچ گئے ۔علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر فقید المثال استقبال دوست احباب ، اہل خانہ کیطرف سے پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں اور مالائیں پہنائی گئیں۔گھر پہنچتے ہی مبارکباد دینے والوں کا تانتا بندھ گیا۔تفصیلات کے مطابق معروف بزنس مین گرین ٹیک پولیمر کے CEO ایمراء پریس کلب وار برٹن کے صدر سید اسد عباس نقوی زیارات حرمین شریفین وادائیگی عمرہ کے بعد گزشتہ روز وطن واپس پہنچ گئے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر نے اپنے آفس کے سبزہ زار لان میں باقاعدہ دفتر کا انتظام کیا

حافظ آباد (رانا طارق محمود) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کا عوامی مسائل کے حل اور شہریوں سے ملاقات کے سلسلہ میں روزانہ صبح 9 بجے سے ساڑھے گیارہ بجے تک اپنا دفتر ڈسٹرکٹ کمپلیکس کے سبزہ زار لان میں لگائیں گے۔ڈپٹی کمشنر نے اپنے آفس کے سبزہ زار لان میں باقاعدہ دفتر کا انتظام کیا اور آنے والے شہریوں سے ملاقاتیں کیں اور انکے مسائل سنے۔ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق کا کہنا ہے کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے عوامی ویژن اور مسائل کے حل کے لیے روزانہ کی بنیاد پر سبزہ زار لان میں صبح 9 بجے سے ساڑھے گیارہ بجے تک دفتر لگایا جایا گا تاکہ عوام بلا روک ٹوک اور بغیر کسی سفارش کے ان سے ملاقات کر کے اپنے مسائل کو حل کروا سکتے ہیں۔

انجمن طلبہ اسلام کے نومنتخب عہدیداران کی تقریب حلف برداری یہاں منعقد ہوئی

حافظ آباد (رانا طارق محمود) انجمن طلبہ اسلام کے نومنتخب عہدیداران کی تقریب حلف برداری یہاں منعقد ہوئی۔جس سے خطاب کرتے ہوئے تحریک اہلسنت پاکستان کے مرکزی نائب صدر صاحبزادہ پیر محمد ضیاء اللہ قادری نے کہا کہ تحریک اہلسنت پاکستان مقام مصطفیٰ ﷺ کے تحفظ اور نظام مصطفیٰ ﷺ کے نفاذ اتحاد اہلسنت اور عقیدہ ختم نبوت کی محافظ ہے ملک میں درپیش مسائل کا حل فقط نظام مصطفیٰ ﷺ میں مضمر ہے۔

بجلی گیس پانی بل دوبارہ شامل ہو کر آنے لگے: شہری پریشان

شہریوں کی رقم استعمال کر کے کاروبار کرنے کا انکشاف عوام کی آئی امانتیں پوسٹ آفس میں پڑی پڑی واپس جانے لگی

مریدکے (تحصیل رپورٹر) پاکستان پوسٹ آفس مریدکے شہریوں کے جمع کیئے گئے بجلی گیس پانی بل دوبارہ شامل ہو کر آنے لگے عملہ کا شہریوں کی رقم استعمال کر کے کاروبار کرنے کا انکشاف عوام کی آئی امانتیں پوسٹ آفس میں پڑی پڑی واپس جانے لگی عوام تک پہنچانا بھی دشوار کر دیا شہریوں کا وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیل کیمطابق پاکستان پوسٹ آفس مریدکے عملہ عوام کی امانتوں سے کھیلنے لگا شہریوں کے بجلی گیس پانی کے بل جمع کرنے کے باوجود اگلے ماہ دوبارہ بل میں شامل ہو کر آنے لگے شہری دوبارہ آفس جا کر آگاہ کرے تو عملہ غلطی قبول کر کے شہری کو جرمانہ ادائیگی کیساتھ دوبارہ بل جمع کرنے لگے اس طرح سے لاکھوں روپے اپنے ذاتی مفاد میں استعمال کر کے کاروبار کرنے کا انکشاف ہوا ہے دوسری جانب شہریوں کاروباری حضرات طلبہ و طالبات کی آئی امانتیں پہنچانے سے عملہ قاصر ہے اشیا خطوط دستاویزات مریدکے پوسٹ آفس آئے تو عملہ بجائے گھروں میں پہنچانے کے آفس میں ہی پڑے پڑے واپس بھیج دیتے ہیں جس سے عوام کی آئی امانتیں خیانت کا شکار ہو جاتی ہیں شہریوں نے پوسٹ آفس مریدکے عملہ کے مذکورہ ناقص و بدحالی کے عمل پر وزیر اعلیٰ پنجاب سمیت چیف سیکرٹری پنجاب اور متعلقہ دیگر اداروں سے فوری نوٹس لیتے کاروائی کرنے کا مطالبہ کیا ہے

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات پنجاب ملک صہیب احمد بھرتھ کی زیر صدارت ڈی سی آفس سیالکوٹ میں اہم اجلاس منعقد ہوا

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات پنجاب ملک صہیب احمد بھرتھ کی زیر صدارت ڈی سی آفس سیالکوٹ میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایم پی اے سیالکوٹ منشاء اللہ بٹ، کمشنر گوجرانوالہ سید نوید شیرازی، ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ ذوالقرنین لنگڑیال نے شرکت کی۔ چیف انجینیئر محکمہ سی اینڈ ڈبلیو اور نیسپاک کی ٹیم نے سیالکوٹ رنگ روڈ کے منصوبہ پر بریفنگ دی۔ نیسپاک نے سیالکوٹ رنگ روڈ کے مختلف آپشنز اور اپنی سروے رپورٹس پیش کیں۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ سیالکوٹ رنگ روڈ 110 فٹ چوڑا ہوگا۔ اجلاس میں رنگ روڈ سے مستفید ہونے والے ہسپتالوں، فیکٹریوں، سکول، ایئرپورٹ، ڈرائی پورٹ اور دیگر زونز کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ سیالکوٹ رنگ روڈ کے منصوبے سے یونیورسٹی آف سیالکوٹ، سمبڑیال ڈرائی پورٹ، ہیڈ مرالہ بیراج، ووکیشنل انسٹی ٹیوٹ، اسلامیہ میڈیکل کالج، سیالکوٹ میڈیکل، ڈسٹرکٹ کمپلیکس، بس اسٹینڈ، جی سی یونیورسٹی، یو ایم ٹی سیالکوٹ مستفید ہوں گے۔ صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ کا کہنا تھا کہ رنگ روڈ کے فائنل پلان سے قبل متعلقہ سٹیک ہولڈرز سے بات چیت کی جائے۔ رنگ روڈ سیالکوٹ سے سیالکوٹ کی عوام کو فائدہ ہوگا اور شہر میں ٹریفک کا بہاؤ اور ماحول میں بہتری آئے گی

ظفروال صحافتی دنیا کا درخشاں ستارہ سید شہوار حیدر کاظمی دنیائے فانی سے کوچ کر گیا

ظفروال (زاہد چوہدری سے) ہردلعزیز، خوش اخلاق، ملنسار اور محبتیں بانٹنے والے سینئر صحافی اور کاروباری شخصیت سید شہوار حیدر کاظمی اچانک دنیائے فانی کو چھوڑ کر سفر آخرت کی روانہ ہو گئے ہیں۔مرحوم کی اچانک وفات سے ہر دل افسردہ اور ہر آنکھ اشکبار ہے۔ ہماری آنکھ سے گرے نہیں یہ اشک کے قطرے،، نچھاور کرتے ہیں موتی تمہارے روئے روشن پر سید شہوار حیدر کاظمی کی اچانک وفات سے شہر میں ایک گہری دھند کی سی فضا چھا گئی۔مرحوم نے ہمیشہ صحافتی خدمات کے ذریعے سچائی کا علم بلند کیا۔آج صحافتی دنیا کا ایک آفتاب ڈوب گیا۔اس کے ساتھ صرف خاندان اور عزیز و اقارب ہی نہیں بلکہ ان کے بے شمار چاہنے والے بھی رنج و الم کے اتھاہ سمندر میں ڈوب گئے ہیں۔

مصطفائی تحریک نارنگ کے زیر اہتمام مقابلہ حسن قرآت کا انعقاد

26 بچوں نے حصہ لیا سعد حسین نے پہلی حذیفہ عبیداللہ نے دوسری اور بلال سہیل نے تیسری پوزیشن حاصل کی



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) مصطفائی تحریک نارنگ کے زیر اہتمام مرکز اہلسنت نارنگ میں پہلا بین المسالک مقابلہ حسن قرآت کا انعقاد کیا گیا جس میں 26 بچوں نے حصہ لیا اور مختلف انداز میں قرآن مجید کی تلاوت کر کے محفل کو پرکیف بنا دیا مدرستہ المدینہ فیضان عطار محمدی والا کے بچے سعد حسین نے پہلی مرکزی جامع مسجد اہلحدیث ریل بازار کے بچوں حذیفہ عبیداللہ اور بلال سہیل نے دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کی مذہبی سکالر مفتی شہباز رسول سعیدی حافظ طاہر محمود آف چک دھیدو ضلعی صدر مصطفائی تحریک رانا آفتاب احمد خاں سٹی صدر راشد نواز اعوان اور جنرل سیکرٹری مشتاق انصاری سمیت مہمانوں نے تینوں پوزیشنیں حاصل کرنے والے بچوں سمیت مقابلے میں حصہ لینے والے تمام بچوں میں انعامات تقسیم کیے قاری ندیم فریدی قاری محمد صابر اور قاری عمر فاروق نے ججز کے فرائض اور پوزیشن لینے والے بچوں کو تعریفی سرٹیفکیٹس دیئے مفتی شہباز رسول سعیدی نے تلاوت قرآن مجید اور اس کے فضائل و برکات بیان کرتے ہوئے مقابلہ حسن قرآت میں حصہ لینے والے تمام بچوں اور ان کے والدین سمیت مصطفائی تحریک کو مبارکباد پیش کی تحریم حسین قادری نے نعت اور فیاض عطاری نے اسٹیج سیکرٹری کے فرائض سرانجام دیئے بہترین انداز میں تلاوت قرآن مجید سے دلوں کو ایمان کی روشنی بخشنے والے بچوں کو مصطفائی تحریک نارنگ کی طرف سے تعریفی سرٹیفکیٹس اور انعامات دیئے گئے حاضرین کی جانب سے اس خوبصورت تقریب کو سراہا گیا۔

محکمہ فوڈ اتھارٹی چنیوٹ کے عملہ کی شہر بھر میں کاروائیاں متعدد ناقص فوڈ پوائنٹ کو بند کر دیا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) محکمہ فوڈ اتھارٹی چنیوٹ کے عملہ کی شہر بھر میں کاروائیاں متعدد ناقص فوڈ پوائنٹ کو بند کر دیا گیا جبکہ بھاری جرمانے بھی کئے گئے تفصیلات کے مطابق قوانین کے خلاف خوراک کا کاروبار کرنے والوں کیخلاف زیرو ٹالرینس پالیسی کے تحت ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر ڈپٹی ڈائریکٹر چنیوٹ ڈاکٹر قاسم رضا کا فیلڈ آپریشن جاری، 2 فوڈ پوائنٹس کی پروڈکشن بند، فریزر اور جوسر ضبط، سرگودھا روڈ پر واقع فروٹ شاپ اور مچھلی شاپ اصلاح تک بند، قوانین کی سنگین خلاف ورزیوں پر فوڈ پوائنٹس کو بند کر دیا گیا۔ پراسسنگ ایریا میں صفائی کے ناقص انتظامات، حشرات کی بھرمار پائی گئی، ملازمین کے میڈیکل عدم موجود، اشیاء بغیر ڈھانپے رکھی گئی تھی، دودھ کی سٹوریج کے لیے نان فوڈ گریڈ ٹینک کا استعمال کیا جا رہا تھا

ڈی ایچ کیو ہسپتال میں سینٹری ورکرز گذشتہ چار ماہ سے تنخواہوں سے محروم چلے آرہے ہیں

حافظ آباد (رانا طارق محمود) ڈی ایچ کیو ہسپتال میں سینٹری ورکرز گذشتہ چار ماہ سے تنخواہوں سے محروم چلے آرہے ہیں جس کے خلاف گذشتہ روز مذکورہ ملازمین نے احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ تنخواہوں کی ادائیگی نہ کیے جانے سے انکے گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ گئے ہیں۔ اور وہ فاقہ کشی میں مبتلا ہو رہے ہیں۔انہوں نے ارباب اختیار اور ڈپٹی کمشنر سے مطالبہ کیا کہ ہسپتال کے تمام سینٹری ورکرز کو تنخواہوں کی ادائیگی کروا کے انکی مالی مشکلات کا ازالہ کیا جائے۔

ایڈیٹوریل
DAILY QUWAT
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

وزیراعظم کو حکومت کی معاشی پالیسیوں کے ثمرات ملنے کی توقع

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کرنٹ اکاؤنٹ مسلسل تیسرے ماہ سرپلس رہنے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ مثبت معاشی اشاریے کاروباری برادری کے حکومت اور اسکی معاشی پالیسیوں میں بڑھتے ہوئے اعتماد کے عکاس ہیں۔ گزشتہ روز وزیراعظم آفس کے پریس ونگ سے جاری کردہ بیان کے مطابق شہباز شریف نے کہا کہ گزشتہ سال اکتوبر نومبر دسمبر میں کرنٹ اکاؤنٹ مسلسل سرپلس رہا جو ہماری معاشی پالیسیوں کی درست سمت ہونے کی سند ہے۔ بیان میں بتایا گیا کہ رواں مالی سال کے پہلے چھ ماہ کرنٹ اکاؤنٹ ایک عشاریہ دو ارب ڈالر سرپلس تھا جسے ہم مزید بڑھانے کیلئے کوشاں ہیں۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ اڑان پاکستان جیسے پروگرام سے ملکی معیشت کو مزید تقویت ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ کراچی اور تجارت کے دیگر بڑے مراکز پر عالمی معیار کا کارگو سکیننگ نظام اور کارگو کی بہتر ٹریکنگ سے پاکستان علاقے کے دیگر ممالک کیلئے راہداری تجارت کا مرکز بنے گا۔ دریں اثنا وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت پاکستان کو ٹرانزٹ تجارت کا مرکز بنانے اور کارگو ٹریکنگ کے حوالے سے گزشتہ روز جائزہ اجلاس کا انعقاد ہوا جس میں وزیراعظم نے ہدایت کی کہ تجارتی مراکز سے ٹریکنگ ٹرینگ اور سکیننگ کے متروک نظام کو ختم کر کے جدید ٹیکنالوجی کے حامل نظام کا نفاذ یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کارگو ٹریکنگ کی خدمات مہیا کرنے والے اداروں کے معیار کی تھرڈ پارٹی ویلیڈیشن یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم کے بقول ٹریکنگ کے نظام میں بہتری سے سمگلنگ میں خاطر خواہ کمی دیکھنے میں آئی ہے۔ سمگلنگ روکنے کی بدولت رواں سال افغانستان کو 211 ملین ڈالر چینی کی برآمد ممکن ہوئی۔ اسی طرح وزیراعظم شہباز شریف نے مقامی طور پر تیار کردہ الیکٹریکو آپٹیکل سیٹلائٹ کی لانچ کو قابل فخر کارنامہ قرار دیا اور کہا کہ یہ خلائی سائنس اور ٹیکنالوجی میں ہماری بڑھتی ہوئی صلاحیتوں کا مظہر ہے۔ دوسری جانب سٹیٹ بینک نے کہا ہے کہ رواں مالی سال کی پہلی ششماہی کا کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس ایک عشاریہ 21 ارب ڈالر رہا جبکہ گزشتہ سال کی ششماہی کا کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ ایک عشاریہ 39 ارب ڈالر تھا۔ سٹیٹ بنک کی رپورٹ کے مطابق دسمبر 2024 کا کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس 580 عشاریہ 20 کروڑ ڈالر رہا جبکہ رواں مالی سال کی پہلی ششماہی کا تجارتی خسارہ 13 فیصد اضافے سے 11 عشاریہ 51 ارب ڈالر رہا۔ دسمبر 2024 میں برآمدات تین عشاریہ صفر پانچ ارب ڈالر اور درآمدات چار عشاریہ 77 ارب ڈالر ریکارڈ کی گئیں۔ اسی طرح مالی سال کی پہلی ششماہی میں برآمدات سات فیصد اضافے سے 16 عشاریہ 22 ارب ڈالر رہیں اور مالی سال 2025 کی پہلی ششماہی کی درآمدات 9 فیصد اضافے سے 27 عشاریہ 74 ارب ڈالر تک پہنچ گئی ہیں۔ اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ ملک کی صنعتی زرعی اور تجارتی ترقی کا دارومدار سیاسی استحکام سے ہے۔ اگر ملک میں قائم جمہوری نظام سبک خرامی کے ساتھ تسلسل سے چل رہا ہو امن وامان کی صورتحال مثالی ہو اور صنعت وتجارت کے فروغ کیلئے تمام وسائل دستیاب ہوں جن میں تیل بجلی گیس کی سستے داموں وافر دستیابی بھی شامل ہے تو اس سے تاجروں اور صنعت کاروں کی ہی حوصلہ افزائی نہیں ہوتی اور کسانوں کیلئے اپنی پیداوار بڑھانے کے راستے ہی نہیں کھلتے بلکہ اندرونی اور بیرونی سرمایہ کاروں کیلئے بھی سرمایہ کاری کے آسان اور محفوظ مواقع پیدا ہوتے رہتے ہیں۔ بدقسمتی سے گزشتہ ایک دہائی سے ملک میں جاری سیاسی محاذ آرائی اور انتقام اور بدلے کی سیاست نے ملک کو سیاسی اور اقتصادی عدم استحکام کے راستے پر ڈالے رکھا ہے۔ اسکے علاوہ دہشت گردی کا ناسور بھی ہمارے گلے پڑا ہوا ہے جس کے باعث عدم تحفظ اور غیر یقینی کی فضا کے ملک کی معیشت پر انتہائی برے اثرات مرتب ہوئے اور ملک کے اندر سرمایہ کاری کی مثالی فضا استوار نہیں ہو سکی۔ آئی ایم ایف کی ناروا شرائط نے پہلے ہی ملک کی معیشت کو جکڑ رکھا تھا جبکہ آئی ایم ایف کے پاس قرض کیلئے کشکول اٹھا کر لے جانے پر خودکشی کو ترجیح دینے کے داعی عمران خان نے پہلے ملک کو دوبارہ آئی ایم ایف کے قرض پروگرام کی جانب دھکیل کر اور پھر اپنا اقتدار ہاتھوں سے نکلتا دیکھتے ہوئے آئی ایم ایف کے ساتھ کئے معاہدے کی پاسداری نہ کر کے اس عالمی ساہوکار ادارے کو پاکستان کی معیشت پر مزید کاٹھی ڈالنے کا موقع فراہم کر دیا نتیجتاً ملک کی معیشت دیوالیہ ہونے کے قریب پہنچ گئی۔ آنے والی اتحادی حکومت نے آئی ایم ایف کی ناراضگی دور کرنے کیلئے اسکی مزید کڑی شرائط قبول کر کے بجلی تیل گیس ادویات اور روزمرہ استعمال کی دوسری اشیا کے تسلسل کے ساتھ نرخ بڑھانا شروع کر دیئے اور مروجہ ٹیکسوں کی شرح میں اضافہ کر کے اور انواع واقسام کے نئے ٹیکس لگا کر عوام کیلئے تنفس کا سلسلہ برقرار رکھنا بھی مشکل بنا دیا چنانچہ عوام کے بڑھتے اضطراب کے نتیجہ میں حکومت کو گورننس اور سسٹم کے استحکام کیلئے بھی چیلنج درپیش ہو گئے۔ اپنے گزشتہ دور میں وزیراعظم شہباز شریف یہی باور کراتے رہے کہ انہوں نے ملک کو دیوالیہ ہونے سے بچانے کیلئے اپنی سیاست کی قربانی دے دی ہے۔ انکے بعد آنے والی نگران حکومت نے تو عوام کی مالی اور اقتصادی پریشانیوں کی جانب آنکھ بند کر کے آئی ایم ایف کی ہر شرط پر سر جھکا کر عملدرآمد کی پالیسی اختیار کی جس کا بوجھ 8 فروری کے انتخابات کے نتیجہ میں قائم ہونے والی اتحادیوں کی نئی حکومت کے سر آن پڑا۔ اس حکومت کو اپوزیشن کی انتشار اور افراتفری کی سیاست کے باعث سیاسی عدم استحکام کا الگ سامنا کرنا پڑا۔ اسی فضا میں ملک کی سیاسی اور عسکری قیادت نے باہم مل کر ملک کی اقتصادی سمت درست کرنے کا عزم باندھا اور قومی اور صوبائی اپیکس کمیٹیاں تشکیل دیکر انکے ذریعے قومی معیشت کو صحیح خطوط پر استوار کرنے کے کام کا آغاز کیا۔ اس تناظر میں آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے کلیدی کردار ادا کیا جنہوں نے زراعت کی ترقی کی جانب بھی خصوصی توجہ دی چنانچہ ان اقدامات اور پالیسیوں کے نتیجہ میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں بھی بتدریج کمی آنے لگی اور ملکی معیشت پر دیوالیہ ہونے کی لٹکتی تلوار بھی ہٹنے کے آثار پیدا ہو گئے۔ حکومتی سیاسی اور عسکری قیادتوں کے اسی باہمی اعتماد اور قومی معیشت کے استحکام کیلئے انکی وضع کی گئی پالیسیوں کے آج ثمرات ملنا شروع ہوئے ہیں اور وزیراعظم شہباز شریف تسلسل کے ساتھ قومی معیشت کے مثبت اشاریوں کی نوید سنا رہے ہیں۔

احساس اور ہمدردی کا سفر

احساس کے انداز
جاوید ایاز خان

آج کل انسانی بے حسی اور خود غرضی میں اضافہ دیکھنے کو ملتا ہے اکثر سڑک پر پڑے کسی زخمی کو کوئی رک کر نہیں دیکھتا یہاں تک کے ریسکیو والوں کو اطلاع دینے سے بھی ڈرتا ہے کہ کہیں اسے کوئی گواہی دینی نہ پڑ جائے۔ ایک بار ایک مصروف بازار میں ایک بوڑھا شخص زمین پر گر گیا۔ وہ بیمار معلوم ہوتا تھا اور چلنے کے قابل نہیں تھا۔ وہاں سے لوگ گزر رہے تھے لیکن کسی نے رک کر اس کی مدد کرنے کی کوشش نہیں کی۔ کچھ لوگ دیکھ کر نظر انداز کر گئے اور کچھ نے سوچا کہ شاید یہ ان کا مسئلہ ہی نہیں ہے۔ کچھ کے پاس اس کے لیے وقت ہی نہیں تھا۔ آج ہر انسان اپنے کام سے کام رکھنا چاہتا ہے۔ ایسے واقعات آئے دن ہر طرف دکھائی دیتے ہیں اور اس بات کو ظاہر کرتے ہیں کہ بعض اوقات ہم اپنی روزمرہ کی مصروفیات میں اس قدر مگن ہو جاتے ہیں کہ انسانیت اور ہمدردی کو بھی بھول جاتے ہیں۔ بعض لوگوں کا خیال ہوتا ہے کہ لوگوں کی فکر کرنا ایک لاحاصل کام ہے اور اس دور میں خود غرضی ہی بہترین حکمت عملی ہے جو مفت کی پریشانیوں سے بچاتی ہے۔ جبکہ کسی کو مدد کی ضرورت ہو تو ہمیں فوراً "آگے بڑھنا چاہیے کیونکہ کسی دن ہمیں بھی کسی کی مدد کی ایسے ہی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ گو ہمدردی میں خود کو نقصان پہنچانے کی ضرورت نہیں اور احساس ہمدردی رکھتے ہوئے عقلمندی اور محتاط رویہ رکھنا بھی کچھ غلط نہیں ہوتا ہے۔ لیکن اس وجہ ہمدردی جیسے نیک کام سے پیچھے ہٹ جانا بھی درست نہیں ہوتا۔ میں ذاتی طور پر کسی کا درد اور دکھ سمجھنے کو احساس اور اس درد کو دور کرنے کی کوشش کے عملی اظہار اور کوشش کو ہمدردی سمجھتا ہوں۔ کہتے ہیں کہ احساس ہمدردی معاشرت کی بنیاد ہوتے ہیں ایک امریکی ماہر بشریات مارگریٹ انسانی معاشرت کی پہلی نشانی کے متعلق کہتی ہے کہ انسانی معاشرت کے قدیم آثار ہمیں فریکچر کے بعد ایک جڑی ہوئی ران کی ہڈی سے ملتے ہیں۔ ٹوٹنے کے بعد جڑنے والی اس ہڈی سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ شفایابی کے دورانیے میں کسی دوسرے شخص نے ایک شخص سے احساس ہمدردی کے تحت اس کی تیمارداری کی ہوگی۔ چنانچہ یہ کہنا بالکل بجا ہے کہ احساس اور ہمدردی معاشرت اور حسن معاشرت کی بنیاد ہوتی ہے۔ ہمارا دین اسلام احساس اور ہمدردی کا سبق دیتا ہے اور ہمارے پیارے نبی پاکؐ کی زندگی کے بیشمار واقعات تاریخ کا حصہ ہیں جہاں انہوں نے احساس اور انسانی ہمدردی کا عملی مظاہرہ کر کے ہمیں خدمات انسانیت کا درس دیا ہے۔ کہتے ہیں کہ احساس ہمدردی خود کو اور دوسروں کو انسان اور انسانی زندگی پہ دوسروں کے رویے اور عمل کے اثرات کو سمجھنے کی صلاحیت کا نام ہے۔ انسانی جذبے اور رویے میں موجود اس حس کو اہمیت دینا اس دور کی اہم ترین ضرورت بنتا جا رہا ہے۔ بیشک ایک بہتر معاشرے کے لیے معاشرے کے تمام افراد کے اندر یہ احساس ہمدردی اجاگر کرنا آج پہلے سے بہت ضروری ہو چکا ہے۔ ہمیں نا صرف خود اس پر عمل پیرا ہونا چاہیے بلکہ دوسروں کے احساس ہمدردی کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے تاکہ یہ روایات ہماری نئی نسل میں بھی فروغ پا سکیں۔ اسی حوالے سے مجھے اپنی زندگی کا ایک واقعہ یاد آجاتا ہے کہ ہماری امی جان بتایا کرتی تھیں کہ جب میں تین سال کا چھوٹا سا بچہ تھا اور اپنے پیروں پر چلنا پھرنا شروع کر چکا تھا۔ اباجی کی ڈیوٹی فوج میں سی ایم ایچ ڈیرہ نواب صاحب میں ہوا کرتی تھی۔ اس زمانے میں فوجیوں کے لیے سرکاری گھر بہت کم ہوتے تھے تو اباجی نے ڈیرہ نواب صاحب کے ایک محلہ میں گھر کرایے پر لیا ہوا تھا۔ یہ اس زمانے کی بات ہے جب بجلی اور گیس نام کی کوئی چیز میسر نہ تھی۔ آگ جلانے کے لیے لکڑی یا مٹی کا تیل استعمال کیا جاتا تھا۔ گھر میں امی جان کے ساتھ اس وقت ہم صرف دو بہن بھائی تھے بڑی بہن پانچ سال کی اور میں تین سال کا تھا۔ ایک دن کھیلتے کھیلتے مجھے مٹی کے تیل کی بوتل ہاتھ آگئی۔ ناسمجھی اور شرارت کرتے ہوئے بوتل کو منہ لگایا اور امی جان کے بقول آدھی بوتل تیل پی گیا جس کی باعث یکایک طبیعت خراب ہوئی اور بیہوش ہو گیا۔ امی جان بتاتی ہیں کہ ایکدم رنگ پیلا پڑ گیا لگتا تھا کہ شاید بچہ زندہ نہیں ہے تو وہ گھر میں اکیلے ہونے کی وجہ سے بہت پریشان ہوئیں۔ انہوں نے شور مچا کر مدد کے لیے ہمسائی کو بلایا۔ اتفاق سے گھر پر ہمسائی کے خاوند چاچا عبدالغفور خان مرحوم موجود تھے۔ وہ فوراً "آئے اور مجھے بیہوش حالت میں دیکھ کر اپنے بازوؤں پر اٹھا لیا امی جان سے اجازت لیکر مجھے گھر سے ہسپتال کے لیے دوڑے۔ وہ اباجی کو جانتے تھیکہ وہ سی ایم ایچ میں ڈیوٹی پر ہیں۔ روتی ہوئی امی جان کو تسلی دیتے ہوئے وہ ننگے سر اسی حالت میں گھر سے نکلے اور دوڑتے ہوئے گھر سے ایک فرلانگ دور سڑک کی جانب رخ کیا۔ راستے میں انہیں پریشان دیکھ کر دوسرے محلے والے بھی ساتھ ساتھ دوڑنے لگے۔ سڑک پر ایک تانگے والے نے انہیں سوار کرا کر سی ایم ایچ کی جانب گھوڑا دوڑا دیا۔ تانگے پر چاچا عبدالغفور مرحوم کے ساتھ ساتھ کئی ہمسائے بھی سوار تھے اور باقی لوگ تانگے کے ساتھ ساتھ پیدل ہی دوڑنے لگے۔ راستے میں جسے بھی اس واقعہ کا پتا چلتا وہ اپنا رخ سی ایم ایچ کی جانب کر لیتا۔ سی ایم ایچ اس وقت ایف جی پبلک اسکول والی عمارت میں ہوتا تھا۔ پیدل، سائیکل سوار اور تانگوں پر سوار لوگوں کا ایک پورا ہجوم ہسپتال پہنچا تو وہ ایک جلوس کی شکل اختیار کر چکا تھا۔ اس وقت سی ایم ایچ کے انچارج میجر ڈاکٹر آفتاب شاہ صاحب ہوا کرتے تھے۔ انہیں جب پتہ چلا تو وہ خود تشریف لائے اور مجھے آپریشن تھیٹر میں لے گئے۔ ہانپتے کانپتے ہوئے چاچا عبدالغفور خان مرحوم بھی ساتھ ساتھ تھے۔ میجر صاحب نے چاچا عبدلغفور خان مرحوم کو بہت شاباش دی اور کہا کہ اگر تم ذرا دیر کر دیتے تو بچہ بچ نہیں سکتا تھا۔ اباجی ڈیوٹی پر تھے وہ بھی پہنچ گئے۔ میجر صاحب ان کے ذاتی دوست بھی تھے۔ چاچا عبدالغفور خان مرحوم مجھے بتاتے تھے کہ جتنی دیر تم اپریشن تھیٹر میں رہے۔ میں باہر قرآنی آیات اور درود شریف پڑھ کر تمہاری صحت یابی کی دعا مانگتا رہا۔ میں ڈر رہا تھا کہ اگر خدانخواستہ کچھ ہو گیا تو تمہاری امی جان کو کیا جواب دوں گا۔ دوسری جانب ہسپتال کے باہر محلے اور شہر کا ایک بڑا مجمع موجود تھا جن میں مشہور ڈاکٹر محمد حسین بدر مرحوم بھی شامل تھے جو بار بار خریت دریافت کرتے تھے۔ وہ پورا مجمع تمہاری صحت کے لیے دعا گو تھا اور باوجود بار بار کہنے کے وہ وہاں سے ہٹنے کو تیار نہ تھا۔ ایک فوجی ڈاکٹر نے چند گھنٹوں بعد باہر آکر بتایا کہ بچہ اب ٹھیک ہے آپ لوگ جا سکتے ہیں مگر کوئی ٹس سے مس نہ ہوا۔ چاچا عبدلغفور خان بتاتے تھے کہ چند گھنٹوں بعد جب مجھے ڈسچارج کیا گیا تو میں ہوش میں آچکا تھا۔ ہسپتال کی گاڑی مجھے چھوڑنے آئی تو چاچا عبدالغفور خان نے کہا کہ بچہ میری گود میں دے دو میں نے اسے اسکی ماں کی گود سے لیا تھا اپنے ہاتھوں سے اس کی ماں کی گود تک پہنچاؤں گا۔ میجر صاحب نے اباجی اور چاچا عبدالغفور خان کو میری نئی زندگی کی مبارکباد دی اور مجھے پھر سے چاچا عبدالغفور خان مرحوم کی گود میں دیدیا۔ وہ ہی مجھے گود میں لیکر گاڑی میں سوار ہوئے تو جونہی گاڑی سی ایم ایچ سے باہر آئی لوگ دیکھنے کے لیے ٹوٹ پڑے۔ اور خوشی سے نعرے لگانے لگے۔ وہ سب گاڑی کے ہمراہ گھر تک آئے اور جب چاچا عبدالغفور نے مجھے میری امی کی گود میں دیا تو امی جان کے ساتھ ساتھ گھر میں موجود ہمسائیوں اور چاچا عبدالغفور خان کے بھی آنسو بہہ رہے تھے۔ چاچا عبدالغفور خان مرحوم مجھے اکثر بتایا کرتے تھے کہ میں زندگی میں اتنی تیزی سے کبھی نہیں دوڑا جتنا اس روز دوڑا تھا۔ احساس وہمدردی کے پیکر چاچا عبدالغفور خان مرحوم آج اس دنیا میں نہیں رہے۔ لیکن ان کی یاد مجھے اپنے والدین کی طرح ہر لمحہ آتی ہے۔ وہ جب بھی مجھے ملتے تھے بڑی محبت سے اس واقعہ کا تذکرہ ضرور کرتے تھے۔ شاید یہی وجہ تھی کے وہ مجھ سے ہمیشہ بڑی محبت کرتے تھے۔ میں ان کا شکریہ ادا کرتا تو فرماتے تمہارے والدین نے جو محبتیں یہاں بوئیں ہیں یہ سب ان کا ثمر ہے۔ ان کا ایک بیٹا عبدالحمید میرا کلاس فیلو اور پرانہ دوست ہے جبکہ دوسرا بیٹا عبدالمجید ناصح ایک بڑی پیاری ادبی، سماجی اور سیاسی شخصیت ہے۔ ہماری محبتوں کا یہ سفر آج بھی جاری ہے۔ احساس اور ہمدردی انسانی جذبات کی اہم ترین خصوصیات ہیں جو ہمارے تعلقات اور معاشرتی رویوں کی بنیاد بنتی ہے۔ احساس وہمدردی کا اظہار بڑے چھوٹے چھوٹے عملوں سے بھی ہو سکتا ہے جیسے کسی کی بات سن لینا، مدد کی پیشکش کرنا یا کسی کو اچھے الفاظ سے تسلی دینا۔ یہ دونوں جذبات معاشرتی خوشحالی اور انسانی تعلقات کی بنیاد ہیں یاد رہے کہ احساس اور ہمدردی ہمارا معاشرتی ہی نہیں بلکہ مذہبی فریضہ بھی ہے اس کی ادائیگی صرف ہماری تحریر و تقریر سے نہیں بلکہ ہمارے عمل اور کردار سے بھی دکھائی دینی چاہیے۔ کیونکہ انسان کی سب سے بڑی طاقت اس کی ہمدردی، شفقت اور احساس میں پوشیدہ ہے۔

عشق یورپ یا موت کا سفر؟

بلاامتیاز
امتیاز علی شاکر
imtiazali470@gmail.com

ایک اور کشتی حادثہ، درجنوں تارکین وطن عشق یورپ کی نذر، پانی کی گہرائیوں میں اتر کر آسمانوں کی طرف لوٹ گئے، خبر کے مطابق افریقی ملک موریطانیہ سے غیر قانونی طور پر سپین کی طرف سفر کرنے والوں کی کشتی کو حادثہ پیش آیا جس کے نتیجے میں 44 پاکستانیوں سمیت 50 تارکین وطن جان کی بازی ہار گئے، 2 جنوری کو موریطانیہ سے روانہ ہونے والی کشتی میں 86 تارکین وطن سوار تھے، مراکشی حکام کے مطابق کشتی میں کل 66 پاکستانی سوار تھے جن میں سے 36 افراد کو بچا لیا گیا۔ وزیراعظم میاں شہباز شریف کے سخت ترین احکامات کی روشنی میں ایف آئی اے اہل کاروں سمیت ہونے والی گرفتاریوں کے باوجود انسانی اسمگلنگ کا سلسلہ رک نہیں پایا، جنگ نیوز کی خبر کے مطابق 2023ء کے المناک یونان کشتی حادثے کی انکوائری میں ٹھوس شواہد پر انسانی اسمگلروں سے ملے ایف آئی اے کے 38 افسروں کو نوکری سے فارغ کیا گیا، 12 ڈپٹی ڈائریکٹرز اور اسسٹنٹ ڈائریکٹرز کو گزشتہ اور رواں ماہ وزارت داخلہ بھجوا دیا گیا، ناقص نگرانی پر 4 زونل ڈائریکٹروں کو وضاحتی نوٹس جاری کئے جانے کی اطلاعات ہیں، مجموعی طور پر 182 انسانی اسمگلرز گرفتار ہو چکے، 523 ملین روپے کی جائیدادیں اور اکاؤنٹس بھی ضبط کئے گئے یونان کے دو کشتی حادثات میں مجموعی طور پر 346 انسانی سمگلروں کو گرفتار کیا گیا ہے، دسمبر 2024ء کے یونان کشتی حادثے کے بعد ملک بھر میں انسانی سمگلروں کیخلاف مہم کا آغاز کیا گیا، 182 انسانی سمگلرز کی گرفتاری کے ساتھ ساتھ 20 ایف آئی اے افسران کو بھی گرفتار کیا گیا ہے۔ ریکروٹنگ ایجنٹوں کے بھیس میں اندرون ملک پھیلے انسانی اسمگلرز سادہ لوح افراد کو یورپی ممالک بھیجنے کا جھانسہ دیتے ہیں، محفوظ اور آسان ترین سفر، سنہرے مستقبل کے خوابوں کی تعبیر، یورپ پہنچتے ہی بہترین روزگار اور رہائش کی فراہمی جیسے دل فریب وعدے کرتے ہیں۔ گزشتہ ماہ بھی یونان کے قریب غیر قانونی تارکین وطن کی ایک کشتی کو حادثہ پیش آیا تھا جس میں 40 پاکستانی تارکین وطن جاں بحق ہو گئے تھے، اطلاعات کے مطابق اُس وقت بھی ہزاروں کی تعداد میں غیر قانونی پاکستانی تارکین وطن انسانی اسمگلروں کے قبضے میں یورپ کے انتہائی تکلیف دہ زمینی اور جان لیوا سمندری سفر پر تھے جبکہ ہزاروں خواہشمند گھر کا سامان، مال مویشی بیچ کر یا قرض لے کر ایجنٹوں کو ادائیگیاں کر چکنے کے بعد یورپ کی جانب سفر کے منتظر ہیں، انسانی اسمگلنگ وہ جرم ہے جس میں چند لوگ یا گروہ اپنے مالی مفادات کیلئے بہتر روزگار اور خوشحالی کے متلاشی سادہ لوح لوگوں کا استحصال کرتے ہیں، انسانی اسمگلنگ میں ملوث گروہ متاثرین کی مجبوریوں کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ان پر نفسیاتی اور جسمانی تشدد کرتے ہیں یہاں تک کہ جان سے مارنے سے بھی گریز نہیں کرتے۔ اسپین کشتی حادثے کے بعد کچھ ایسی اطلاعات بھی آرہی ہیں جن کے مطابق انسانی اسمگلروں نے غیر قانونی تارکین وطن سے مزید رقوم کا تقاضا کرتے ہوئے کشتی کو 8 روز تک کھلے سمندر میں روکے رکھا اور اس دوران کئی افراد کو دانستہ تشدد کے بعد پانی میں پھینک دیا اور بالآخر کشتی ہی سمندر میں غرق کر دی گئی۔ ایک رپورٹ کے مطابق صرف سال 2024ء کے دوران 10 ہزار 457 کی تعداد میں مختلف ملکوں سے تعلق رکھنے والے تارکین وطن اسپین پہنچنے کی کوشش میں لقمہ اجل بن گئے۔

ایک طرف انسانی اسمگلرز ہیں جن کو لوگ جیسے تیسے کر کے لاکھوں روپے بھی ادا کرتے ہیں اور پھر خود کو یا اپنے پیاروں کو ان کے رحم و کرم پر بھی چھوڑ دیتے ہیں، دوسری طرف اپنے پیارے حاکم ہیں جن کا کوئی اعتبار ہی نہیں کرتا، کم از کم حکمرانوں پر اعتبار کرنے میں قریبی تکلیف دے موت کا رسک تو نہیں ہے، بہت ترقی نہ سہی بڑی خوشحالی نہیں تو کیا ہوا اپنے وطن میں مزدوری کر کے مشکل ہی سہی زندگی تو گزر ہی رہی ہے۔ انسانی اسمگلروں کے بیانات دخواہشات کو بھی میڈیا کوریج ملے تو کچھ اندازہ ہو سکتا ہے کہ ان کے پاس کون سی گیدڑ سنگی ہے جو لوگ ان کا اعتبار کر لیتے ہیں۔ یہاں پاکستان میں گھر بنانے کیلئے 15 لاکھ، چھوٹے سے درمیانے کاروبار کیلئے 5 1 لاکھ اور پھر آسان کاروبار کیلئے 3 کروڑ، کھیتی باڑی اور جانور پالنے کیلئے لاکھوں کے بلاسود قرض آسان شرائط پر مل رہے ہیں، تعلیم کیلئے سکالرشپ پروگرام، لیپ ٹاپ سکیم، ای بائیک اور علاج معالجہ کی سہولیات گھر کی دہلیز پر فراہم کرنے سے لے کر چھوٹے بڑے کاروباری طبقے کیلئے آسانیاں پیدا کرنے بجلی کی قیمت میں بڑی کمی اور ٹیکس نظام میں بہتری لا کر کاروبار کو آسان بنانے کی نوید سنائی جارہی ہے، 3 کروڑ قرض لے کر کاروبار کرنے والوں کو مزید کسی مشکل میں ساتھ دینے کے وعدوں کی گونج بھی سنائی دے رہی ہے، مستحق شہریوں کو مفت 3 مرلے کے پلاٹ دیئے جارہے ہیں، پاکستان سٹاک ایکسچینج تاریخ کی بلندترین سطح پر ٹریڈ کر رہی ہے، معاشی استحکام کے بعد ترقی کا سفر پوری آب وتاب کے ساتھ جاری ہے، مہنگائی کی سطح آسمان سے زمین تک گر چکی ہے، پاکستان آئی ایم ایف کو ہمیشہ کیلئے گڈ بائے کہنے کی پوزیشن میں آنے کے قریب ہے تو پاکستانیوں کو گھبراہٹ کس بات کی ہے؟ سابق وزیراعظم فرمایا کرتے تھے گھبرانا نہیں، موجودہ حاکمین بھی گھبرانے والے معلوم نہیں ہوتے، یہاں پاکستان کے اندر خوشحالی کی تازہ بہار آنے کو ہے اور وہاں یورپ کی طرف غیر قانونی ہجرت کرنے والے تاریک وطن کی ایک اور کشتی ڈوبنے کی خبر ہے، یہاں پاکستان میں گھبرانا نہیں کا پارٹ ٹو تسلی رکھو جاری ہے پھر بھی لوگ حکوت پاکستان سے 15 لاکھ یا 3 کروڑ روپے لے کر بہترین اور آسان ترین کاروبار کرنے کی بجائے یورپ پہنچنے کیلئے اپنے گھر، مال مویشی اور دیگر اثاثے بیچ کر یا بھاری سود پر قرض اُٹھا کر دوران سفر موت کا رسک بھی با خوشی اٹھا رہے ہیں؟۔ پاکستان ماہانہ لاکھوں کروڑوں یونٹ بجلی، لاکھوں کروڑوں لیٹر پٹرول مفت دینے، بیرون ملک دوروں پر اربوں روپے اور جو بجلی کبھی بنی ہی نہیں اس کے بدلے اربوں ڈالر ادا کرنے اور اپنے شہریوں پر دیگر بے شمار وسائل نچھاور کرنے کی صلاحیت سے مالا مال ملک ہے پھر بھی لوگ یورپ جانے کیلئے زندگیوں سے کیوں گزر جاتے ہیں؟ ۔ جو لوگ یورپ کے سفر پر پاکستان سے روانہ ہو چکے ہیں اُن کیلئے تو دُعا ہی کر سکتے ہیں البتہ جو ابھی یورپ جانے کے متعلق سوچ رہے ہیں یا انتظام کر رہے ہیں وہ پہلے ذرہ اپنے حکمرانوں کے بیانات اور خواہشات کی طرف توجہ فرمائیں۔ ممکن ہے یورپ جانے کا خیال دل سے نکل جائے اور وطن عزیز میں دل لگ جائے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا 22 واں اجلاس منعقد ہوا، پنجاب میں اپنی نوعیت کی پہلی ”پنجاب آسان کاروبار فنانس“ سکیم اور سی ایم پنجاب آسان کاروبار کارڈ کی منظوری دے دی گئی، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے آسان کاروبار سکیم کے لئے مفت اراضی دینے کا اعلان کیا، آسان کاروبار کے لئے 3 کروڑ روپے تک بلاسود قرضے دینے کا فیصلہ۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے لاہور میں آسان کاروبار فنانس اور آسان کاروبار کارڈ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جن کو 3 کروڑ سے زیادہ کا قرضہ چاہیے وہ بھی اپلائی کر سکتے ہیں، قرضہ ملنے کے بعد بھی کوئی مشکل آتی ہے تو ہم مدد کریں گے۔ مریم نواز کا کہنا ہے کہ اپنا کاروبار کرنا اس سے پہلے اتنا آسان نہیں تھا، آسان شرائط پر قرضہ دیں گے، طلبہ کو ایک لاکھ ای بائیکس، 65 فیصد سے زائد نمبروں پر لیپ ٹاپ بھی دینے کا اعلان، وزیراعظم محمد شہباز شریف نے یوتھ پروگرام کے تحت قرض کی رقم 5 لاکھ سے بڑھا کر 15 لاکھ روپے کرنے، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کو دی جانے والی سہولیات کو بین الاقوامی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لئے ترقی یافتہ ممالک کے ماڈلز کا اطلاق یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایس ایم ایز معیشت کی ترقی میں کلیدی اہمیت کی حامل ہیں، حکومت نوجوانوں کو کاروبار کی ترغیب دینے کے لئے سہولیات فراہم کرے گی، وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار (ایس ایم ایز) سے متعلق جائزہ اجلاس منعقد ہوا، انہوں نے چھوٹے پیمانے کے کاروبار میں خواتین کیلئے خصوصی پیکیج تشکیل دے کر جلد پیش کرنے کی بھی ہدایت کی۔ وزارت توانائی (پاور ڈویژن) نے کہا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں الیکٹرک گاڑیوں کے چارجنگ سٹیشنز کیلئے بجلی کے خصوصی رعایتی نرخ کا اعلان کر دیا گیا ہے، پاور ڈویژن کی جانب سے بدھ کو جاری بیان کے مطابق چارجنگ سٹیشنز کیلئے بجلی کا خصوصی رعایتی نرخ موجودہ 71 روپے فی یونٹ سے کم کر کے 39.70 روپے فی یونٹ کر دیا گیا ہے۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی توانائی کے اجلاس کے دوران گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا کہ بجلی کی قیمت 10 سے 12 روپے فی یونٹ کم کر سکتے ہیں، گھریلو صارفین کے لیے بجلی 4 روپے تک سستی ہو چکی ہے، آئی ایم ایف کے ساتھ کیپٹو پاور پلانٹس پر بات چیت کر رہے ہیں، اویس لغاری کا کہنا ہے کہ کیپٹو پاور پلانٹس کا معاملہ اختتام کی جانب بڑھ رہا ہے، خواہش ہے کہ بجلی کا ریٹ 50 روپے کم ہو جائے۔ پاکستانیوں تھوڑا نہیں پورا سوچو کیا ایسی خبروں کے بعد بھی یورپ سے عشق کرنا بنتا ہے؟ اپنا وطن اور اپنے پیاروں کو چھوڑ کر موت کی طرف سفر پر نکلنا درست لگتا ہے؟ غیر قانونی تو کیا قانونی طریقے سے بھی یورپ جانے کی خواہش رکھنے والے خواتین و حضرات سے گزارش ہے کہ اپنے حکمرانوں پر اعتبار نہیں تو کیا ہوا اپنے پیدا کرنے والے رب رحمان جس نے رزق دینے کا وعدہ فرمایا ہے پر بھروسہ کریں، خود کو اور اپنے پیاروں کو غیر ممالک جانے کی کوشش میں خودکشی کے سفر سے روکیں!

محمد یار فریدی رح۔ دل درد، درد جگر۔ ویسن گزر

مہمان کالم
شفقت اللہ مشتاق

انسان کی بنیادی جبلتوں میں ڈر، غم اور خوشی اہمیت رکھتے ہیں۔ انسان جب اپنے لئے فوری خطرہ محسوس کرتا ہے تو اس کا فوری ردعمل خوف، فکر، دہشت اور گھبراہٹ وغیرہ ہیں۔ اس ساری صورتحال کا علاج تسلی اور اطمینان کے چند الفاظ ہیں۔ جس طرح کہ بیماری کی حالت میں انسان خوف زدہ ہو جاتا ہے اور تیمارداری بجز حوصلہ۔ ایک روایت ہے کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا (انت الرفیق واللہ الطبیب) ترجمہ۔ تمہارا کام مریض کو اطمینان دلانا ہے علاج خدا خود کرے گا۔ ایک اور مقام پر نبی کریم ص نے فرمایا کہ جب تم کسی مریض کے پاس جاؤ تو اس کی اجل کو مہلت دو (یعنی امید دلاؤ اور حوصلہ دو) کیونکہ ایسا کرنے سے اس کو نفسیاتی حوصلہ ہوتا ہے۔ یہاں یہ امر واضح کرنا ضروری ہے کہ گھبراہٹ، دہشت، خوف اور غم کا ماخذ بیماری، سماجی جھگڑے، فسادات اور جنگوں کے علاوہ خاندانی یا قرابتی مسائل بھی ہو سکتے ہیں۔ ان حالات سے ہمیشہ ہی پوری کائنات نبرد آزما ہوئی ہے اور انسان مسائل کا شکار رہا ہے۔ انبیا، رسل یا ان کی تقلید میں کام کرنے والوں نے ان مسائل کی نوعیت کا ہمیشہ ہی ادراک کیا ہے اور کوشش کی ہے کہ انسان کی ڈھارس بندھائی جائے، اس کو حوصلہ دیا جائے، اس کا مورال بلند کیا جائے، اس کی اشک شوئی کی جائے اور اس کے تن مردہ میں روح ڈالی جائے۔ اسی سلسلے میں انسان کو خوف کی کیفیت سے نکالنے کے لئے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا گیا ہے کہ جن لوگوں نے کہا اللہ ہمارا رب ہے اور پھر وہ اس پر قائم رہے ان کو کسی قسم کا ڈر نہ ہوگا زندگی بڑی حساس ہے۔ خوف ون پونے۔ موسم کی شدت کا خوف، بھوکے مر جانے کا خوف، بیماری کی صورت میں دوا دارو کے بغیر مر جانے کا خوف، شریکے میں ناک کٹ جانے کا خوف اور پھر عزت بچانے کے چکر میں ست اکونجا اور قید ہو جانے کا خوف، پولیس کا خوف، چوروں اور ڈاکوؤں کا خوف، جنوں بھوتوں کا خوف، بارشوں میں کچے مکان گر جانے اور پھر بغیر چھت زندگی گزارنے کا خوف، وڈیرے کے سامنے سچی بات کا منہ سے نکل جانے اور پھر اس کے نتیجے میں نقصان کے ہونے کا خوف، پیر کی نذر کرنے کے لئے جیب میں کچھ نہ ہونے اور اس کی وجہ سے پیر کی نظر سے گر جانے کا خوف، آسمان سے بجلی کے گرنے کا خوف، فصل کے تباہ ہونے کا خوف اور اس طرح کے بے شمار خوف۔ یا تو بندے کو چپ لگ جاتی ہے یا پھر اس کی زبان بے لگام ہو جاتی ہے۔ دونوں صورتوں میں معاشرے میں طوائف الملوکی پھیل جانے کا خوف، ہڑبونگ، بلوے، شور شرابے حالانکہ شورے اور شراب میں بڑا فرق ہوتا ہے، اور پھر خون خرابے۔ خوف زدہ شخص کے پاس ایک آپشن راہ فرار کا بھی ہوتا ہے جبکہ اللہ تعالی کا حکم ہے کہ آپ متحرک زندگی گزاریں اور صرف مجھ سے ڈریں تو آپ کو نہ تو کوئی خوف ہوگا اور نہ ہی کوئی ملال۔ موجاں ہی موجاں (چنتا نہیں نظروں میں یاں خلعت سلطانی۔۔۔ کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا) کسی دور میں گدا پوری دنیا کو اپنے جوتے کی نوک پر سمجھتے تھے۔ کیا زمانہ آگیا ہے اب ایک گداگروں کی منڈی لگی ہوئی ہے اور اوپر سے ! دیکھنے والوں کی نظریں لوگوں کی جیبوں پر برابر لگی ہوئی ہیں۔ طریقت طریقہ سے اخذ ہے اور مستعمل معنی کے اعتبار سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے زندگی گزارنے کے طریقے کو اپنانے والے طریقت کے پیروکار سمجھے جاتےہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے ہاں اپنے آپ کو ماڈل کے طور پر پیش کرنے کا تصور پایا جاتا ہے۔ آپ جو فرماتے تھے وہ عملی طور پر کر کے دکھاتے تھے۔ معاشرتی طور پر پسے ہوئے طبقے کو آپ نے کامیاب زندگی گزارنے کا گر سکھایا۔ اللہ تعالیٰ کے سوا سب کے سامنے ڈٹ جانے کا ڈھنگ سکھایا۔ تکلیفوں پریشانیوں اور مصیبتوں میں فلسفہ صبر و رضا پر کاربند رہنے کا طریقہ بتا دیا اور لذت آشنائی کی بدولت ان میں شان بے نیازی پیدا کر دی۔ آئمہ اہل بیت، صحابہ کرام اور صوفیائے کرام کی زندگیوں میں متذکرہ بالا صفات کو دیکھا جا سکتا ہے۔ ان حضرات نے خوف زدہ اور دردوں کے بوجھ تلے دبی ہوئی قوم کو نہ صرف جگایا بلکہ ان لوگوں کی علمی، فکری، روحانی اور نفسیاتی طور پر تربیت کی گئی اور ان کو آنے والے وقتوں کے لئے یہ اہم کام کرنے کے لئے تیار کیا گیا تاکہ اس کار خیر کے تسلسل کو آگے بڑھایا جائے۔ پیر ضیاء الحق نقشبندی سے میری پہلی ملاقات لاہور میں ہوئی تھی۔ وہ الامین اکیڈمی کے مہتمم ہیں الامین اکیڈمی کے سرپرست اعلیٰ مجیب الرحمٰن شامی معروف صحافی اور دانشور ہیں۔ یہاں غریب بچوں کی مقابلے کے امتحان کے لئے بلا معاوضہ تیاری کروائی جاتی ہے۔ یوں پیر مذکور کار خیر کا کام کرتے ہیں اس لئے ان کو ستے خیراں ہیں۔ خیر نال گذشتہ دنوں راجن پور تشریف لائے اور ان کی معیت میں ہم گڑھی اختیار خان ضلع رحیم یار خاں پہنچے۔ جہاں خواجہ محمد یار فریدی رح کا مزار ہے۔ ہندوستان میں سلسلہ چشتیہ نے شریعت و معرفت اور طریقت کا کام کیا ہے اور خوب کیا ہے۔ جہاں بھی گئے داستاں چھوڑ آئے۔ علمی ماحول پیدا کیا، لوگوں میں ذوق شوق پیدا کیا، جبر اور خوف سے دبی لوکائی میں حوصلہ پیدا کیا اور ایک ایسا طبقہ بھی پیدا کیا جس نے ان کے کام کو آگے بڑھایا۔ خواجہ محمد یار فریدی رح معروف صوفی شاعر خواجہ غلام فرید رح کے مرید، شاگرد اور خلیفہ تھے۔ خواجہ غلام فرید کی علمیت اور روحانیت کا ان پر گہرا اثر نظر آتا ہے۔ شاید یہی وجہ ہے کہ ہر دو کا کلام بھی بعض اوقات مکس اپ ہو جاتا ہے تاہم صوفیاء کے ہاں فیض سارا شیخ کی نظر کا ہوتا ہے اور تصوف میں شیخ کی توجہ حاصل کرنا ہی اصل کام ہے اور آج اصل کام کا تصور۔ الا ماشاء اللہ۔ خواجہ غلام قطب الدین فریدی سے بھی تین ملاقاتیں ہوئی ہیں۔ وہ خواجہ محمد یار فریدی رح کے پوتے ہیں۔ اردو اور پنجابی کے باکمال شاعر ہیں۔ ذوق شوق، رکھ رکھاؤ، محبت و شفقت، سوز و گداز، عجز و انکساری اور تحقیق و جستجو ان کے ہاں بیک وقت۔ لنگر، محفل سماع اور سلسلہ چشتیہ۔ سلسلہ جاری و ساری۔ پیری مریدی کے حوالے سے خرافات کی باتیں شاید علم و معرفت سے ہم سب دور ہو گئے ہیں۔ یہ خوش آئند بات ہے کہ خواجہ قطب الدین فریدی ماحول کو شریعت اور طریقت کے مطابق بنانے کی پوری کوشش کر رہے ہیں۔ خواجہ محمد یار فریدی کا معروف کلام (دل دردتوں ماندی ناں تھی درد جگر ایویں ہوندین۔۔۔ ویسن گزر اصلوں ناں ڈر کھی قہر ایویں ہوندین) اس کلام میں انہوں نے ہم سب کو زندہ رہنے کا مشورہ دیا ہے۔ حوصلہ پیدا کیا ہے۔ تکلیفوں میں ثابت قدم رہنے کا مشورہ دیا ہے اور سدا ایک جیسے حالات نہیں رہتے بہت بڑی حقیقت بے نقاب۔ یہی وہ پیغام ہے جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے پوری دنیا کو دیا تھا اور پھر کو بہ کو پھیل گئی بات شناسائی کی۔

غزہ نے تاریخ کا دھارا بدل دیا

پُکار
0300
6489433
ایم فاروق انجم بُھٹہ
mfarooqanjumbhutta@gmail.com

جن کا خیال تھا کہ حماس کی مزاحمت کو ختم کر دیا گیا ہے اور اب وہ قصہ ماضی ہے، انہیں خبر ہو کہ اسرائیل کو اسی مزاحمت کے نمائندوں کے ساتھ بیٹھ کر معاہدہ کرنا پڑا ہے اور معاہدہ بھی وہی ہے جس پر فلسطینی مزاحمت پہلے دن سے رضامند تھی، مگر نیتن یاہو نے جسے قبول کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ جن کا خیال تھا کہ غزہ اب قصہ پارینہ بن چکا اور یہاں اسرائیل ساحل کے ساتھ اب اپنی بستیاں آباد کرے گا، ان کو خبر ہو کہ معاہدے کی رو سے غزہ، غزہ والوں کے پاس ہے۔ جن کا خیال تھا کہ شمالی غزہ سے فلسطینیوں کو مکمل طور پر بے دخل کر دیا جائے گا، انہیں خبر ہو کہ شمالی غزہ پر اہل غزہ کا حق تسلیم کروا لیا گیا ہے۔ جن کو یقین تھا کہ فلاڈلفیا اور نیٹسارم کاریڈور اب ہمیشہ کے لیے اسرائیلی فوج کے بوٹوں تلے رہیں گے انہیں خبر ہو کہ دونوں کاریڈورز سے اسرائیل کو انخلا کرنا ہوگا۔ جن کا خیال تھا مزاحمت کاروں کو یوں کچل دیا جائے گا کہ ان کی نسلیں یاد رکھیں گے وہ اب بیٹھے سر پیٹ رہے ہیں کہ صرف بیت حنون میں اتنے اسرائیلی فوجی مارے گئے جتنے آج تک کی جنگوں میں نہیں مارے گئے۔ جن کا خیال تھا چند سر پھروں کی مزاحمت کچل دی گئی، انہیں خبر ہو کہ اسرائیلی بریگیڈیر عامر اوی دہائی دے رہا ہے کہ مزاحمت تو آج بھی پوری قوت کے ساتھ موجود ہے، لیکن اسرائیل گھائل ہو چکا، مزاحمت کار تو نئی بھرتیاں کر رہے ہیں، لیکن اسرائیل سے لوگ بھاگ رہے ہیں کہ جبری فوجی سروس نہ لی جائے۔ غزہ میں مزاحمت متحد ہے۔ لوگوں پر قیامت بیت گئی، بچے ٹھٹھر کر مر گئے، قبریں کم پڑ گئیں، لیکن کوئی تقسیم نہیں ہے۔ سب ڈٹ کر کھڑے ہیں، لہو میں ڈوبے ہیں لیکن خدا کی رحمت سے مایوس نہیں۔ اُدھر اسرائیل ہے جہاں مایوسی اور فرسٹریشن میں دراڑیں واضح ہیں۔ ہرادی یہودی اسرائیلی حکومت کو سیدھے ہو چکے ہیں کہ ملک تو چھوڑ دیں گے لیکن لڑائی میں شامل نہیں ہوں گے۔ اسرائیل کا فنانس منسٹر بزالل سموٹرچ دھمکی دے رہا ہے کہ یہ معاہدہ اسرائیل کی شکست ہے، وہ حکومت سے الگ ہو جائے گا۔ نیشنل سیکیورٹی کا وزیر اتمار بن گویر بھی دہائی دے رہا ہے کہ اس وقت ایسا کوئی معاہدہ شکست کے مترادف ہے۔ ایرل سیگل چیخ رہا ہے یہ معاہدہ اسرائیل پر مسلط کیا گیا ہے۔ یوسی یوشع کہتا ہے بہت برا معاہدہ ہوا لیکن ہم بے بس ہو چکے تھے، اور کیا کرتے۔ مقامی خوف فروشوں سے اب کوئی جا کر پوچھے، حساب سود و زیاں کا گوشوارہ کیا کہتا ہے۔ اسرائیل کے جنگی مبصرین دہائی دے رہے ہیں کہ جس دن امریکہ کمزور پڑ گیا یا اس نے منہ پھیر لیا اس دن اسرائیل کا کھیل ختم ہو جائے گا۔ اسرائیلی فضائیہ کے افسران گن گن کر بتا رہے ہیں کہ امریکی امداد نہ پہنچتی تو اسرائیل تیسرے ہفتے میں جنگ کے قابل نہ تھا۔ وہ حیران ہیں کہ ایک چھوٹا سا شہر ہے، ہزاروں قتل ہوئے پڑے اور لاکھوں زخمی، دنیا نے منہ موڑ رکھا، کئی ایٹم بموں کے برابر سلحہ ان پر پھونک دیا گیا، کہیں سے کوئی امداد نہیں ملی، اسلحہ تو دور کی بات انہیں کوئی مسلمان ملک پانی اور خوراک تک نہ دے سکا، لیکن وہ ڈٹے رہے، کیسے ڈٹے رہے۔ وہ لڑتے رہے، کیسے لڑتے رہے؟ کچھ وہ تھے جن کے سر قضا کھیل چکی، اور کچھ وہ تھے جو اس کے منتظر تھے، قدم مگر کسی کے نہ لڑکھڑائے۔ ہبر یو یونیورسٹی میں قائم عارضی وار روم میں اب پہلی تحقیق اس بات پر ہونے لگی ہے کہ ان حالات میں مزاحمت کیسے قائم رہی؟ حوصلے کیوں نہ ٹوٹے۔ دنیا اب ویت نام کی مزاحمت بھول چکی ہے۔ دنیا آئندہ یہ پڑھا کرے گی کہ غزہ میں ایسی مزاحمت کیسے ممکن ہوئی؟ جس مزاحمت کا نام لینے پر مغرب کے سوشل میڈیا کے کمیونٹی سٹینڈرڈز کو کھانسی، تپ دق، تشنج اور پولیو جیسی مہلک بیماریاں لاحق ہو جاتی تھیں، اتفاق دیکھیے اسی مزاحمت کے ساتھ مذاکرات کرنا پڑے، معاہدے میں اسی مزاحمت کا نام لکھنا پڑا اور عالم یہ ہے کہ امریکی صدر اور نو منتخب امریکی صدر میں کریڈٹ کا جھگڑا چل رہا ہے کہ سہرا کس کے سر باندھا جائے۔ دنیا اپنے فوجیوں کی تحسین کرتی ہے مگر ادھر خوف کی فضا یہ ہے کہ غزہ میں لڑنے والے اسرائیلی فوجیوں کی شناخت خفیہ رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے کہ کہیں کسی ملک میں جنگی جرائم میں دھر نہ لیے جائیں۔ ان جنگی مجرموں کے لیے باقاعدہ مشاورتی فرمان جاری ہو رہے ہیں کہ بیرون ملک جائیں تو گرفتاری سے بچنے کے لیے کون کون سے طریقے استعمال کیے جائیں۔ خود نیتن یاہو کے لیے ممکن نہیں کہ دنیا میں آزادانہ گھوم سکے۔ قانون کی گرفت میں آنے کا خوف دامن گیر ہے۔ یہ فاتح فوج کے ڈھنگ ہیں یا کسی عالمی اچھوت کے نقوش ہیں جو ابھر رہے ہیں؟ ادھر اسرائیل میں بائیڈن کے سفیر جیک لیو کا کہنا ہے کہ اسرائیل نے نہ صرف گلوبل ساؤتھ گنوا دیا ہے بلکہ مغرب بھی اس کے ہاتھ سے جا رہا ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ ہم تو اسرائیل کے ساتھ ہیں لیکن نئی نسل کچھ اور سوچ رہی ہے اور اگلے بیس تیس سال میں معاملات نئی نسل کے ہاتھ میں ہوں گے۔ جیک لیو کے مطابق بائڈن اس نسل کا آخری صدر تھا جو اسرائیل کے قیام کے بیانیے کے زیر اثر بڑی ہوئی۔ اب بیانیہ بدل رہا ہے۔ نیا بیانیہ کیا ہے؟ نیا بیانیہ یہ ہے کہ امریکہ میں ایک تہائی یہودی ٹین ایجرز فلسطینی مزاحمت کی تائید کر رہے ہیں۔ 42 فی صد ٹین ایجر امریکی یہودیوں کا کہنا ہے کہ اسرائیل نسل کشی کا جرم کر رہا ہے۔ 66 فی صد امریکی ٹین ایجر یہودی فلسطینی عوام سے ہمدردی رکھتے ہیں۔۔۔۔ کیا یہ کوئی معمولی اعداد و شمار ہیں؟ غزہ نے اپنی لڑائی اپنی مظلومیت اور عزیمت کے امتزاج سے لڑی ہے ورنہ مسلم ممالک کی بے نیازی تو تھی ہی، مسلمان دانشوروں کی بڑی تعداد نے بھی اپنے فیس بک اکاؤنٹ کی سلامتی کی قیمت پر غزہ کو فراموش کر دیا تھا۔ اسرائیل کا مظلومیت کا جھوٹا بیانیہ تحلیل ہو چکا ہے۔ دنیا کے سب سے مہذب فاتح کی کوزہ گری کرنے والی فقیہان خود معاملہ طفولیت میں ہی صدمے سے گونگے ہو چکے۔ مرعوب مجاورین کا ڈسکو کورس منہدم ہو چکا ہے۔ انکے جو ممدوح مزاحمت کو ختم کرنے گئے تھے، اسی مزاحمت سے معاہدہ کر کے لوٹ رہے ہیں۔ جدوجہد ابھی طویل ہوگی، اس سفر سے جانے کتنی مزید عزیمتیں لپٹی ہوں، ہاں مگر مزاحمت باقی ہے، باقی رہے گی۔ مزاحمتیں ایسے کب ختم ہوتی ہیں؟ ڈیوڈ ہرسٹ نے کتنی خوب صورت بات کی ہے کہ غزہ نے تاریخ کا دھارا بدل دیا ہے۔

معیشت مضبوط ہونے کی خوشخبری

طلسم خیال
طاہر قریشی

معیشت مضبوط ہونے کی خوش خبری آج کل زور و شور سے اہل وطن کو سنائی جارہی ہے کہ ”ہم نے معیشت مضبوط کر دی ہے، ملک میں اقتصادی استحکام پیدا ہو چکا ہے، پاکستان اقتصادی و سماجی لحاظ سے ایک طاقت ور اور خوش حال ترقی یافتہ ملک کی حیثیت اختیار کر چکا ہے۔“ شاید ہی کوئی ایسا پاکستانی ایسا ہو جس کا دل یہ اعلانات سن کر خوشی محسوس نہ کر رہا ہو لیکن وہ اس بات پر یقین کرنا اپنے لیے مشکل پاتا ہے کہ ملک اس وقت بھی بے حساب بیرونی قرضوں میں جکڑا ہوا اور اب بھی بیرون ممالک، عالمی بنک اور آئی ایم ایف سے امداد لینے کی باتیں کی جارہی ہیں اور اس کے ساتھ ہی ہمارے وزیر اعظم اپنی ان تھک کوششوں اور محنت سے اس کام میں پوری لگن کے ساتھ جٹے ہوئے۔ اب اس میں وہ کتنی حد تک کامیاب ٹھہرے یہ تو وہ، ان کے رفقاء یا ان کے سرپرست ہی جان سکتے ہیں کہ اس میں کتنی حقیقت ہے۔ اہلِ وطن کا تعلیم یافتہ طبقہ اکثر یہ سوال کرتا نظر آرہا ہوتا ہے کہ ”اگر معیشت مضبوط اور مستحکم ہوگئی ہے تو پھر قرضہ کیوں لیا جارہا ہے اور اہلِ وطن کے قرضوں کا بوجھ کیوں کم نہیں ہو رہا؟“ اب اس کا جواب کس کے پاس ہے اور کون جواب دہ ہے؟ روزانہ کی بنیاد پر ملکی اخبارات میں قرضہ لینے کی کوئی نہ کوئی لازمی خبر نظر آرہی ہوتی ہے اور اس کے ساتھ ہی قرضہ کا بوجھ کتنا بڑھ گیا ہے وطنِ عزیز پر، اس پر بھی بات چیت ہوتی نظر آرہی ہوتی ہے پر کوئی حل یا قرضہ میں کمی کی کوئی خبر یا بات چیت منظر عام پر نہیں آتی یا لائی نہیں جاتی۔ ایسا کیوں ہے یا کیوں کیا جارہا ہے؟ یہ معمہ ہے جس کا کوئی حل نہیں۔ صاحبِ اقتدار چاہے وہ وفاق میں ہوں یا صوبوں میں ہر طرف ہی شاہ خرچیاں ہی نظر آرہی ہوتی ہیں اور اس کے ساتھ ہی نوکر شاہی، افسر شاہی یا پھر جن کی سرپرستی میں یہ حکومت وجود میں آئی تھی وہ ہی پُرامن اور پُرسکون انداز میں عیاشی کے ساتھ زندگی گزارتے نظر آرہے ہوتے ہیں وہ بھی اس طرح جیسے وطنِ عزیز قرض لینے والا نہیں بلکہ قرضہ دینا والا ملک ہے۔ ہمارے ایک استاد محترم فرمایا کرتے تھے کہ ”پاکستان وہ واحد ملک ہے جو غریب، مسکین اور قرض دار ہے اور یہاں کا ایک خاص طبقہ اور سیاست دان امیر بلکہ اتنا امیر ہے کہ ایک پل میں ہی پاکستان کا قرضہ اتار سکتا ہے اور انہیں کوئی فرق بھی نہیں پڑے گا“ اور اگر ہم حقیقت کی آنکھ سے دیکھیں تو استاد محترم کی یہ بات حق و سچ پر مبنی ہی نظر آتی ہے۔ اگر ہم ایک نظر وطنِ عزیز کے بڑے شہروں میں رہائش پذیر امراء کو دیکھیں اور ان کے طرزِ زندگی کی طرف ایک نظر ڈالیں تو اس بات کے سچ ہونے میں کوئی شک نہیں رہے جاتا پر کیا کیجئے کہ ہمیں ملک سے کیا لینا دینا، ہمیں بس اپنے مفاد عزیز ہے اور اس میں کسی بھی قسم کی کمی نہیں ہونی چاہیے اپنے مفاد کے لیے اگر عام عوام کی چمڑی بھی ادھڑ جائے ان کی بلا سے۔ سیاست دان، امراء، کاروباری افراد کے ساتھ ہی اسٹیبلشمنٹ ہی کیوں نہ ہو اپنے مفاد کے حصول کے لیے قوانین میں ترامیم کے ساتھ ردو بدل کرنے کی سیاہ ترین تاریخ صرف ”مملکتِ خداداد پاکستان“ میں ہی ملتی ہے۔

وطنِ عزیز میں جہاں مہنگائی، بے روزگاری اور بدامنی نے اہلِ وطن کی زندگی اجیرن کر رکھی ہے اور معاشرہ اب واضح دو حصوں میں بٹ چکا ہے۔ ایک انتہائی امیر اور دوسرا انتہائی غریب، عوام ایک تذبذب کا شکار ہو کر رہ گئی ہے، یہ سن کر کہ ”غریبوں کی حالت جلد بدلنے والی ہے“ اگر ایسا ہوتا ہے تو یہ کسی معجزے سے کم نہیں ہوگا پر ایسا ہوتا نظر نہیں آرہا یا یوں کہا جائے کہ یہ ناممکنات میں سے تو درست ہوگا۔ سیاست دان چاہے وہ صاحب اقتدار ہو یا حزبِ اختلاف کا اس کو عوام سے یا ان کے مسائل سے کوئی سروکار نہیں ہوتا، عوام جائے بھاڑ میں، مہنگائی کے عذاب میں دب کر مر جائے یا جیے یہ عوام کو خود ہی دیکھنا ہوگا ان کو عوام کوئی فکر نہیں پر اپنے بیانات میں نشر و اشاعت کے ذرائع کا استعمال کرتے ہوئے ایسا لگتا ہے کہ عوام کی پریشانیوں کی وجہ سے یہ بے چارے دن رات فکر میں گھل رہے ہیں، ان کا چین و سکون برباد ہو گیا ہے اور یہ سب نہ تو صحیح سے کھا پی سکتے ہے اور نہ ہی آرام سے سو سکتے ہیں، صد افسوس کہ یہ سب بس بیانات میں ہی نظر آتا ہے اس کا حقیقت سے دور تک کا بھی کوئی واسطہ نہیں نظر آرہا ہوتا۔

ملک میں اگر کوئی تبدیلی آنی ہو تو اس کے کم از کم آثار ضرور ظاہر ہوتے ہیں۔ ہمارے ہاں منفی علامتیں تو بہت نظر آرہی ہیں لیکن مثبت و امید افزا نشانیوں کا دور دور تک کوئی پتہ نہیں۔ حکومتی اہل کاروں کے دلفریب نعرے سن سن کر لوگ اکتا گئے ہیں۔ غیر ترقیاتی کاموں، انتظامیہ اور تختیاں لگانے میں اس قوم کا سرمایہ بے دریغ استعمال کیا جاتا ہے اور ایک بار نہیں کئی کئی بار ایک ہی جگہ اور کام پر تختیاں تبدیل کی جاتی ہیں جیسے کہ مفت میں یہ کام سرانجام دیا گیا ہو۔ مہنگائی اگر نوٹس لینے، تقاریر کرنے یا احکامات جاری کرنے سے ضبط میں آجانا ہوتا تو یہ کام بہت پہلے ہو جاتا اور وطنِ عزیز میں ہر ایک شخص خوش حال اور پُرسکون زندگی گزار رہا ہوتا اور یہاں کوئی چوری چکاری، بدعنوانی، ذخیرہ اندوزی، ہیرا پھیری، اسٹریٹ کرائم اور مہنگائی جیسے کام وطنِ عزیز میں نہ ہو رہے ہوتے، عوام خوش حال نہ ہو بس وہ اپنے مسائل میں گھری رہے تا کہ وہ ان کی طرف توجہ ہی نہ دے پائے کہ وہ کیا کیا کارنامہ ہائے انجام دے رہے ہیں۔ ویسے وطنِ عزیز میں دیکھا جائے تو بظاہر یہی محسوس ہوتا ہے کہ یہ روز روز کی گرانی اور افراط زر میں اضافے کے باعث رہی سہی قوت برداشت بھی جواب دے جائے گی۔ بجٹ آنے میں ابھی چند ماہ باقی ہے پر ابھی سے کئی حلقے اس پر بحث و مباحثہ کرتے نظر آرہے ہیں لیکن حقیقت کی آنکھ سے دیکھا جائے تو وطنِ عزیز روزانہ کی بنیاد پہ عام اشیاء کی قیمتیں آسمان تک پہنچ گئی ہیں۔ یہ بات اپنی جگہ درست ہے کہ مہنگائی کا سیلاب صرف پاکستان تک محدود نہیں ہے بلکہ باقی دنیا بھی اس کی لپیٹ میں ہے لیکن ہم میں اور ان میں بہت بڑا فرق ہے۔ وہاں مہنگائی کے ساتھ ساتھ اُجرت میں بھی اسی تناسب سے اضافہ کیا جاتا ہے۔ اس لیے وہاں کی عوام پر اس کا کوئی خاص اثر نہیں پڑتا جبکہ ہمارے منہگائی میں اضافہ چھپڑ پھاڑ کے ہوتا ہے اور اس حساب سے اُجرت میں بھی کمی آجاتی ہے کیوں کہ سرمایہ دار کہتا نظر آتا ہے کہ نقصان ہو رہا، نفع کم ہو گیا کہ ہم اپنا لگایا گیا سرمایہ بھی پوری طرح وصول نہیں کر پا رہے تو ہم اُجرت میں اضافہ کیسے کریں اگر کارکنان زیادہ زور دیں تو ان کو فارغ کر کے بے روزگار کر دیا جاتا ہے بغیر کسی لحاظ کے۔ امریکہ میں آج بھی اجرت دس ڈالر فی گھنٹہ ہے جبکہ پاکستان میں اُجرت کا معیار یہ ہے کہ امریکہ میں جو شخص ایک دن میں کماتا ہے پاکستان میں یہ ایک ماہ کی کمائی بھی نہیں۔ اگر ہم دنیا میں اُجرتوں کا موازنہ کریں تو پاکستان میں ایک عام مزدور کی کم از کم تنخواہ پندرہ ہزار روپے سے شروع ہوتی ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ وطنِ عزیز میں بیرونی سرمایہ کاری نہ ہونے کر برابر رہ گی ہے وہ بھی ہمارے حکمرانوں کی بدعنوانی اور غلط پالیسیوں کی وجہ سے اور جتنی بھی سرمایہ کاری ہو رہی ہے اس سے آبادی کے ایک بہت خاص طبقہ ہی فائدہ حاصل کر رہا ہے۔ پچانوے فیصد عوام اب بھی غربت کی چکی میں پس رہی ہے۔ پچیس کروڑ کی آبادی میں تقریباً دس کروڑ لوگ خط غربت کی لکیر سے بھی نیچے زندگی بسر کر رہے ہیں۔ معاشی ترقی کا دارو مدار صنعتی پیداوار پر ہے نہ کہ مہنگی گاڑیاں، بڑے بڑے محل نما مکانات، فاسٹ فوڈ ریسٹورنٹ، بیالیس ملین موبائل فون کے استعمال کو معاشی ترقی کا نام نہیں دیا جا سکتا۔ بقول وزیر اعظم گزشتہ برس فی کس آمدنی سولہ سو اسی ڈالر رہی جس سے پتہ چلتا ہے کہ معاشرہ کے تقریباً تمام طبقوں کا معیارِ زندگی خراب ہوا ہے۔ اس میں ”وہ کیا اوڑھے گا، کیا پہنے گا، کیا کھائے گا“ شاید یہی وجہ ہے کہ پاکستان میں روزانہ سیکڑوں لوگ لٹ رہے ہیں، ان گنت ڈکیتیاں ہو رہی ہیں اور ان گنت ہی انسانی زندگی بھی ضائع ہو رہی ہیں اور ساتھ ہی معاشرہ بہت تیزی کے ساتھ بے راہ روی کا شکار ہوتا جا رہا ہے۔ اب وطنِ عزیز میں کسی کی بھی جان و مال، عزت و آبرو کی کوئی ضمانت نہیں رہی۔ بس اللہ رب العزت ہی خیر کرے آمین۔

اب بھی عوام کو بنیادی سہولیات میسر نہیں ہے۔ پینے کا صاف پانی، بجلی، گیس، صحت، تعلیم کی صورتِ حال مجموعی طور پر دیکھی جائے تو بہت بدتر نظر آرہی ہے۔ یہاں کا بھی عجب معاملہ کہ صبح شام ترقی کے گیت گائے جاتے ہیں جبکہ لوگوں کو بنیادی سہولتیں جن میں پیش پیش پانی ہے وہ بھی دستیاب نہیں ہے۔ ویسے بھی پاکستان کا باوا آدم ہمیشہ سے ہی نرالا رہا ہے۔ اس وقت قوم بجلی، پانی، گیس، بے روزگاری، امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتِ حال، تعلیم، اسپتالوں کی حالت زار سے دوچار ہے جبکہ ہر حکومت کا یہ فرض ہوتا ہے کہ وہ ان چیزوں کی فراہمی کو یقینی بنائے۔ آج کے دور میں معیشت کی ترقی جانچنے کے پیمانے تبدیل ہو چکے ہیں۔ محض یہ کہنے سے کہ جی ڈی پی کی شرح میں اضافہ ہو گیا ہے یا لوگ اگر ایک سو ساٹھ روپے کلو چینی خرید رہے ہیں تو اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ ان کا معیارِ زندگی بلند ہو گیا ہے۔ یہ ان کی مجبوری ہے۔ عوام کا معیارِ زندگی پرکھنا ہو تو چھوٹے شہروں، گاؤں کا چکر لگائیں، بسوں میں بیٹھے مسافروں کی شکلوں کو دیکھیں، چلچلاتی دھوپ میں لوگوں کو بھیک مانگتے دیکھیں، اسپتالوں کا رخ کر کے وہاں کی حالتِ زار دیکھیں۔ بجلی کی فراہمی میں تعطل رہنے کی وجہ سے جو تباہی ہو رہی ہے، انسان ہلاک ہو رہے ہیں، ان کی طرف نظر دوڑائیں، سوکھی نہروں کو دیکھیں، اداس چہروں کو دیکھیں، معصوم بچوں کو بھیک مانگتے ہوئے دیکھیں، کچرے کے ڈھیروں میں سے لوگوں کو کھانا تلاش کرتے ہوئے دیکھیں، گاؤں، دیہاتوں میں آج بھی لوگ پھٹے ہوئے کپڑوں اور ننگے پیر چلتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ نہ تو کوئی حکمتِ عملی ہے اور نہ ہی کوئی منصوبہ بندی۔ ہر کام ایڈہاک ازم کے ذریعے چلایا جارہا ہے۔ حکومت بے بس نظر آرہی ہے اس لیے کہ یہ لوگ بڑی پہنچ والے ہیں۔ کیا یہ مہنگائی کا حل ہے؟ اگر ہم وطنِ عزیز میں غریبوں کے دکھوں کا مداوا نہیں کر سکتے، عوام کو پُرسکون زندگی نہیں دے سکتے تو غربت میں حصہ دار تو بن سکتے ہیں۔ اس کی شرط یہ ہے کہ اونچا طبقہ فضول خرچی اور عیاشیاں ترک کر کے سادہ طرزِ حیات اختیار کرے۔ عام طور پر یہ خیال کیا جاتا ہے کہ غیر ضروری و غیر ملکی دوروں میں خوامخواہ اربوں روپے خرچ کیے جاتے ہیں ان دوروں سے وطنِ عزیز کو آج تک کوئی خاص فائدہ نہیں پہنچا۔ خصوصی طیاروں کے بجائے عام طیاروں میں سفر کریں تو غریبوں کی حالت بدلی جا سکتی ہے۔ اس حقیقت کو تسلیم کرنا پڑے گا کہ پچھلے کئی سالوں میں مہنگائی اور تیل کی قیمتوں نے سابقہ ریکارڈ توڑ دیئے ہیں۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ حکومت کی معاشی ٹیم نے کامیابیاں بھی حاصل کی ہیں۔ خزانہ بھی کچھ بھرا ہے لیکن اس حقیقت کو جھٹلانا بھی مشکل ہے کہ اس زبردست معاشی ترقی کے ثمرات نچلی سطح تک نہیں پہنچ پائے ہیں

اور یہ سب معاشی ترقی اس وقت تک بے معنی رہے گی جب تک اس کے فوائد نچلی سطح تک نہیں پہنچ پاتے۔ اب عملی اقدامات کرنے کا وقت ہے، نعروں اور تقریروں سے کام نہیں چلے گا۔ اب عوام کو حقیقی ریلیف چاہیے کیوں کہ عوام باشعور ہو گئی ہے اور وہ خالی وعدوں پر گزارا نہیں کرنے والی، اس بارے میں حکومت کو سنجیدگی سے سوچنا ہوگا۔ اللہ رب العزت وطنِ عزیز کو ترقی عطا فرمائے، ہمیں نیک و دین دار حکمران عطا فرمائے اور ہم سب کو نیک اعمال کرنے کی توفیق عطا فرمائے آمین۔



اداکارہ نیہا شرما کی جانب سے انسٹاگرام پر شیئر کی گئی تصویر

کبری خان اور گوہر رشید آئندہ ماہ 22 فروری کو شادی کرنے جارہے ہیں

کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ کبری خان نے ڈھکے چھپے الفاظ میں آئندہ ماہ شادی کا اعتراف کرلیا۔ حال ہی میں نجی ٹی وی چینل کی جانب سے ایوارڈ شو کا انعقاد کیا گیا جہاں کبری خان نے میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کی۔ دوران گفتگو کبری خان نے آئندہ ماہ شادی سے متعلق گردش کرنے والی خبروں پر لب کشائی کی۔ کانٹینٹ کری ایٹر نے اداکارہ سے ان کے قریبی دوست گوہر رشید گوہر کی عدم موجودگی کے حوالے سے سوال کیا جس پر انہوں نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ مجھے معلوم نہیں ہے، انہیں یہاں ہونا چاہیے۔ کانٹینٹ کری ایٹر نے کبری خان نے مزید پوچھا کہ آپ فروری میں شادی کرنے والی ہیں؟ ان کے سوال کا جواب دیتے ہوئے اداکارہ نے ڈھکے چھپے الفاظ میں شادی کی تصدیق کردی۔

اداکار ریتک روشن کی سعودی عرب میں پذیرائی، اعزاز سے نوازا گیا

ریاض (این این آئی) بالی ووڈ فلم انڈسٹری میں اپنے 25 برس مکمل کرنے والے اداکار ریتک روشن کو سعودی عرب میں جوائے ایوارڈ سے نوازا گیا۔ یہ ایوارڈ شو سعودی عرب کا سب سے بڑا ایونٹ ہے جو عرب دنیا کے فنکاروں کی کامیابیوں کو تسلیم کرتا ہے۔ اس تقریب میں شردھا کپور بھی ایک پریزنٹر کے طور پر موجود تھیں۔ یاد رہے کہ ریتک نے 2000 کی فلم کہونہ پیار ہے سے فلمی دنیا میں قدم رکھا تھا۔ ایوارڈ قبول کرتے ہوئے ریتک نے تشکر کا اظہار کرتے ہوئے کہا، شکریہ، ریاض۔ شکریہ، جوائے ایوارڈ۔ بھارت سے یہاں مدعو کرنے پر ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کا شکریہ۔ آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے اپنی بصیرت سے اس شاندار شام کو ممکن بنایا۔ انکا کہنا تھا کہ میں عاجز ہوں۔

عاشقی 3 سے نکالے جانے کی خبروں پر ترپتی ڈمری کی خاموشی ٹوٹ گئی

ممبئی (این این آئی) ترپتی ڈمری، جو فلموں ''لیلا مجنوں'' اور ''اینمل'' میں شاندار اداکاری کے لیے مشہور ہیں، حالیہ دنوں میں تنازعات کا شکار رہی ہیں۔ رپورٹس کے مطابق، انہیں فلم ''عاشقی 3'' سے مبینہ طور پر نکال دیا گیا، جس میں کارتک آریان مرکزی کردار ادا کررہے ہیں۔ کہا جارہا ہے کہ ان کے ''بولڈ سینز'' اور مبینہ طور پر ''معصومیت کی کمی'' کے باعث یہ فیصلہ کیا گیا۔ تنقید کے باوجود، ترپتی نے اپنے انسٹاگرام اسٹوری کے ذریعے نفرت کا سامنا کرنے والوں کو کرارا جواب دیا۔ انہوں نے ایک ویڈیو شیئر کی، جس پر لکھا تھا: کبھی کبھی لگتا ہے کہ دنیا میں صرف نفرت ہے، لیکن یہاں محبت کہیں زیادہ ہے جتنا آپ تصور کر سکتے ہیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ یہ کبھی تصدیق نہیں ہوئی کہ ترپتی ڈمری فلم ''عاشقی 3'' کا حصہ تھیں۔

ماڈل کینڈل جینر کی جانب سے انسٹاگرام پر شیئر کی گئی تصویر

مریم نفیس کو بولڈ لباس میں سیر سپاٹوں کی تصاویر شیئر کرنا مہنگا پڑ گیا

لاہور (این این آئی) معروف پاکستانی اداکارہ مریم نفیس کو بولڈ لباس میں لندن میں سیر سپاٹوں کی تصاویر کی شیئر کرنا مہنگا پڑ گیا۔ حال ہی میں اداکارہ مریم نفیس نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنے آفیشل اکانٹ سے چند تصاویر شیئر کیں جن میں وہ شوہر کے ہمراہ لندن میں سیر سپاٹوں سے محظوظ ہوتی نظر آئیں۔ مذکورہ تصاویر میں مریم نفیس بولڈ لباس میں دکھائی دیتی ہیں، انہوں نے مختصر پینٹ پہن رکھی تھی جس پر سوشل میڈیا صارفین نے انہیں خوب تنقید کا نشانہ بنایا۔ ایک صارف نے مریم نفیس کی تصویر پر کمنٹ کیا کہ اچھی بھلی ہوتی ہیں اور پھر بیہودہ لباس میں تصاویر شیئر کرکے باتیں سنتی ہیں۔

میلان میں جاری فیشن ویک میں ماڈلز ریمپ پر واک کر رہی ہیں

ثنا جاوید اور شعیب ملک کی شادی کی پہلی سالگرہ، نئی تصاویر شیئر کردیں

مشہور جوڑے نے خاص دن کو یادگار بنانے کیلئے سوشل میڈیا پر خوبصورت تصاویر اور ویڈیو شیئر کی

دوحہ (کلچرل ڈیسک) پاکستانی اداکارہ و ماڈل ثنا جاوید اور قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شعیب ملک نے اپنی شادی کی پہلی سالگرہ خوشگوار لمحات کے ساتھ منائی۔ مشہور جوڑے نے اپنے اس خاص دن کو یادگار بنانے کے لیے سوشل میڈیا پر خوبصورت تصاویر اور ایک ویڈیو شیئر کی جس میں دونوں کو خوشگوار موڈ میں ایک ساتھ دیکھا جا سکتا ہے۔ شعیب ملک نے اپنے انسٹاگرام پر سال بھر کی یادوں کا ایک البم شیئر کیا جس میں مسکراہٹوں اور خوشیوں بھرے لمحے قید کیے گئے ہیں۔ دوسری جانب ثنا جاوید نے بھی اپنے شوہر کے لیے ایک محبت بھرا پیغام شیئر کیا اور ان کے ساتھ گزارے حسین لمحات پر شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر دونوں نے قطر کے دارالحکومت دوحہ میں ایک ساتھ ناشتہ کیا اور اپنے مداحوں کو اپنی محبت اور قربت کا پیغام دیا۔ ثنا جاوید اور شعیب ملک کے مداح اس جوڑے کی مضبوط محبت اور ایک دوسرے کے لیے احترام کو دیکھ کر بہت متاثر ہوئے ہیں۔ شادی کے ایک سال بعد بھی، دونوں کی جوڑی ان کے مداحوں کے لیے مثال بنی ہوئی ہے۔

شادی کب اور کس سے ہورہی ہے؟ گوہر رشید کا ویڈیو پیغام آگیا

کچھ دن قبل معروف اداکار گوہر رشید کی نکاح نامے پر دستخط کرنے کی ویڈیو بھی سامنے آچکی ہے

کراچی (کلچرل ڈیسک) پاکستانی اداکار گوہر رشید جو اپنی بہترین اداکاری اور متاثر کن کرداروں کے لیے مشہور ہیں، حالیہ دنوں میں ہیش ٹیگ میرے یار کی شادی کے ذریعے سوشل میڈیا پر توجہ کا مرکز بنے ہوئے ہیں۔ ان کے مداحوں کا ماننا ہے کہ گوہر رشید اور اداکارہ کبری خان جلد شادی کے بندھن میں بندھنے والے ہیں جبکہ کچھ دن قبل گوہر رشید کی نکاح نامے پر دستخط کرنے کی ویڈیو بھی سامنے آچکی ہے۔ ایک ویڈیو میں گوہر رشید نے اپنی شادی سے متعلق وائرل خبروں پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا، میں جلد اس خبر کا انکشاف کروں گا۔ میں آپ کو بتاں گا کہ کون شادی کر رہا ہے اور یقین دلاں گا کہ یہ کسی قسم کی تشہیری حکمت عملی نہیں بلکہ ایک حقیقی اور اہم معاملہ ہے۔ دوسری جانب، سوشل میڈیا صارفین اس ہیش ٹیگ کے بارے میں مختلف رائے رکھتے ہیں۔ ایک صارف نے اسے محض ڈرامہ قرار دیا، جبکہ دوسرے نے کہا کہ وہ اس خبر میں دلچسپی نہیں رکھتے۔ کچھ مداحوں نے پیش گوئی کی کہ گوہر رشید واقعی شادی کر رہے ہیں۔

پاکستان کے معروف موسیقار ذوالفقار علی عطرے انتقال کر گئے

لاہور (کلچرل ڈیسک) پاکستان کے معروف موسیقار ذوالفقار علی عطرے دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے۔ مرحوم نے پاکستانی فلم انڈسٹری میں موسیقی کے میدان میں نمایاں خدمات سرانجام دیں اور اپنے کیریئر کے دوران 50 سے زائد فلموں کے گانوں کی موسیقی ترتیب دی۔ ذوالفقار علی عطرے نے پاکستانی موسیقی کی دنیا میں منفرد مقام حاصل کیا اور اپنی تخلیقی صلاحیتوں سے عوام کے دل جیتے۔ ان کی آخری فلم بطور میوزک ڈائریکٹر ویلکم پنجاب ہے، جس کی عکسبندی اس وقت جاری ہے۔ ان کے کام کو ہمیشہ ان کے مداح اور فلم انڈسٹری یاد رکھے گی۔ مرحوم کو ان کی خدمات کے اعتراف میں 2024 میں حکومت پاکستان کی جانب سے پرائڈ آف پرفارمنس ایوارڈ سے بھی نوازا گیا۔ ان کی شخصیت اور کام موسیقی کی دنیا کے لیے ہمیشہ قابلِ تقلید رہیں گے۔ ذوالفقار علی عطرے کی نماز جنازہ آج دوپہر ایک بجے ان کی رہائش گاہ، 304 خیبر بلاک، اقبال ٹان سے ادا کی جائے گی۔ ان کے انتقال پر فلمی اور موسیقی کے حلقوں میں گہرے رنج وغم کا اظہار کیا جارہا ہے۔ ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ان کی یادوں کو ہمیشہ زندہ رکھا جائے گا۔

جواد احمد کے خلاف بجلی چوری سمیت دیگر دفعات کے تحت مقدمہ درج

معروف گلوکار کی بیوی کے بیوٹی پارلر میں میٹر ٹمپرڈ اور فیز ڈیڈ کر کے بجلی چوری کی گئی تھی، لیسکو حکام

لاہور (کلچرل ڈیسک) معروف گلوکار جواد احمد کے خلاف ان کی اہلیہ کے بیوٹی پارلر پر بجلی چوری کے معاملے پر نواب ٹاون پولیس نے واقعہ کا مقدمہ درج کرلیا۔ مقدمہ لیسکو حکام کی مدعیت میں درج کیا گیا ہے، مقدمہ بجلی چوری سمیت دیگر دفعات کے تحت درج کیا گیا ہے۔ ایف آئی آر کے مطابق ملزمان کے تشدد سے دو لیسکو اہلکار زخمی ہوئے تھے۔ لیسکو حکام کا کہنا ہے کہ بیوٹی پارلر میں میٹر ٹمپرڈ اور فیز ڈیڈ کر کے بجلی چوری کی گئی تھی۔ پولیس نے گلوکار جواد احمد سمیت چار نامعلوم افراد کے خلاف تھانہ نواب ٹاون میں مقدمہ درج کر لیا ہے۔ مقدمہ ایس ڈی او محمد اصغر کی مدعیت میں درج کیا گیا۔ مقدمے کے مطابق لیسکو کی ٹیم نے روٹین چیکنگ میں ایک بیوٹی پارلر کا میٹر چیک کیا، جواد احمد کو ان کی اہلیہ بیوٹی پارلر کی مالکن نے اطلاع دی۔ گلوکار جواد احمد اپنے ساتھیوں کے ہمراہ کالے ڈالے پر آئے، انہوں نے میٹر بھی لیسکو اہلکاروں سے چھین لیا اور لیسکو ملازمین اصغر اور شاہد خان کو زدوکوب کر کے زخمی کر دیا۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق گلوکار جواد احمد نے لیسکو ملازمین پر گاڑی چڑھانے کی بھی کوشش کی۔

کئی بڑی فلمیں کر کے انڈسٹری کا ناکام اداکار کروڑ پتی کیسے بنا؟

نیل نے سلمان خان، پربھاس، اور کترینہ کیف جیسے بڑے ستاروں کے ساتھ بھی کام کیا ہے



ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ انڈسٹری میں 13 سال کا عرصہ گزارنے والے اداکار نیل نیتن مکیش، جو اپنی فلموں کی ناکامیوں کے باعث شہرت حاصل نہیں کر سکے تھے، اب کروڑوں کما رہے ہیں۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق 43 سالہ نیل نیتن مکیش نے 2007 میں اپنے کیریئر کا آغاز کیا اور اس دوران 13 سال میں 11 فلاپ فلمیں دیں۔ مشہور گھرانے سے تعلق رکھنے کے باوجود وہ اپنی اداکاری سے ناظرین کے دلوں میں جگہ بنانے میں ناکام رہے۔ نیل نے کترینہ کیف کے جیسی بڑی اسٹار فلم نیویارک، پربھاس کے ساتھ ساہو، اور سلمان خان کے ساتھ پریم رتن دھن پایو میں کام کیا مگر پھر بھی اداکاری کی دنیا میں نام کمانے میں ناکام رہے۔ نیل نیتن مکیش نے 1988 میں بطور چائلڈ آرٹسٹ فلم وجے میں پرفارم کیا تھا، جبکہ 2007 میں انہوں نے جونی غدار کے ذریعے بطور ہیرو ڈیبیو کیا۔ ان کی آخری فلم بائی پاس روڈ 2019 میں ریلیز ہوئی جو بری طرح ناکام ہوئی۔ اس کے بعد نیل نے اداکاری دے کنارہ کشی اختیار کرلی۔ اداکاری میں ناکامی کے بعد نیل نے اپنی پروڈکشن کمپنی قائم کی، جو ایک بہترین فیصلہ ثابت ہوا اور اب وہ اپنے پروڈکشن ہاس سے کروڑوں روپے کما رہے ہیں جو وہ بطور اداکار کبھی نہیں کما سکے۔

قوت
SPORTS
PAKISTAN
PAKISTAN

آسٹریلوی بگ بیش لیگ، میلبورن سٹارز نے ہوبارٹ ہریکینز کو 40 رنز سے شکست دے دی

میلبورن (این این آئی) آسٹریلوی بگ بیش لیگ میں میلبورن سٹارز نے گلین میکسویل کی طوفانی بیٹنگ کی بدولت ہوبارٹ ہریکینز کو 40 رنز سے شکست دے دی، میکسویل نے 32 گیندوں پر ناقابل شکست 76 رنز بنائے، انہیں مرد میدان قرار دیا گیا۔ گزشتہ روز ایم سی جی میں کھیلے گئے لیگ کے 40 ویں میچ میں میلبورن سٹارز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر 219 رنز بنائے گلین میکسویل نے شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کیا۔

gettyimages
Credit: Eurasia Sport Images

برازیل کے شہر ریو ڈی جنیرو میں ہونیوالے فٹبال میچ میں کھلاڑی فتح کا جشن مناتے ہوئے

''بدتمیز'' روسی ٹینس پلیئر کو 76 ہزار ڈالر جرمانہ

کراچی (این این آئی) روسی ٹینس پلیئر ڈینیئل میڈویڈوف پر آسٹریلین اوپن کے پہلے راونڈ میں بدتمیزی کرنے پر 76 ہزار ڈالر جرمانہ عائد کردیا گیا، وہ سیزن کے ابتدائی گرینڈ سلم کی انعامی رقم سے کٹوتی پر مجبور ہوں گے۔ انہوں نے پہلے راونڈ میں ریکٹ توڑنے سے قبل 5 بار نیٹ پر اسے مارا بھی تھا۔ روسی ٹینس پلیئر کو تھائی وائلڈ کارڈ پلیئر کیسیڈٹ سیمراج سے ناکامی کا خطرہ تھا، جس پر وہ وقتی طور پر غصے میں آپے سے باہر تھے۔

شاہد آفریدی کی ارشد ندیم سے جیولین تھرو سیکھنے کی ویڈیو وائرل

گزشتہ برس اولمپین نے بھارت کے نیرج چوپڑا کو شکست دیکر گولڈ میڈل جیتا تھا

لاہور (میاں شہروز سے) قومی ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی پیرس اولمپکس میں گولڈ میڈل جیتنے والے اولمپئن ارشد ندیم سے جیولین تھرو سیکھنے لگے۔ سوشل میڈیا سائٹس پر سابق کپتان شاہد آفریدی کی ارشد ندیم کیساتھ ویڈیو وائرل ہورہی ہے جس میں آل راونڈر کو اولمپئن کے ہمراہ جیولین تھرو سیکھتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔ ارشد ندیم نے شاہد آفریدی کو جیولین تھرو پھینکنے کا طریقہ بھی سکھایا، جس کے بعد سابق کرکٹر نے تھرو بھی کی۔ گزشتہ سال ارشد ندیم نے پیرس اولمپکس کے مینز مقابلوں میں بھارت کے نیرج چوپڑا کو شکست دیکر گولڈ میڈل اپنے نام کیا تھا۔ ارشد ندیم نے اولمپکس کی تاریخ کا سب سے لمبا تھرو کیا تھا جس کی دوری 92.97 میٹر تھی۔ وہ 1992 میں بارسلونا اولمپکس کے بعد پاکستان کو میڈل جتوانے والے پہلے اولمپئن ہیں۔

اسٹیڈیمز میں صحافیوں کا داخلہ بند، بھارت جھوٹی خبریں پھیلانے لگا



ممبئی (اسپورٹس ڈیسک) بھارتی میڈیا ایک مرتبہ پھر چیمپئنز ٹرافی سے قبل اسٹیڈیمز کی تزئین و آرائش پر غیر مصدقہ افواہیں پھیلانے لگا۔ افتتاحی تقریب، کپتانز میٹ کے بعد بھارتی میڈیا نے پاکستان میں شیڈول چیمپئنز ٹرافی کیلئے اسٹیڈیمز کی تزئین و آرائش پر افواہیں پھیلانا شروع کردیں۔ رپورٹس میں پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) پر الزام عائد کیا گیا ہے کہ نیشنل اسٹیڈیم کراچی، لاہور کے قذافی اسٹیڈیم میں صحافیوں کا داخلہ ممنوع کردیا گیا ہے تاکہ اسٹیڈیمز کی تعمیر سے متعلق کوئی خبر شیئر نہ کی جائے۔ میڈیا کی غیر مصدقہ رپورٹس میں مزید کہا گیا ہے کہ ہفتے میں محض ایک روز بورڈ نمائندے کی موجودگی میں صحافی اسٹیڈیم کا دورہ کرسکیں گے۔ اسٹیڈیمز کی تعمیر میں تاخیر اور میگا ایونٹ کو دیکھتے ہوئے پی سی بی نے ہزیمت سے بچنے کیلئے ایسا فیصلہ کیا ہے تاکہ چیمپئنز ٹرافی کو آئی سی سی کہیں اور منتقل نہ کردے۔ دوسری جانب چیمپئنز ٹرافی کیلئے چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کی سربراہی میں اسٹیڈیمز کی تعمیر تقریبا آخری مراحل میں ہے تاہم بھارتی بورڈ اپنے میڈیا کے ذریعے پاکستان کیخلاف ناکام پروپیگنڈا کرنے کی کوشش کررہا ہے۔ ٹورنامنٹ کا آغاز 19 فروری سے پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان میچ سے ہوگا تاہم اس سے قبل گرین شرٹس انہیں میدانوں پر سہ ملکی سیریز کی میزبانی بھی کریں گے۔

ایشیا کی وہ فرنچائز جس کی سوشل میڈیا فالوئنگ لیورپول، مانچسٹر یونائیٹڈ سے بھی زیادہ

نئی دہلی (این این آئی) ایشیا کی ایک کرکٹ فرنچائز کی سوشل میڈیا فالوئنگ حیران کن طور پر انگلش فٹبال کلب لیورپول اور مانچسٹر یونائیٹڈ سے بھی زیادہ ہے۔ سوشل میڈیا پر فرنچائز کی مقبول ترین ٹیم وہ ٹیم ہے جو ایک بار بھی اپنا ڈومیسٹک ٹائٹل جیتنے میں کامیاب نہیں ہوسکی لیکن مداحوں کے دلوں پر راج کرتی رہی، جی ہاں وہ ٹیم رائل چیلنجرز بنگلورو (آر سی بی) ہے جس نے اسپورٹس میڈیا کی دنیا میں نئی تاریخ رقم کی ہے۔ آئی پی ایل فرنچائز رائل چیلنجرز بنگلورو مسلسل پانچویں سال سوشل میڈیا پر اس لیگ کی سب سے مقبول ٹیم بن کر ابھری ہے، تاہم سوشل میڈیا پر آئی پی ایل کی مقبول ترین ٹیم ایک بار بھی ٹائٹل جیتنے میں کامیاب نہیں ہوسکی۔ سوشل میڈیا اینالیٹکس ٹولز سوشل انسائیڈر اور ایس ای ایم رش کے مطابق، انسٹاگرام، ٹوئٹر، یوٹیوب اور فیس بک پر آر سی بی کی 2 ارب کی 'انگیجمنٹ' ہیں۔ آر سی بی اس چارٹ میں سرفہرست جبکہ دوسرے نمبر پر آنے والی چنئی اس سے سوشل میڈیا 'انگیجمنٹ' میں 25 فیصد زیادہ پیچھے ہے۔ حالیہ ادوار میں رائل چیلنجرز بنگلورو کی ڈیجیٹل موجودگی نے تمام سوشل پلیٹ فارمز پر 50 لاکھ فالوورز کا زبردست اضافہ ہوا ہے جس نے اسے سوشل میڈیا پر آئی پی ایل میں سب سے تیزی سے ترقی کرنے والی ٹیم بنا دیا ہے۔

ویرات کوہلی اور روہت شرما کی فارم نہیں، معیار کو دیکھ کر تیاری کرتے، فخر زمان

جسپریت بمراورلڈ کلاس بولر ہے، تاہم میچ میں کسی ایک پلیئر کیلئے تیاری نہیں ہوتی، انٹرویو

لاہور (این این آئی) پاکستان کے جارح مزاج اوپنر فخر زمان نے چیمپئنز ٹرافی میں پاک بھارت مقابلے سے قبل ان بھارتی پلیئرز کے نام بتائے ہیں جو اہم ہونگے۔ آئی ایل ٹی ٹوئنٹی کھیلنے کے لیے دبئی میں موجود فخر زمان نے بھارتی یوٹیوب اسپورٹس چینل سے گفتگو کرتے کہا کہ ہارڈک پانڈیا، ویرات کوہلی اور روہت شرما میری نظر میں بھارت کیلئے اہم پلیئرز ثابت ہوں گے، ہم بھی اپنی تیاری کررہے ہیں اور بھارتی کرکٹرز بھی اپنی تیاری کررہے ہوں گے۔ فخر زمان نے کہا ہے کہ ویرات کوہلی اور روہت شرما کافی کرکٹ کھیل چکے ہیں، اس لیے ان کی فارم کو نہیں ان کے معیار کو دیکھ کر تیاری کرتے ہیں، اگر دونوں پلیئرز کے کچھ میچز برے ہوئے یا وہ فارم میں نہیں ہیں تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ انھیں آسان لیا جائے۔ جارح مزاج پاکستانی اوپنر نے کہا کہ ویرات اور روہت اتنی کرکٹ کھیل چکے ہیں کہ ان کی فارم کو نہیں ان کے معیار کو دیکھ کر تیاری کرتے ہیں۔

پاکستان اور ویسٹ انڈیز کا دوسرا اور آخری ٹیسٹ میچ 25 جنوری سے ملتان میں شروع ہوگا

پاکستان کی ٹیم کو ویسٹ انڈیز کے خلاف دو میچوں کی سیریز میں 0-1 کی برتری حاصل ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور ویسٹ انڈیز کی ٹیموں کے درمیان دو ٹیسٹ میچوں پر مشتمل سیریز کا دوسرا اور آخری میچ 25 سے 29 جنوری تک ملتان کرکٹ سٹیڈیم، ملتان میں کھیلا جائے گا۔ پاکستان کی ٹیم کو ویسٹ انڈیز کے خلاف دو میچوں کی سیریز میں 0-1 کی برتری حاصل ہے۔ پاکستان نے پہلے ٹیسٹ میچ میں ویسٹ انڈیز کی ٹیم کو 127 رنز سے شکست دی تھی۔ ویسٹ انڈیز کی ٹیم ان دنوں پاکستان کے دورہ پر ہے جہاں وہ میزبان پاکستان ٹیم کے خلاف دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز کھیلے گی، دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز کا ایک میچ کھیلا جاچکا ہے۔ اس سے قبل پاکستان اے اور ویسٹ انڈیز کی ٹیموں کے درمیان راولپنڈی میں کھیلا گیا تین روزہ وارم اپ میچ ہار جیت کے فیصلے کے بغیر ختم ہوگیا تھا۔ پاکستان ٹیم کی قیادت شان مسعود کریں گے جبکہ ویسٹ انڈیز کی ٹیم کریگ براتھویٹ کی زیر قیادت میدان میں اترے گی۔

آسٹریلین اوپن ٹینس مینز سنگلز کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے

الیگزینڈر زیویروف، کارلوس الکاراز اور نوویک جوکووچ کی پیش قدمی جاری

میلبورن (این این آئی) جرمنی کے نامور ٹینس سٹار اور عالمی نمبر تو الیگزینڈر زیویروف، ہسپانوی ٹینس سٹار اور ایونٹ کے تھرڈ سیڈ کارلوس الکاراز اور سربین ٹینس سٹار، 24 گرینڈ سلام ٹائٹلز کے فاتح نوویک جوکووچ اپنی پیش قدمی کو برقرار رکھتے ہوئے آسٹریلین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ مینز سنگلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل راونڈ میں پہنچ گئے۔ 27 سالہ جرمن ٹینس سٹار الیگزینڈر زیویروف نے مردوں کے سنگلز مقابلوں کے پری کوارٹر فائنل راونڈ میں فرانسیسی حریف کھلاڑی یوگو ہمبرٹ کو شکست دی۔ 21 سالہ سپین کے نامور ٹینس سٹار کارلوس الکاراز نے مردوں کے سنگلز مقابلوں کے چوتھے راونڈ میں برطانوی حریف کھلاڑی جیک الیگزینڈر ڈریپر کے میچ کے دوران فٹنس مسائل کے باعث میچ سے دستبردار ہونے کے بعد ٹاپ ایٹ راونڈ کے لئے کوالیفائی کیا۔ سربین ٹینس سٹار نوویک جوکووچ نے مینز سنگلز پری کوارٹر فائنل میچ میں جمہوریہ چیک کے حریف کھلاڑی جیری لیہکا کو شکست دے کر کوارٹر فائنل کے لئے کوالیفائی کرلیا۔ آسٹریلیا کے شہر میلبورن میں جاری 113 واں میگا ایونٹ میں پیر کو کھیلے گئے مینز سنگلز مقابلوں کے چوتھے راونڈ میں 27 سالہ جرمن ٹینس سٹار الیگزینڈر زیویروف نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

آسٹریلین اوپن ٹینس ویمنز سنگلز آرینا سبالینکا، کوکو گف اور پاؤلا بدوسا گیبرٹ کوارٹر فائنل میں داخل

میلبورن (این این آئی) بیلاروس کی نامور ٹینس سٹار، عالمی نمبرون، ایونٹ کی ٹاپ سیڈ اور دفاعی چیمپئن آرینا سبالینکا، امریکی ٹینس سٹار اور ٹورنامنٹ کی تھرڈ سیڈ کوکو گف اور ہسپانوی ٹینس سٹار پاؤلا بدوسا گیبرٹ آسٹریلین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں خواتین کے سنگلز مقابلوں میں اپنی عمدہ کارکردگی سے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئیں۔ [illegible]

CNSG
华体集团
CHINA NATIONAL SPORTS GR
gettyimages
Credit: Lintao Zhang - International Skating Union

بیجنگ: مینز 500 میٹر سکیٹنگ مقابلے میں سن لانگ لیڈ کرتے ہوئے

پاکستان نے ویسٹ انڈیز کیخلاف 4 وکٹ پر 143 رنز بنالئے

ٹیسٹ میچ میں کپتان شان مسعود 11، بابر اعظم 8، محمد ہریرہ 6 اور کامران غلام 5 رنز بنا کر آوٹ ہوئے

کراچی (اسپورٹس ڈیسک) ویسٹ انڈیز کیخلاف پاکستان نے سیریز کے پہلے ٹیسٹ میچ کی پہلی اننگز میں پہلے روز کے اختتام تک 4 وکٹوں کے نقصان پر 143 رنز بنالیے۔ ملتان کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے جانے والے سیریز کے پہلے ٹیسٹ میں پہلے دن کے اختتام پر پاکستان نے چار وکٹوں کے نقصان پر 143 رنز بنالیے، پاکستان صبح ساڑھے 9 بجے اننگز دوبارہ شروع کرے گا۔ میچ کی پہلی اننگز میں ڈیبیو کرنیوالے محمد ہریرہ 6، کپتان شان مسعود 11 اور کامران غلام 5، بابر اعظم 8 رنز کے مہمان ثابت ہوئے۔ ویسٹ انڈیز کی جانب سے جیڈن سیلز نے 3 جبکہ گڈاکیش موتی نے ایک وکٹ حاصل کی۔ میچ کا ٹاس) دھند (خراب موسم کے باعث تاخیر کا شکار ہوا تاہم امپائرز نے گراونڈ فیلڈ کا جائزہ لینے بعد دوپہر 1 بجے ٹاس کروانے اور ڈیڑھ بجے میچ کے آغاز کا اعلان کیا۔ قومی ٹیم کے کپتان شان مسعود نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرنے کا فیصلہ کیا، انہوں نے کہا کہ پہلی اننگز میں بڑا ٹوٹل کھڑا کر کے حریف ٹیم کو پریشانی میں ڈالنا چاہتے ہیں۔ ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کی آخری سیریز میں فتح سمیت کر سیزن کا اختتام کرنا پہلا ہدف ہے۔ اس موقع پر ویسٹ انڈیز کے کپتان کریگ براتھویٹ نے کہا کہ ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا ہی فیصلہ کرتے تاہم کوشش ہوگی ابتدا میں میزبان ٹیم کیخلاف جلد وکٹیں لیکر انہیں مشکل میں ڈالیں۔ دوسری جانب قومی ٹیم نے گزشتہ روز ہی پلیئنگ الیون کا اعلان کردیا تھا، ٹیم کی قیادت شان مسعود کریں گے جبکہ دیگر کھلاڑیوں میں بابر اعظم، کامران غلام، سعود شکیل، محمد رضوان، سلمان علی آغا، ساجد خان، نعمان علی، خرم شہزاد اور ابرار احمد اور محمد ہریرہ شامل ہیں۔ نوجوان کرکٹر محمد ہریرہ آج ویسٹ انڈیز کے خلاف ہوم گراونڈ پر اپنا ڈیبیو کریں گے۔

جنوبی افریقا، نیوزی لینڈ کیساتھ سہ ملکی سیریز، آخری میچ اور فائنل کی تاریخ تبدیل

کراچی (اسپورٹس ڈیسک) ٹرائنگولر ون ڈے انٹرنیشنل سیریز کے لیے کراچی میں ہونے والے آخری میچ اور فائنل کی تاریخ میں تبدیلی کردی گئی۔ ذرائع کے مطابق 19 فروری سے شروع ہونے والی چیمپئنز ٹرافی سے قبل پاکستان، نیوزی لینڈ اور جنوبی افریقا کے درمیان طے شدہ ٹرائنگولر سیریز کا آخری میچ اب 13 فروری کو کھیلا جائے گا جبکہ فائنل اب 15 فروری کو ہوگا۔ قبل ازیں، سیریز میں پاکستان اور جنوبی افریقا کے درمیان آخری میچ 12 فروری کو ہونا تھا جبکہ فائنل 14 فروری کو طے تھا، سیریز کا مقصد 19 فروری سے شروع ہونے والی چیمپئنز ٹرافی کے لیے تیاری ہے۔ دریں اثنا، رابطہ کرنے پر پی سی بی کے ترجمان کا کہنا تھا کہ کراچی کے مقابلوں کی تاریخ میں تبدیلی زیر غور ہے لیکن اس ضمن میں ابھی حتمی فیصلہ نہیں ہوا۔

چیمپئنز ٹرافی، افتتاحی تقریب، روہت کی پاکستان آمد سے متعلق بڑا یوٹرن

کراچی (اسپورٹس ڈیسک) آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کو اپنے پیسوں اور اجارہ داری کے بل پر ہائبرڈ ماڈل کے تحت کروانے والا بھارت کرکٹ بورڈ) بی سی سی آئی (اب افتتاحی تقریب اور کپتانز میٹ کے پیچھے پڑ گیا۔ پاکستان کو 19 فروری سے چیمپئنز ٹرافی کی میزبانی کرنی ہے، ہائبرڈ ماڈل کے تحت بھارتی ٹیم اپنے میچز دبئی میں کھیلے گی، ایک سیمی فائنل بھی وہیں پر ہی ہوگا، اگر بلو شرٹس فائنل میں پہنچے تو معرکہ دبئی میں ہوگا۔ بھارت نے پہلے ہٹ دھرمی سے اپنے میچز دبئی منتقل کروائے اور اب وہ پاکستان میں چیمپئنز ٹرافی کے افتتاح اور کپتانوں کی ٹرافی شوٹ و پریس کانفرنس کے انعقاد کے پیچھے پڑ گیا ہے۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز



معیشت نامہ

لاہور چیمبر اور ڈپٹی کمشنر کاروباری برادری کے مسائل حل کرنے کے لیے مل کر کام کریں گے

سید موسیٰ رضا ڈی سی لاہور کے تجارتی مراکز شدید پارکنگ مسائل کا شکار، کاروباری سرگرمیاں متاثر ہوتی ہیں، میاں ابوذر شاد

لاہور (خبر نگار) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور ڈپٹی کمشنر آفس نے کاروباری برادری کو درپیش مسائل کے حل کے لیے مشترکہ اقدامات اٹھائیں گے اس بات پر اتفاق لاہور ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا کے دورہ لاہور چیمبر آف کامرس کے موقع پر ہوا۔ اس ملاقات میں لاہور چیمبر کے صدر میاں ابوذر شاد نائب صدر شاہد نذیر چوہدری، سٹینڈنگ کمیٹی برائے سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ لائزن کے کنوینر خواجہ سہیل محمود بٹ اور ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین نے اہم مسائل پر تفصیلی گفتگو کی جبکہ ڈپٹی کمشنر نے ان مسائل کے بروقت حل کی یقین دہانی کرائی لاہور چیمبر کے صدر میاں ابوذر شاد اور نائب صدر شاہد نذیر چوہدری نے شہر کے اہم کاروباری مراکز جیسے ہال روڈ، برانڈرتھ روڈ، اکبری منڈی، بل روڈ، سرکلر روڈ اور اچھرہ وغیرہ میں پارکنگ مسائل پر روشنی ڈالی انہوں نے کہا کہ لاہور کے تجارتی مراکز میں شدید پارکنگ مسائل ہیں جو کاروبار میں رکاوٹ پیدا کرتے ہیں اور گاہکوں کے لیے مشکلات پیدا کرتے ہیں۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ ان علاقوں میں پارکنگ پلازوں کی تعمیر کو ترجیح دی جائے انہوں نے مزید کہا کہ نجی شعبے کی شمولیت سے اس عمل کو تیز کیا جاسکتا ہے اور جہاں جگہ محدود ہو وہاں روٹری پارکنگ جیسی جدید سہولیات پر غور کیا جائے لاہور چیمبر کے عہدیداروں نے لاہور کے بازاروں میں آتشزدگی کے واقعات پر تشویش کا اظہار کیا اور پانی کے ہائیڈرنٹس کی تنصیب پر زور دیا انہوں نے کہا کہ آگ سے تحفظ کے لیے بازاروں میں مناسب حفاظتی ڈھانچے کو یقینی بنایا جائے تاکہ مزید نقصانات سے بچا جاسکے میاں ابوذر شاد نے کہا کہ صنعتی علاقوں اور تجارتی مراکز میں سیکیورٹی کو بہتر بنانا لازمی ترجیح ہونی چاہیے انہوں نے ان علاقوں میں سیف سٹی کیمروں کی تنصیب اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی موجودگی پر زور دیا انہوں نے کہا کہ محفوظ کاروباری ماحول معاشی ترقی کے لیے کلیدی حیثیت رکھتا ہے اور بہتر سیکیورٹی اقدامات نہ صرف کاروبار کی حفاظت کریں گے

شرقی آبادی مصطفی آباد میں گندہ پانی علاقہ مکینوں کیلیے عذاب بن گیا

راستے تالاب کے منظر پیش کرنے لگے، نمازیوں اور طالب علموں کو شدید پریشانی کا سامنا

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ قوت فیصل خان) شرقی آبادی مصطفی آباد میں گندہ پانی علاقہ مکینوں کیلیے عذاب بن گیا۔ راستے تالاب کے منظر پیش کرنے لگے، نمازیوں اور طالب علموں کو شدید پریشانی کا سامنا تفصیلات کے مطابق جہاں پنجاب بھر میں صفائی ستھرائی کی مہم زور و شور سے جاری ہے وہاں مصطفی آباد شرقی آبادی کے رہائشی شدید پریشانی میں مبتلا ہیں نالیوں کا گندہ پانی مین روڈ پر آجانے سے شہریوں کو گزرنے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ مساجد میں جانے والے نمازی بھی اس گندے پانی کی غلاظت سے شدید پریشانی سے دو چار ہیں۔ اسی طرح اس راستے سے سکولز میں جانے والے طلبہ و طالبات کثیر تعداد میں گزرتے ہیں جن کیلیے اس گندے بد بو دار پانی سے گزر کر جانا مجبوری بن چکا ہے۔ شہریوں نے وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز اور ڈپٹی کمشنر قصور سے خصوصی اپیل کی ہے کہ اس مسئلے کا نوٹس لیا جائے اور اس گندے پانی سے علاقہ مکینوں کی جان چھڑوائی جائے۔

علاقہ کی عظیم مذہبی و دینی و معیاری درسگاہ الحاق شدہ تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان کے زیر اہتمام جلسہ

کوٹ رادھا کشن (تحصیل رپورٹر) علاقہ کی عظیم مذہبی و دینی و معیاری درسگاہ الحاق شدہ تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان جامعہ گلزار مدینہ تھہ کیلہ پھولنگر تحصیل پتوکی ضلع قصور میں 16 جنوری 2025 بروز جمعرات بوقت 10 بجے جلسہ تکمیل بخاری برائے طالبات منعقد کیا گیا جس میں درس بخاری عالمہ و فاضلہ جمیلہ بی بی زوجہ محترمہ الحافظ القاری قربان علی قادری ناظمہ جامعہ ہذا نے دیا آٹھ سالہ درس نظامی کورس سے چار بچیوں نے فراغت حاصل کی جنت بنت محمد حسن بھٹی صائمہ بنت ادریس کمبوہ بسمہ بنت محمد طفیل ملک کنزہ بنت ساجد علی مہر اس عظیم جلسہ میں بچیوں کی دوپٹہ پوشی کی گئی اور اسناد دی گئی، اس پروگرام میں بچیوں نے انگلش، عربی، اردو، پنجابی میں امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کا سیرا کردار بیان کیا،

اتحاد پریس کلب شرقپور شریف کی طرف سے صدر ماجد اقبال شیخ کی حقیقت پریس کلب کی حلف برداری کی تقریب میں شرکت

شرقپور شریف (ماجد اقبال نمائندہ خصوصی) اتحاد پریس کلب شرقپور شریف کی طرف سے صدر ماجد اقبال شیخ اور جنرل سیکرٹری سید علی شیرازی نے حقیقت پریس کلب کی حلف برداری کی تقریب میں شرکت کی گئی۔ اور منتخب عہدیداران کو مبارک باد پیش کی۔ تقریب کے مہمان راحیل اسلم ڈھکو ایڈووکیٹ نو منتخب سیکرٹری جنرل فیروز والا بار ایسوسی ایشن تھے۔

ڈپٹی کمشنر کے احکامات پر ضلع بھر میں تجاوزات کیخلاف گرینڈ آپریشنز جاری

قصور (بیورو چیف) وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا ویژن تجاوزات سے پاک پنجاب پر عملدرآمد کیلئے ضلعی انتظامیہ متحرک، ڈپٹی کمشنر کے احکامات پر ضلع بھر میں تجاوزات کیخلاف گرینڈ آپریشنز جاری مین سڑکوں، بازاروں اور شاہراؤں پر عارضی رکاوٹیں ہٹا کر سامان ضبط سڑک کی حدود اور نالوں کے اوپر تعمیر پختہ تھڑے بھاری مشینری کی مدد سے مسمار شہریوں کا تجاوزات کیخلاف آپریشن کرتے پر وزیر اعلیٰ پنجاب اور ضلعی انتظامیہ کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن تجاوزات سے پاک پنجاب پر عملدرآمد کیلئے ضلعی انتظامیہ متحرک ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) اورنگزیب حیدر خان کے حکم پر ضلع بھر میں تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشنز جاری مین سڑکوں، بازاروں اور شاہراؤں پر عارضی تجاوزات کو ختم کر کے سامان کو ضبط کیا گیا جبکہ سڑکوں کی حدود و نالوں کے اوپر تعمیر پختہ تھڑے بھاری مشینری کی مدد سے مسمار کر کے سڑکوں اور بازاروں کو کشادہ کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل / ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی قصور عمر اویس کی نگرانی میں میونسپل کمیٹی، پنجاب پولیس، ٹریفک، پٹرولنگ پولیس، سیکرٹری ڈی آر ٹی اے نمائندہ پر مشتمل سکواڈ نے فیروز پور روڈ، اسٹیل باغ چوک، بس ٹرمینل، شہباز روڈ گول چکر، شہباز روڈ، کچہری چوک، کمال چشتی چوک سمیت دیگر علاقوں میں تجاوزات کیخلاف گرینڈ آپریشن کیا گیا۔

میٹریل ٹیسٹنگ لیب کی زیر تعمیر عمارت اور سول انفورسمنٹ سنٹرز کے عارضی طور پر قیام کے لیے مجوزہ جگہ کا معائنہ کیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی نے سیالکوٹ کا دورہ کیا اور ڈپٹی کمشنر نوید احمد کے ہمراہ بزنس فیسیلیٹیشن سنٹر، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے دفتر، میٹریل ٹیسٹنگ لیب کی زیر تعمیر عمارت اور سول انفورسمنٹ سنٹرز کے عارضی طور پر قیام کے لیے مجوزہ جگہ کا معائنہ کیا، ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ محمد ذوالقرنین، اے ڈی سی ریونیو محمد اقبال و دیگر افسران بھی انکے ہمراہ تھے۔ کمشنر نوید حیدر شیرازی نے بزنس فیسیلیٹیشن سنٹر کے سٹاف سے انکی کارکردگی بارے دریافت کیا اور کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کی قیادت میں حکومت پنجاب صوبہ میں کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے اقدامات کر رہی ہے، بزنس فیسیلیٹیشن سنٹر کا مقصد بزنس کمیونٹی کو ایک چھت تلے بہترین سہولیات فراہم کرنا ہے۔

قصور اور اسکے گردنواح میں اغواء کی تین مختلف وارداتوں میں ایک لڑکے اور بچی سمیت چار افراد اغواء

قصور (بیورو چیف) قصور اور اسکے گردنواح میں اغواء کی تین مختلف وارداتوں میں ایک لڑکے اور بچی سمیت چار افراد اغواء، پولیس نے مقدمات درج کرلیے۔ تھانہ صدر اقصور میں رضوان علی نے مقدمہ درج کروایا ہے کہ بلال اور ام حبیبہ بلھے شاہ ڈسٹرکٹ ہسپتال ایمرجنسی میں دوائی لیکر گھر کو لوٹتے وقت اسٹیل باغ چوک سے ملزمان محمد اشرف، شمیلا اور دو کس نامعلوم نے بلال کو پسٹل کے بٹ مار کر زخمی کرنے بعد علشبہ اور چھوٹی بچی ام حبیبہ دونوں کو اغواء کر کے لے گئے ہیں۔

ڈی پی او غلام محی الدین کی چکوال میں کھلی کچہری

چکوال (ایم ایوب سلطانی) چوکی بشارت آتے راستے میں پہلے سرائیں چوک پر کھلی کچہری لگائی اور بعد میں بشارت پہنچے بازار میں سابقہ چیئرمین ظفر مظفر اور خان رفت خان اور خان مظہر خان اور ساتھیوں نے ڈی پی او کا استقبال کرتے ہوئے امام کے کہنے پر ڈی پی او بازار سے پیدل چوکی بشارت پہنچے تلاوت کلام پاک سے ابتدا ہوئی ڈی پی او کی کھلی کچہری میں ایک ادمی کو 10 ہزار روپیہ دے کر اس کی درخواست پر عمل درامد کیا ایک ادمی کو ٹکنوں موبائل فون دلوا کر اس کی درخواست کو مکمل کیا اور ایک ادمی کو تقریباً 35 سے 40 ہزار روپیہ کہا کہ ان کو پانچ چھ روز میں کر دیں اور باقی درخواستیں ذمہ وار ایس ایچ او انچارج چوکی بشارت سے ان کو نپٹانے کے لیے حکم دیا اور کچھ انہوں نے کہا کہ اپ چکوال آ جائیں میں ان کو خود دیکھوں گا اور کچھ درخواستیں عدالتوں میں چلنے والی ان کو کہا گیا کہ اپ عدالت کا انتظار کریں جب ان سے اپ کا کوئی فیصلہ ائے گا تو پھر ہم کام کر سکتے ہیں تقریباً 50 سے 60 درخواستیں دیکھیں اور سب سے پہلے لیڈیز کو سنا اور بعد میں مرد حضرات کو سنا اور بڑے اچھے انداز میں ہر ایک کو لفظ بہ لفظ سمجھایا اور سمجھا اور اس پر عمل درامد کرتے ہوئے ان سب درخواستوں کو بڑے اچھے انداز میں نپٹایا ایک درخواست جو باپ بیٹے کی تھی اس کے گھر میں طیب نام اے ایس ائی ان کے گھر میں بغیر لیڈیز پولیس کے داخل ہو کر چھاپہ مارا اور بعد میں جھوٹ بولنے لگا کہ میرے ساتھ لیڈیز تھی تو ڈی پی او نے پوچھا کہ پھر بتاؤ کہ کون سی لیڈیز پولیس تیرے ساتھ تھی اس کا کیا نام ہے تو طیب نامی اے ایس ائی سابقہ چوکی بشارت انچارج نے کہا کہ مجھے پتہ نہیں یاد نہیں تو ڈی پی او نے کہا کہ تم ایک چوکی کے انچارج ہو اور تمہیں یہ پتہ نہیں کہ کون سی لیڈیز پولیس میرے ساتھ تھی اس کوتاہی پر ڈی پی او نے اسے معطل کرتے ہوئے آرڈر کیا اور عوام میں بہت زیادہ خوشی کی لہر دوڑی اور انہوں نے ڈی پی او کو اچھے انداز میں خراج تحسین پیش کیا اور بعد میں کچہری ختم ہونے کے ہر ادمی کے ساتھ گھل مل گئے

پاکستان میں تمام سطحوں پر صحت اور تعلیم کے بجٹ میں اضافہ وقت کی اہم ضرورت ہے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان میں تمام سطحوں پر صحت اور تعلیم کے بجٹ میں اضافہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار ساجد علی، ڈائریکٹر پروگرام، سنگت ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن نے شہریوں کے نیٹ ورک فار بجٹ اکاؤنٹیبلٹی (CNBA) کے تحت، جو سینٹر فار پیس اینڈ ڈویلپمنٹ انیشیٹوز (CPDI)، اسلام آباد کے زیر انتظام پاکستان میں صحت اور تعلیم کے بجٹ مختص کرنے پر ایک اہم مکالمہ میں کیا۔ جس میں 2021-22 سے 2024-25 تک کے بجٹ رجحانات کا تجزیہ کیا گیا، اور ان بنیادی شعبوں کو درپیش بنیادی ڈھانچے کی کمزوریوں اور علاقائی تفاوتوں پر روشنی ڈالی گئی۔

دھی رانی پروگرام کے تحت 31 بچیوں کو 1,1 لاکھ کی سلامی اور طائف

مہمانوں نے دلہنوں کو ایک لاکھ روپے سلامی جبکہ 13 مختلف روزمرہ کی ضروریات کی اشیاء تحائف کے طور پر بھی دی گئیں

چکوال (ایم ایوب سلطانی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے دھی رانی پروگرام کے تحت 31 خاندانوں کی بچیوں کی اجتماعی شادیاں نجی میرج ہال میں منعقد ہوئی۔ ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام تقریب میں وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ پارلیمنٹری سیکرٹری برائے چیف منسٹر انسپکشن ٹیم چوہدری حیدر علی خان ※ ممبران صوبائی اسمبلی تنویر اسلم سیتھی ※ ملک فلک شیر اعوان اور مہوش سلطانہ راجہ اور سابق سینیٹر لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ عبدالقیوم، مسلم لیگ ن کے رہنما قیصر مجید ملک، ڈپٹی کمشنر چکوال قرۃ العین ملک اور ڈی جی سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال خواجہ محمد ذیشان سکندر اے ڈی سی آر خاور بشیر، اے ڈی سی جی بلال بن عبدالحفیظ، اسسٹنٹ کمشنرز، سی ای او ایجوکیشن ملک محمد صفدر ڈی ڈی سوشل ویلفیئر آفیسر وسیم عباس، علاقہ معززین، دولہا دلہن کے والدین اور عزیز و اقارب نے شرکت کی۔ تقریب سے صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن دھی رانی پروگرام” بیٹیاں سب کی سانجھی“ ہر ماں باپ کی خواہش ہوتی ہے کہ اس کی بیٹی کی شادی اچھے طریقے سے سرانجام پائے۔

دیپالپور کے نواحی گاؤں جموں وچھل میں ننھے منھے بچوں کے ہاتھوں میں قلم کتابوں کی جگہ جھاڑوں تھم گئی

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) دیپالپور کے نواحی گاؤں جموں وچھل میں ننھے منھے بچوں کے ہاتھوں میں قلم کتابوں کی جگہ جھاڑوں تھم گئی۔ صاف ستھرا پنجاب صرف فوٹو سیشن تک محدود شہر کے گلی محلے گندگی کے ڈھیروں میں تبدیل بڑے گندگی کے پہاڑ تعفن کا باعث بننے لگا ننھے منھے بچوں نے سکول سے چھٹی کر صفائیاں کرنا شروع کر دی تفصیلات کے مطابق یونین کونسل 140 بونگہ صالح کے بلند و بانگ دعوں کے باوجود علاقہ جموں وچھل میں گلی محلے گندگی سے اٹے پڑے ہیں جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر ہیں

ڈی سی کی ہدائیت کے مطابق شہر کو صاف ستھرا اور خوبصورت بنائیں گے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن اکرام اللہ سندھو نے کہا ہے کہ ڈی سی کی ہدائیت کے مطابق شہر کو صاف ستھرا اور خوبصورت بنائیں گے انہوں نے اپنی تعیناتی کے فوراً بعد دیوار حافظ آباد کی خوبصورتی میں اضافہ کرنے کے لیے خوبصورت پودے لگا دیئے ان سے قبل میونسپل کارپوریشن کے آفسران کی نااہلی اور سستی کی وجہ سے یہاں لگائے گئے پودے خشک ہو چکے تھے اور لاکھوں روپے مالیت کے گملے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو چکے تھے کسی نے اس کی طرف کوئی توجہ نہیں دی سماجی شخصیت اور سینئر صحافی سید غلام عباس شیرازی نے چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن اکرام اللہ سندھو کی توجہ اس دیوار حافظ آباد کی طرف دلائی تو انہوں نے فوری اقدامات کر کے یہاں پر خوبصورت پودے لگوا دیئے ہیں باقاعدگی سے ان پودوں کو پانی دیا جاتا ہے صفائی ستھرا کا بھی خصوصی خیال رکھا جا رہا ہے

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے میونسپل کمیٹی کے افسران کو بس سٹینڈز کی صفائی کا ٹاسک سونپ دیا،

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی /قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے میونسپل کمیٹی کے افسران کو بس سٹینڈز کی صفائی کا ٹاسک سونپ دیا، ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر عوامی سہولت کے پیش نظر جنرل بس سٹینڈ کی صفائی ستھرائی اور مسافروں کو سہولیات کی فراہمی کے سلسلہ میں میونسپل کمیٹی کے اہلکاروں نے بہترین انداز میں فرائض سرانجام دینا شروع کر دیے، بس سٹینڈز سے کوڑا کرکٹ کے ڈھیروں کو اٹھانے کے ساتھ ساتھ مین ہولز اور نالیوں کی صفائی کا عمل بھی تواتر کے ساتھ جاری ہے، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کا کہنا ہے کہ بس سٹینڈز پر بہترین سفری سہولیات کے لیے محنت اور لگن سے کام کیا جائے اور مسافروں کو صاف ستھرے اور تعفن سے پاک ماحول فراہم کرنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔

مختلف بازاروں میں انکروچمنٹ کے خلاف دبنگ آپریشن متعدد دوکانات سیل

کوٹ رادھا کشن (تحصیل رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر کوٹ رادھا کشن ڈاکٹر انس سعید کا ایس ایچ او ڈاکٹر ذوالفقار اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی ملک احتشام اور پولیس کی بھاری نفری کے علاوہ عملہ انکروچمنٹ کے ہمراہ ہندال چوک رائیونڈ روڈ اور شہر کے مختلف بازاروں میں انکروچمنٹ کے خلاف دبنگ آپریشن متعدد دوکانات سیل جبکہ متعدد کے خلاف کار سرکار میں مداخلت پر مقدمات درج تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر انس سعید نے ڈپٹی کمشنر قصور کے احکامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے شہر کے مین روڈز جن میں رائیونڈ روڈ۔ ہندال چوک۔ مین بازار۔ رضا مارکیٹ۔ گوشت مارکیٹ اور سبزی منڈی روڈ کے علاوہ ڈاکخانہ چوک میں تجاوزات کے خلاف دبنگ اور بلا تفریق آپریشن کیا جس کے دوران متعدد دوکانات کو سیل اور انکروچمنٹ کا باعث بننے والی ریڑھیاں اور پھٹوں کو عارضی طور پر قبضہ سرکار میں لے لیا جبکہ دوران انکروچمنٹ کار سرکار میں مداخلت کرنے پر متعدد افراد کے خلاف مقدمات بھی درج کروا دی۔ انجمن مرکزی تاجران اتحاد (رجسٹرڈ) کے صدر میاں اعظم راجو اور شہر کی سول سوسائٹی اور صحافی برادری نے اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر انس سعید اور ایس ایچ او ڈاکٹر ذوالفقار کی جانب سے انکروچمنٹ کے خلاف دبنگ کاروائی کرنے پر خراج تحسین پیش کیا

شہر میں آوارہ کتوں کی بھرمار پانچ دنوں میں مختلف علاقوں میں کتوں کے کاٹنے سے بائیس افراد شدید زخمی

مریدکے (تحصیل رپورٹر) شہر میں آوارہ کتوں کی بھرمار پانچ دنوں میں مختلف علاقوں میں کتوں کے کاٹنے سے بائیس افراد شدید زخمی انتظامیہ کی غفلت و لاپرواہی سے خارش زدہ کتے سر عام شہر میں گشت کرتے نظر آتے ہیں مگر ان کیخلاف متعلقہ انتظامیہ اور محکمہ صحت بھی غافل ہے شہریوں کا وزیراعلیٰ پنجاب سے ذمہ داروں کیخلاف سخت نوٹس لینے کا مطالبہ بتایا جاتا ہے کہ عرصہ دراز سے مریدکے شہر میں ہر گلی اور محلے میں آوارہ کتوں کی اتنی بھرمار ہے کہ مریدکے کے مختلف علاقوں کٹھیالہ ورکاں، بصرہ کالونی، رحمانپورہ، ریان پورہ، بھیانوالہ، سلامت پورہ، منوں آباد، مریدکے ٹاؤن، محلہ اقبال پارک میں صرف 5 دنوں میں اب تک تقریباً 20/22 بچے بوڑھے اور خواتین آوارہ کتوں کے کاٹنے سے شدید زخمی ہو کر مریدکے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال پہنچ چکے ہیں مگر آج تک انتظامیہ کے کان پر جوں تک نہیں رینگی۔ جس سے یہ واقعات روز بروز بڑھتے جا رہے ہیں لیکن متعلقہ محکمے مسلسل لاپرواہی اور غفلت کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ مریدکے کی سماجی رفاہی اداروں اور مذہبی تنظیموں کے سربراہان نے وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف و محکمہ صحت کے اعلیٰ افسران سے غفلت و لاپرواہی کا مظاہرہ کرنیوالوں کیخلاف سخت نوٹس لیتے ہوئے باؤلے اور آوارہ کتوں کے تدارک کا مطالبہ کیا ہے۔

CRIME
& COURT
جرم وسزا

بانی پی ٹی آئی و بشریٰ کو سزا میرٹ پر ہوئی: خواجہ اویس مشتاق

پیپلز پارٹی نے ہمیشہ کرپشن کی مخالفت کی ہے۔ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) بانی پی ٹی آئی و بشریٰ کو سزا میرٹ پر ہوئی۔ خواجہ اویس مشتاق۔ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ کرپشن کی مخالفت کی ہے۔ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ۔ عدالت کیجانب سے بانی پاکستان تحریک انصاف کو چودہ سال اور انکی شریک جرم اہلیہ محترمہ بشریٰ بی بی کو 7 سال قید انکی کرپٹ پریکٹسز میں ملوث ہونے اور جرم ثابت ہونے پر دی گئی۔ پاکستان پیپلز پارٹی کبھی کرپٹ پریکٹسز میں ملوث رہی نہ ہی ہماری قیادت نے قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو شہید سے لیکر بی بی شہید تا صدر جناب آصف علی زرداری و چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پارٹی ورکرز کو کرپشن کی ترغیب دی۔ ان باتوں کا اظہار معروف قانون دان و نائب صدر پاکستان پیپلز پارٹی سینٹرل پنجاب خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ نے میڈیا ٹاک میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی و استحکام کیلئے لازم ہے کہ کرپشن و بدعنوانی کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن کرتے ہوئے ملکی بنیادیں کھوکھلی کرنے والے کرپٹ عناصر کیخلاف کاروائیاں کر کے ملکی ترقی و استحکام سے ہمکنار کیا جائے۔

زمیندار کی جانب سے خاتون پر ٹریکٹر چڑھانے کا واقعہ نواحی گاؤں 46 ای بی میں فصل کے نقصان سے روکنے پر زمیندار نے خاتون پر ٹریکٹر چڑھا دیا



عارف والا (امیر احمد خان سے) زمیندار کی جانب سے خاتون پر ٹریکٹر چڑھانے کا واقعہ نواحی گاؤں 46 ای بی میں فصل کے نقصان سے روکنے پر زمیندار نے خاتون پر ٹریکٹر چڑھا دیا، پولیس ٹریکٹر سے خاتون کو روندنے کی فوٹیج منظر عام پر آ گئی، مقدمہ درج ویڈیو میں ملزم کی جانب سے خاتون کو ٹریکٹر کے نیچے دیتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے ٹریکٹر کے نیچے آنے سے خاتون شمشاد بی بی شدید زخمی ہو گئی، پولیس تھانہ صدر نے تین ملزمان بھائیوں تنویر، توقیر اور پرویز کے خلاف اقدام قتل کی دفعہ کے تحت مقدمہ درج کر لیا، پولیس مقدمہ خاتون کے بھتیجے علی شان کی مدعیت میں درج کیا گیا، پولیس زخمی خاتون کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا

بااثر افراد نے زمیندار کے بھٹہ خشت پر قبضہ کرنے کیلئے دھاوا بول دیا

آتشیں اسلحہ سے لیس ملزمان نے گھر پر فائرنگ کر کے آہنی گیٹ اور دیواریں چھلنی کر دیں

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) نواحی علاقہ گڈیالہ شرقی کے رہائشی مختار چیمہ نے عرصہ دراز قبل محمد مالک سے زرعی اراضی بشمول بھٹہ خشت خرید کیا جسکا قبضہ بھی لے لیا گیا، مذکورہ اراضی پر اپنی فصل کاشت کرنا شروع کر دی بعد ازاں محمد مالک نے بدنیتی سے کام لیتے ہوئے گاؤں کے رہائشی اقبال اور نواز جوندہ کو بھی ایک اشٹام تحریر کر دیا، مقامی عدالت نے تمام شواہد کو مدنظر رکھتے ہوئے مختار چیمہ کے حق میں فیصلہ جاری کر دیا اسی رنجش پر اقبال جوندہ نے مبینہ طور پر اپنے مسلح ساتھیوں کے ہمراہ مختار چیمہ کے گھر دھاوا بول دیا اور شدید فائرنگ کر کے گھر کے در و دیوار چھلنی کر دیئے فوری طور پر وقوعہ کی نے مقامی پولیس تھانہ سمبڑیال کو کی گئی مگر تا حال پولیس نے ابھی تک مقدمہ درج نہ کیا ہے متاثرہ شہری نے بتایا کہ ملزمان نہایت بااثر ہیں اور میری کروڑوں کی پراپرٹی پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں ملزمان اب کیس کی پیروی پر قتل سمیت سنگین نتائج کی دھمکیاں دے رہے ہیں

تھانہ صفدر آباد پولیس نے رات گئے تھانہ کی حدود کے مختلف علاقوں کا سرچ آپریشن کیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) تھانہ صفدر آباد پولیس نے رات گئے تھانہ کی حدود کے مختلف علاقوں کا سرچ آپریشن کیا جس کی سربراہی ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر نے کی سرچ آپریشن کی ٹیم سپیشل برانچ، سکیورٹی برانچ اور ایس ایچ او تھانہ صفدر آباد و پولیس ملازمین پر مشتمل تھی اس جوائنٹ سرچ ٹیم نے بی کیٹیگری کے 2 اور اے کیٹیگری کا ایک اشتہاری مجرم گرفتار کرنے سمیت بڑی مقدار شراب اور پسٹل و گولیاں برآمد کیں جبکہ آبادی سعید نگر میں کی گئی کاروائی کے دوران ملزم اسلم ولد حمزہ اوڈھ کے گھر سے جعلی ادویات تیار کرنے کی مشینری اور آلات و خام مال تحویل میں لیا

جی ٹی روڈ پر ٹریفک حادثہ ایک شخص جاں بحق

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) جی ٹی روڈ پر ٹریفک حادثہ، ایک شخص جاں بحق۔ حجرہ شاہ مقیم کا رہائشی بزرگ نذیر احمد گیمبر ٹول پلازہ پر کھڑا تھا کہ ٹرالر نے اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ نذیر احمد زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے موقع پر دم توڑ گیا۔ واقع کی اطلاع پا کر موٹروے پولیس، پنجاب پولیس اور ریسکیو 1122 موقع پر پہنچ گئی۔ پولیس نے تفتیش شروع کر دی۔

اوکاڑہ کے نواح میں دو بھائیوں نے ذہنی مریض 22 سالہ لڑکی کو زیادتی کا نشانہ بنا دیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی /قوت) اوکاڑہ کے نواح میں دو بھائیوں نے ذہنی مریض 22 سالہ لڑکی کو زیادتی کا نشانہ بنا دیا۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ 16 ون اے ایل کے رہائشی محمد نوید کی 22 سالہ ذہنی مریض شمیم اختر گھر کے باہر گلی میں جا رہی تھی کہ اچانک رضوان اور اس کا بھائی عرفان اسے رکشہ میں بٹھا کر کھیتوں میں لے گئے اور زبردستی شمیم کو باری باری دونوں بھائیوں نے زیادتی کا نشانہ بنا ڈالا پولیس تھانہ صدر رینالہ خورد نے لڑکی کے بھائی محمد نوید کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے ملزم عرفان کو گرفتار کر لیا جبکہ دوسرے ملزم رضوان کی گرفتاری کے لئے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

3 لڑکیوں سے نوکری کا جھانسہ دے کر زیادتی

قصور (بیورو چیف) قصور کے گردونواح میں اوباش ملزمان نے تین لڑکیوں کو ورغلا پھسلا کر اور نوکری کا جھانسہ دیکر زبردستی بے آبرو کر دیا، پولیس نے مقدمات درج کر لیے۔ تھانہ راجہ جنگ میں رخسانہ اقبال نے مقدمہ درج کروایا ہے کہ اوباش ملزم جدیل نے مجھے نوکری کا جھانسہ دیکر بلایا اور وہاں سے فصل بانس میں لے جا کر زبردستی زیادتی کا نشانہ بنایا ہے۔ تھانہ صدر چونیاں میں نانوالہ کے رہائشی علی شیر نے مقدمہ درج کروایا ہے کہ ملزم افتخار نے میری چچا زاد بہن 20 سالہ (ص) بی بی کو زبردستی زیادتی کا نشانہ بنا دیا ہے۔

3 مسلح ڈکیتوں کا مل پر دھاوا، گن پوائنٹ پر نقدی رقم، موبائل فونز لے اڑے

اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر تفتیش شروع کر دی

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) 3 مسلح ڈکیتوں کا مل پر دھاوا، مل ملازمین سے گن پوائنٹ پر نقدی رقم، موبائل فونز، موٹر سائیکل اور ٹرانسفارمر کی کوائلز کا پر تار ڈکیتی کر کے فرار، اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر تفتیش شروع کر دی، تفصیلات کے مطابق دیپالپور نواحی علاقہ سوبھا رام عقب رواج مارکی چنچارہ فوڈ رائس ملز میں 3 کس مسلح اسلحہ ڈاکوؤں نے مل میں موجود ملازمین سے گن پوائنٹ پر 10 عدد موبائل فونز، تقریباً 35 ہزار روپے نقدی، موٹر سائیکل اور ٹرانسفارمر کی کوائلز کا پر تار ڈکیتی کر کے فرار ہو گئے ملازمین کے مطابق ڈکیت تقریباً 6 گھنٹے تک مل میں ڈکیتی کرتے رہے اس دوران انہوں نے سب مل ملازمین کی جامع تلاشی کے دوران ہم سے نقدی رقم، موبائل فونز اور مل میں نصب ٹرانسفارمر کو توڑ پھوڑ کر کے نیچے اتار کر اس سے کوائلز، کاپر تار وغیرہ مالیتی 12 لاکھ 50 ہزار روپے ڈکیتی کر کے فرار ہو گئے، اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر تحقیقات شروع کر دیں مل آنر سید عامر اقبال نے برائے اندراج مقدمہ درخواست تھانہ سٹی دیپالپور گزار دی متاثرین نے ڈی پی او اوکاڑہ راشد ہدایت سے واقعہ کا نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

قصور: چوری و ڈکیتی کی وارداتیں، شہری لاکھوں روپے سے محروم

قصور (بیورو چیف) قصور اور اس کے گردنواح میں ڈکیتی، چوری اور راہزنی کی پے در پے وارداتوں میں ڈاکوؤں نے شہریوں کو لاکھوں روپے نقدی، لاکھوں روپے کے طلائی زیورات، موٹر سائیکلز، موبائل فون و دیگر سامان سے محروم کر دیا۔ تھانہ اے ڈویژن میں ثاقب ندیم نے مقدمہ درج کروایا ہے کہ تحصیل دار چوک میں گلی کے باہر کھڑی میری موٹر سائیکل نمبری LEL-6389 نامعلوم چور لے گئے ہیں۔ تھانہ بی ڈویژن میں اشتیاق نے درخواست دی ہے کہ عیسائیوں والے قبرستان کے قریب 03 کس نے اسلحہ کے زور پر مجھ سے 70 ہزار روپے نقدی، موبائل فون و دیگر سامان لوٹ لیا ہے۔ تھانہ سٹی پھولنگر میں محمد علی رضا نے مقدمہ درج کروایا ہے کہ لمبے جاگیر روڈ شادہ ہال کے باہر کھڑی میری موٹر سائیکل LED-4849 نامعلوم چور لے گئے ہیں اور زیشان نے بھی مقدمہ درج کروایا ہے کہ میانکے موڑ کے قریب میری فریج مرمت کی

کروڑوں روپے کی لاگت سے شروع ہونے والا صاف پانی کا منصوبہ فعال نہ ہو سکا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) ساڑھے 19 کروڑ روپے کی لاگت سے شروع ہونے والا صاف پانی کا منصوبہ فعال نہ ہو سکا سٹوریج کیلئے بنائی گئی دیوقامت ٹینکی لاوارث ٹک ٹاکرز کے کام آنے لگی منصوبہ کیوں نہ فعال ہو سکا انتظامیہ خاموش تماشائی اردگرد کے رہائشیوں کے لئے ٹینکی زحمت بن گئی اوباش نوجوان ٹینکی پر چڑھ کر جملے کستے اور ویڈیوز بناتے ہیں دھوپ کیلئے چھتوں پر بیٹھنے والی خواتین کیلئے پریشانی کا باعث بن رہے ہیں اسسٹنٹ کمشنر سمیت متعلقہ چیف آفیسر بلدیہ نارنگ کو متعدد بار آگاہ کیا گیا مگر کوئی شنوائی نہیں ہوئی مقامی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ ہمارے پاس کوئی اختیار نہیں ہے یہ منصوبہ ابھی تک کسی محکمے کے ہینڈ اوور نہیں کیا گیا جس کی وجہ سے دن بدن مسائل میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے شہریوں نے ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ سے مطالبہ کیا ہے

نارنگ منڈی میں دو موٹر سائیکلیں اور ٹرانسفارمر چوری

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) چوری اور ڈکیتی کی وارداتیں ٹرانسفارمر اور دو موٹر سائیکلیں چوری گول چکر کے قریب ڈاکوؤں نے گرڈ روڈ کے رہائشی مقصود احمد سے 1 لاکھ روپے سے زائد نقدی چھین لی لاہوریانوالی میں افضال حسین کے کھیتوں سے ٹرانسفارمر چوری ہو گیا کرتو کے قریب ڈاکوؤں نے راہگیروں سے ہزاروں روپے نقدی اور موبائل فونز چھین لیے عتیق سٹریٹ میں گھر کے باہر کھڑی عامر کی 1 لاکھ روپے مالیت کی موٹر سائیکل چوری ہو گئی آہدیاں میں دلاور خاں کی موٹر سائیکل غائب نامعلوم چور گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول گندووال کے تالے توڑ کر سامان لے گئے نارنگ منڈی پولیس نے مقدمات درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا ہے۔

جماعت اصلاح المسلمین پاکستان کے زیر اہتمام گورنمنٹ ڈگری کالج میں عظیم الشان محفل میلاد کا انعقاد

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) جماعت اصلاح المسلمین پاکستان کے ننکانہ صاحب اور فیصل آباد زون 3 کے زیر اہتمام گورنمنٹ ڈگری کالج فار بوائز میں عظیم الشان محفل میلاد مصطفیٰ ﷺ کا انعقاد۔ تفصیلات کے مطابق جماعت اصلاح المسلمین پاکستان کے ننکانہ صاحب اور فیصل آباد زون 3 کے زیر اہتمام گورنمنٹ ڈگری کالج فار بوائز میں عظیم الشان محفل میلاد مصطفیٰ ﷺ کا انعقاد صدر جماعت اصلاح المسلمین رانا محمد نوید، جنرل سیکرٹری ماسٹر ارشاد احمد، جائنٹ سیکرٹری محمد اکرم شہزاد کی زیر نگرانی کیا گیا۔

پریس کلب عارفوالا کا تعزیتی اجلاس صدر چوہدری حاجی محمد اعجاز ایڈووکیٹ کی زیر صدارت منعقد ہوا

عارفوالا (نامہ نگار نصر اللہ سے) پریس کلب عارفوالا کا تعزیتی اجلاس صدر چوہدری حاجی محمد اعجاز ایڈووکیٹ کی زیر صدارت منعقد ہوا اجلاس میں محمد قیصر اقبال سول جج درجہ اول عارفوالا کے والد محترم چوہدری محمد اقبال سہیل ایڈووکیٹ ممبر بار ایسوسی ایشن بہاولنگر کی ناگہانی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا گیا اور مرحوم کے درجات بلندی و مغفرت اور لواحقین کے لئے صبر جمیل کی دعا کی گئی اس موقع پر راؤ محمد کامران، ملک محمد اکرم، ریاض احمد شاد، شہزاد خان، محمد عمران، محمد اصغر، محمد نوید، اللہ دتہ جوئیہ، محمد اسلم چوہدری، عدیل احمد، محمد اویس، محمد ارشد ڈوگر سمیت دیگر ممبران و عہدیداران نے شرکت کی

ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کی زیر سرپرستی پولیس لائن میں جنرل پریڈ کا انعقاد ڈی پی او نے پریڈ کا معائنہ کیا اور سلامی لی

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کی زیر سرپرستی پولیس لائن میں جنرل پریڈ کا انعقاد ڈی پی او نے پریڈ کا معائنہ کیا اور سلامی لی، ڈسپلن اور ٹرن آؤٹ میں مزید بہتری کی ہدایت تفصیلات کے مطابق ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کی زیر سرپرستی پولیس لائن میں جنرل پریڈ کا انعقاد کیا گیا پریڈ میں ایلیٹ فورس، اینٹی رائٹ فورس، ٹریفک پولیس، لیڈی سٹاف، تھانوں سمیت تمام یونٹس نے شرکت کی۔ ڈی پی او نے پریڈ کا معائنہ کیا، سلامی لی اور ڈسپلن اور ٹرن آؤٹ میں مزید بہتری کے حوالے سے ہدایت جاری کیں۔

ظفروال رشتے کے تنازعہ پر نوجوان قتل: ماموں کے بیٹے نے پھوپھی کے بیٹے کو فائر مار دیا

ظفروال (زاہد چوہدری سے) گذشتہ روز تھانہ ظفروال کے نواحی گاؤں جندران شریف حال مقیم دھمتھل میں رشتہ کے تنازعہ پر ماموں کے بیٹے نے فائر مار کر اپنی سگی پھوپھی کے بیٹے مشرف علی ولد بشارت علی ساکن بھائی پچوالیاں کو قتل کر دیا فائر لگنے سے مشرف زخمی ہوا اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 کی ٹیم نے زخمی کو THQ ہسپتال پہنچایا مگر زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جان کی بازی ہار گیا واقع کی اطلاع ملتے ہی SHO تھانہ ظفروال آصف نوید اپنی ٹیم کے ہمراہ جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور ضروری شواہد اکٹھے کرنے کے بعد THQ ہسپتال سے لاش کو پوسٹمارٹم کے لیے DHQ ہسپتال نارووال بھیج دیا۔

ڈکیتی کی جھوٹی واردات بے نقاب، پولیس کی محنت سے حقیقت آشکار

جھنگ (بیورو رپورٹ) رابری کی جھوٹی واردات بے نقاب، پولیس کی محنت سے حقیقت ہوئی آشکار سی سی ٹی وی کیمروں نے کیا جھوٹ کا پردہ چاک ایس ایچ او شاہ امیر لدھیانہ نے رابری کی جھوٹی واردات سے شہریوں کے 20 لاکھ ہڑپ کرنیوالے فراڈیے کی سازش کو بے نقاب کر دیا پولیس نے رابری کی جھوٹی اطلاع دینے والے علی مبارک کے خلاف قانونی کاروائی کا آغاز کر دیا تفصیلات کے مطابق تھانہ کوتوالی کے علاقہ سے علی مبارک نامی شہری نے پولیس کو 20 لاکھ روپے رابری کی اطلاع دی پولیس نے شہری کی درخواست پر مقدمہ درج کرتے ہوئے تفتیش کا آغاز کیا واردات کو ٹریس کرنے کیلئے سی سی ٹی وی فوٹیج و دیگر وسائل بروئے کار لائے گئے۔ پولیس نے جدید طریقہ تفتیش اور سی سی ٹی وی فوٹیج سے جھوٹ پر مبنی من گھڑت رابری کی کہانی کا پردہ فاش کر دیا۔ علی مبارک نے 20 لاکھ روپے کی رقم میزان بینک میں جمع کروا کر پولیس کو رابری کی جھوٹی اطلاع دی پولیس کو چکمہ دیکر شہریوں کے 20 لاکھ روپے ہڑپ کرنے کی سازش پر علی مبارک کے خلاف قانونی کاروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ موثر تفتیش پر پولیس افسران کو شاباش دیتے ہوئے ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کا کہنا تھا کہ پولیس کو جھوٹی اطلاع دینا نہ صرف جرم ہے بلکہ سرکاری وسائل کا ضیاع بھی ہے۔

ہڑپہ فیسٹیول کے انتظامات کے حوالے سے ایک اہم میٹنگ محترمہ عائشہ ارشد خان لودھی کی میزبانی میں منعقد ہوئی

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ہڑپہ میوزیم کے سبزہ زار میں 15 اور 16 فروری 2025 کو منعقد ہونے والے ہڑپہ فیسٹیول کے انتظامات کے حوالے سے ایک اہم میٹنگ محترمہ عائشہ ارشد خان لودھی کی میزبانی میں منعقد ہوئی۔ اس ملاقات میں ڈی جی آرکیالوجی ملک ظہیر عباس، رکن پنجاب اسمبلی محمد نوید اسلم خان لودھی، سابق ڈائریکٹر آرکیالوجی محمد حسن، ہڑپہ میوزیم کے کیوریٹر احمد نواز ٹیپو، اور فیسٹیول کوآرڈینیٹر عمران سومرا نے شرکت کی۔ میٹنگ کا مقصد فیسٹیول کو ہر لحاظ سے کامیاب بنانا اور انتظامی امور پر تفصیلی مشاورت کرنا تھا۔ اس موقع پر ڈی جی آرکیالوجی ملک ظہیر عباس نے پروگرام کی کامیابی کے لیے محکمہ آثار قدیمہ کی مکمل حمایت اور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

نوجوانوں کو سپورٹس کی طرف راغب کرنا ایک مثبت عمل ہے: ذیشان الہی شمیرا

کوٹ رادھا کشن نول اوتاڑ میں ھارڈ بال کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا

کوٹ رادھا کشن (تحصیل رپورٹر) نوجوانوں کو سپورٹس کی طرف راغب کرنا ایک مثبت عمل ہے ذیشان الہی شمیرا۔ تفصیلات کے مطابق کوٹ رادھا کشن نول اوتاڑ میں ھارڈ بال کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا چیئرمین پاک شاہین کیبل اینڈ پائپ گروپ لمیٹڈ ذیشان الہی شمیرا نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی اس موقع پر ذیشان الہی شمیرا نے دونوں ٹیموں کے کھلاڑی سے مصافحہ کیا کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے ٹورنامنٹ آرگنائزر مولانا طاہر جمیل اور ٹورنامنٹ انتظامیہ کو خراج تحسین پیش کیا کرکٹ ٹورنامنٹ کے اختتام پر ذیشان الہی شمیرا کا کہنا تھا کہ ٹورنامنٹ کے دوران کھلاڑیوں نے بہترین کھیل کا مظاہرہ کیا جس پر وہ مبارکباد کے مستحق ہیں، کھیل میں ہار جیت ہوتی ہے ہارنے والی ٹیم زیادہ مبارکباد کی مستحق ہے مایوس نہیں ہونا چاہیے بلکہ پہلے سے زیادہ جوش اور ولولے کے ساتھ آگے بڑھنا چاہیے جہاں کھیلوں کے میدان آباد ہوتے ہیں وہاں ہسپتال ویران ہوتے ہیں تعلیم کے ساتھ ساتھ نوجوانوں کو سپورٹس کی طرف راغب کرنا ایک مثبت عمل ہے

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ بقیہ جات 1

کررہی ہے۔ٹاؤن شپ فری میڈیکل میں 400 سو سفید پوش افراد تک صحت کی سہولتیں فراہم کی گئی۔الخدمت فاؤنڈیشن ملک بھر میں انسانیت کی بلا امتیاز رنگ ونسل اور مذہب کے خدمت کررہی ہے اور یہ سلسلہ جاری رہیگا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے الخدمت فاؤنڈیشن ٹاؤن شپ کے زیراہتمام ضیاء کالونی وگردونواح کی بستیوں کیلئے لائے گئے فری میڈیکل کیمپ کے دورے کے موقع میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتیہوئے کیا۔میڈیکل کیمپ میں دن بھر مرد وخواتین اور بچوں سمیت 400 سے زائد مریضوں کا فری میڈیکل چیک اپ،اورٹیسٹ کیے گئے کیمپ میں مریضوں کومعیاری ادویات مفت میں فراہم کی گئیں۔میڈیکل کیمپ میں لاہور کے معروف ڈاکٹرنجبت اللہ، ڈاکٹراعجازنذیر،ڈاکٹرصارم نے امراض کی تشخص کی۔اس موقع پر امیرجماعت اسلامی جنوبی لاہور مرزا عبدالرشید ،وسیم اسلم قریشی،اسدقریشی سلمان سعد بن وسیم،لیاقت علی،فہیم اسلم،کلیم اسلم موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 2

برابری کے حقوق فراہم کیئے جائیں۔"پنجاب حکومت اپنے تمام مذہبی طبقات کوتعلیمی، سماجی اور اقتصادی مواقع فراہم کرنے کے لئے پرعزم ہے۔ہم پنجاب کو مذہبی ہم آہنگی اورشمولیت کا ماڈل بنانا چاہتے ہیں۔رمیش سنگھ نے بتایا کہ صوبہ پنجاب میں سکھ میرج ایکٹ کے بعد اب ہندو میرج ایکٹ کے رولز کی منظوری دیدی گئی ہے، ہندو کمیونٹی کے افراد کی شادیاں رجسٹرڈ ہوسکیں گی۔ اسکے ساتھ ہندو میرج ایکٹ کے تحت یونین کونسل کی سطح پرشادی اور طلاق کی رجسٹریشن ممکن ہوسکے گی۔ نئے قانون کی منظوری سے ہندوکمیونٹی کے طلاق، بچوں کی حوالگی جیسے معاشرتی مسائل حل ہوسکیں گے۔ رمیش سنگھ نے اقلیتی کارڈز کے اجرا کوایک اہم اقدام قرار دیتے ہوئے کہا کہ مذہبی اقلیتی کمیونٹیز کو سرکاری اسکیموں تک رسائی اوران کے حقوق کی قانونی تحفظ فراہم کی جارہی ہے۔ اس کے علاوہ اقلیتی طلباء کے لئے تعلیمی اسکالرشپس کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ مالی رکاوٹوں کوختم کرنے اور پنجاب کی اقلیتی نوجوان نسل کو بااختیار بنانے کے لئے فراہم کی جارہی ہیں۔صوبائی وزیرنے مسٹربین کوپنجاب حکومت کی مذہبی ہم آہنگی اور رواداری کوفروغ دینے کی مسلسل کوششوں کا یقین دلایا۔انہوں نے کہا کہ حکومت کاعزم ہے کہ تمام مذہبی کمیونٹیز کے حقوق کا تحفظ کیا جائے اور انہیں اپنے عقیدے کی آزادی کے ساتھ عمل کرنے کا موقع ملے۔ دونوں رہنماؤں نے پنجاب حکومت اور بین الاقوامی شراکت داروں خصوصاً برطانیہ کے درمیان اقلیتی حقوق کی حمایت کے لیے مزید تعاون پربھی تبادلہ خیال کیا۔ برطانوی ہائی کمشنر نے پنجاب حکومت کے اٹھائے گئے اقدامات کی تعریف کی اورانسانی حقوق اورشمولیت کے فروغ کے لیے برطانیہ کے عزم کا اعادہ کیا۔ برطانوی ہائی کمشنر نے کہا، "میں پنجاب حکومت کے اقدامات اوراقلیتی کمیونٹیز کے لئے کیے گئےعزم سے گہرامتاثرہوا ہوں۔برطانیہ پاکستان کے ساتھ اپنے مضبوط تعلقات کوقدرکی نگاہ سے دیکھتا ہے اورتمام مذہبی کمیونٹیز کے تحفظ اورفلاح وبہبود کومضبوط بنانے کے لیےمل کرکام کرنے کا منتظر ہے۔" ملاقات کے اختتام پرصوبائی وزیرنے برطانوی ہائی کمشنر کوایک سوونیئر تحفے کے طور پرپیش کیا۔

بقیہ بقیہ جات 3

اورمسائل سن کرفوری ریلیف بارے احکامات جاری کئے۔تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب نے مرحوم پولیس اہلکارمحمد آصف کی بیوہ کی درخواست پرڈی پی او سیالکوٹ کوریلیف کی ہدایت کی۔شہید کانسٹیبل ندیم تنویر کے والدکی درخواست پرڈی پی اواوکاڑہ کوریلیف کے احکامات جاری کیے جبکہ انسپکٹرمحمد شاہد کی پروموشن سے متعلق درخواست پر ایڈیشنل آئی جی پنجاب کو ریلیف کی ہدایت کی۔آئی جی پنجاب ڈاکٹرعثمان انور نے ڈسپلن،ایڈمن، پروموشن اورویلفیئر سے متعلقہ دیگر درخواستوں پربھی احکامات جاری کیئے۔

بقیہ بقیہ جات 4

اس موقع پر پی ایم اے کے مرکزی صدرڈاکٹراظہار احمد چوہدری، صوبائی صدرڈاکٹر کامران سعید، پی ایم اے لاہور کے صدر پروفیسر شاہد ملک، سابقہ مرکزی صدر پروفیسر اشرف نظامی، ڈاکٹرکامران احمد، ڈاکٹر واجدعلی، پروفیسر خالد محمود خان، ڈاکٹر بشریٰ حق، ڈاکٹر ارم شہزادی، ڈاکٹر احمد نعیم، پروفیسرعلی رفیق مرزا، ڈاکٹر سلمان کاظمی، ڈاکٹرنادرخان، ڈاکٹرکیپٹن ارشد ہمایوں اور دیگر اراکین مجلس عاملہ موجود تھے۔ملاقات میں متفقہ فیصلہ کیا گیا کہ POS کے ضمن میں مسلئے کی اصل صورتحال سے آگہی کیلئے جلد ہی صوبائی وزیرصحت کی موجودگی میں چیئرمین ایف بی آر سے ملاقات کی جائے گی۔ ملاقات میں ہیلتھ کیئر کمیشن کی ناقص کارکردگی، رجسٹرڈ ڈاکٹروں کوانڈیکیٹرزاورانسپکشن کے نام پر ہراساں کرنے پرسوالات اٹھائے گئے اورفیصلہ ہوا کہ اس ضمن میں چنددنوں میں ہیلتھ کیئر کمیشن اور پی ایم اے کی لیڈرشپ کا ایک مشترکہ اجلاس منعقد کیا جائے گا۔صوبائی وزیرصحت نے محکمہ صحت میں ترقیوں کا عمل تیز کرنے کی یقین دہانی کروائی۔اجلاس میں محکمہ صحت میں مینجمنٹ کیڈر بنانے کی ضرورت پرزوردیا گیا کیونکہ ہسپتالوں میں میڈیکل ٹیچرز کے انتظامی ایڈہاک ازم سے کافی مسائل پیداہورہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 5

میڈیکل ٹریننگ عدم موجود پائے گئے۔ پراسیسنگ ایریا میں کھلی نالیاں، ٹوٹا فرش، اورحشرات کی بھرمار پائی گئی۔ملازمین کی ذاتی صفائی صفر، گندے زنگ آلود بورڈ پر کٹائی کی جارہی تھی۔ عاصم جاوید نے کہا کہ خوراک میں ملاوٹ کے مرتکب عناصر کیخلاف مسلسل کارروائیاں جاری ہیں، پنجاب میں ملاوٹ مافیا کی کوئی جگہ نہیں، شہری شکایات کی صورت میں 1223 پر اطلاع دیں۔

بقیہ بقیہ جات 6

زخمیوں میں سے ایک کی حالت تشویشناک ہے۔زخمی شفیع اللہ کے بیان کے مطابق، چار سے پانچ مسلح افراد گھر میں گھس آئے اور ان کے بھائیوں پر فائرنگ کی۔شفیع اللہ نے مزید کہا کہ ملزمان نے گھر سے کوئی چیز نہیں لوٹی۔ شفیع اللہ نے بتایا کہ ان کا آبائی تعلق گمبٹ سے ہے اور ان کی کسی سے کوئی دشمنی نہیں تھی، ہم پانچوں بھائی سرکاری ملازم ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 7

7 گھنٹے تاخیر کا شکار رہی۔لاہور سے دبئی، جدہ، شارجہ، ریاض، استنبول کی پروازوں میں 1 سے ساڑھے 5 گھنٹے تاخیر کا شکار ہوئی ہے۔اسلام آباد ایئرپورٹ سے پروازوں کی روانگی میں 1 سے ڈھائی گھنٹے تاخیر کا شکار ہوئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 8

مزمل سہروردی، مجیب الرحمٰن شامی، خالد عباس ڈار، حسیب پاشا، شفقت محمود، ارسلان بھٹی، خاور نعیم ہاشمی اور صحافیوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔اس موقع پر سپیکر پنجاب اسمبلی، ڈاکٹر سعید الٰہی، طاہر سرور میر، مجیب الرحمٰن شامی ودیگر نے اپنے خیالات کا اظہار بھی کیا۔صوبائی وزیرصحت خواجہ سلمان رفیق نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ منو بھائی ایک شخصیت نہیں ادارے کا نام ہے۔اللہ تعالیٰ منو بھائی کی منزلیں آسان کرے۔ہم سب کو منو بھائی کی طرح اپنی زندگیاں خدمت انسانیت کیلئے وقف کرنی چاہئیں۔حکومت پنجاب سندس فاؤنڈیشن کے ساتھ کھڑی ہے۔خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ سندس فاؤنڈیشن تھیلیسیمیا کا شکار معصوم بچوں کو علاج ومعالجہ کی بہترین سہولیات فراہم کررہی ہے۔ہم سندس فاؤنڈیشن کے مشن کو کامیاب بنائیں گے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق عوام تک صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں۔سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان نے اس موقع پراظہارخیال کرتے ہوئے کہا کہ خواجہ سلمان رفیق کی خدمات کا اعتراف کرتے ہیں اور حکومت کو سندس فاؤنڈیشن کی سرپرستی کرنی چاہئے۔منو بھائی ایک عہد ساز شخصیت کے مالک تھے۔

بقیہ بقیہ جات 9

کی۔ترجمان کا کہنا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر میٹرک کیلئے مختلف مضامین کورسز کا آغاز کیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 10

شدید زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے پندرہ سالہ علی نعمان نامی نوجوان جاں بحق ہوگیا جبکہ پانچ افراد زخمی ہو گئے ،ریسکیو ٹیموں نے لاشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا ہے جبکہ پولیس نے بھی قانونی کاروائی شروع کردی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 11

لڑکی کو زیادتی کا نشانہ بنایا،وقوعہ کی اطلاع ملتے ہی ڈی پی او محمد راشد ہدایت کے حکم پر اے ایس پی رینالہ سید دانیال حسن موقع پر پہنچے اور جائے وقوعہ کا جائزہ لیکر فوری کارروائی کرتے ہوئے وقوعہ کے ایک مرکزی ملزم عرفان کو گرفتار کروادیا، پولیس ذرائع نے این این آئی کو بتایا کہ متاثرہ لڑکی کا ابتدائی طبی معائنہ ڈی ایچ کیو ہسپتال سے کروا لیا گیا ہے،وقوعہ کے دوسرے ملزم رضوان کی گرفتاری کیلئے ٹیمیں تشکیل دیدی گئیں ہیں جسے جلد گرفتار کر لیا جائے گا،وقوعہ کا مقدمہ اجتماعی زیادتی کی دفعات کے تحت بھائی کی مدعیت میں درج کرلیا گیا،اس سلسلے میں ڈی پی او اوکاڑہ راشد ہدایت نے کہا ہے کہ مقدمے میں دونوں نامزد ملزم بھائی ہیں،متاثرہ لڑکی کا میڈیکل اور ڈی این اے ٹیسٹ کروایا جائے گا جبکہ اے ایس پی رینالہ کی زیرنگرانی اسپیشل ٹیم تشکیل دے دی گئی ہے،جنکی تحقیقات کے بعد اصل حقائق سامنے آئیں گے،ملزمان گناہ گار ہوئے تو قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی ،انہوں نے کہا کہ کیس کے تمام پہلوؤں سے تحقیقات کی جارہی ہیں،اوکاڑہ پولیس وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی نیورا گین مہم کے تحت خواتین کے تحفظ کے لیے کوشاں ہے۔

بقیہ بقیہ جات 12

پوسٹ تیمبر کیس،ملزم کا تعلق حاجی کیمپ، پشاور سے ہے، ملزم کو گرفتار کرکے تفتیش کا آغاز کر دیا گیا۔ایف آئی اے کے مطابق آن لائن ہتک عزت اور سائبر کرائم کے خلاف سخت کارروائیاں جاری ہیں، ملزمان کی گرفتاری کے لئے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جارہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 13

کے وکیل نے استدعا کی کہ قانونی طریقے سے پیسہ باہر لے کرگئے، منی ٹریل موجود ہے۔جسٹس محسن اختر کیانی نے ریمارکس دیے کہ منی ٹریل کا ثبوت لائیں تو میں درخواست منظور کرلوں گا، منی ٹریل ثابت کرنا تو بہت مشکل کام ہے، منی ٹریل کا ثبوت تو قاضی فائز عیسیٰ بھی پیش نہیں کرسکے تھے، عدالت نے کیس کی سماعت 30 جنوری تک ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 14

گامزن ہیں ،عوامی مسائل کا حل اور خوشحالی ہماری اولین ترجیح ہے۔انہوں نے کہا کہ عوام دیکھ رہے ہیں وزیراعلیٰ مریم نواز نے صوبے کی ترقی اور عوام کی خدمت کے لیے دن رات ایک کیے ہوئے ہیں، مریم نواز نے عوام کی فلاح وبہبود کے متعدد منصوبے شروع کئے ہیں اور یہ سلسلہ بلاتعطل جاری ہے ،مریم نواز شریف نے ثابت کیا ہے کہ وہ عوام کی وزیراعلیٰ ہیں ۔انہوں نے کہا کہ ملک کو اندھیروں میں دھکیلنے والا فتنہ خان اور اس کے حواری اب بھی سازشوں سے باز نہیں آرہے ، انہوں نے حکومت اور اپوزیشن میں رہتے ہوئے لوگوں کے چہروں سے خوشیاں تک چھین لی ہیں،لوگ ان کے دور میں ایک وقت کی روٹی سے مجبور ہو گئے تھے ،دوسروں کی عزتیں اچھالنے والے خود سرٹیفائیڈ چور نکلے ہیں،۔انہوں نے کہا کہ حلقے میں کھلی کچہری کا مقصد عوام سے ملاقات اور ان کے مسائل کو حل کرانا ہے، ان شاءاللہ عوام کے مسائل کے حل کے لئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 15

شاہ نے غالب ڈوملی پر فائرنگ کے واقعے کا نوٹس لیا اور آئی جی سندھ سے رپورٹ طلب کرلی۔

بقیہ بقیہ جات 16

2 پارسلز سے 320 گرام افیون برآمد ہوئی۔ ترجمان نے مزید بتایا کہ لاہور میں ننکانہ صاحب کے قریب گھر پر چھاپے کے دوران 10.8 کلو افیون اور 22.8 کلو چرس برآمد کرکے ملزم کو گرفتار کرلیا گیا۔ بلوچستان میں گوادر کے علاقے سے 28 کلو چرس جبکہ ایم ون موٹروے اسلام آباد پرملزم کے قبضے سے 1.2 کلو چرس برآمد ہوئی۔راولپنڈی میں اڈیالہ روڈ پرملزم کے قبضے سے 316 گرام چرس برآمد کی گئی۔کوئٹہ میں نجی کوریئر آفس سے لاہور بھیجے جانے والے پارسل سے 44 گرام چرس برآمد ہوئی۔گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کرکے تحقیقات کا آغاز کردیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 17

آپریشنز نے واقعہ کا نوٹس لیا، تحقیقات کے لیے 24 گھنٹے کا وقت دیا، ایس ایس پی آپریشنز کی سربراہی میں سپیشل ٹیم نے تحقیقات شروع کیں،24 گھنٹے کے اندر ہی پولیس حقائق تک پہنچ گئی۔ترجمان کا کہنا تھا کہ زخمی نوجوان علی حیدر نے جرم تسلیم کیا، بیان ریکارڈ کروایا، رواں سال ڈکیتی کی زیادہ تر وارداتوں کا کامیابی سے سراغ لگایا گیا۔ترجمان کے مطابق ڈکیتی سمیت تمام جرائم پر لاہور پولیس کی زیروٹالرنس پالیسی ہے، سبزہ زار میں میڈیکل سٹور لوٹنے والے ڈکیٹ دو دن میں پکڑے گئے۔

بقیہ بقیہ جات 18

منقطع کرکے محکمانہ وقانونی کارروائی کا آغاز کردیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 19

نے یہ ٹشو پیپرز مجھے فروخت کیے تھے، مجھے معلوم نہیں تھا یہ اسمبلی کے ٹشو پیپر ہیں۔سیکرٹری اسمبلی بلوچستان اسمبلی کے مطابق ٹشو پیپروں کا ٹھیکیدار کراچی کے ہوٹلوں کو سپلائی کررہا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 20

کھڑی ہونے کی گنجائش موجود ہے۔ہال روڈ کے پارکنگ پلازے میں 170 کاروں، 2130 موٹر سائیکلز کی گنجائش ہے تاہم ہال روڈ پر 2 کنال 7 مرلے کی اراضی پر 7 منزلہ پارکنگ پلازہ بنانے کی تاحال منظوری نہیں ہو سکی۔ 474 گاڑیاں، 805 بائیکس کیلئے 8 کنال 5 مرلے پر ٹاؤن ہال پر 3 منزلہ پلازہ کی ورکنگ پر بھی پیشرفت نہ ہوسکی ۔برکت مارکیٹ کی پارکنگ میں 700 کاروں 1 ہزار بائیکس کی گنجائش رکھی گئی ،تاہم برکت مارکیٹ کیساتھ 7 کنال 4 مرلہ اراضی پر 2 منزلہ پلازہ تعمیر کا ازسرنو پی سی ون فائلوں میں بند ہے۔اچھرہ فیروز پور روڈ پر 4 کنال 3 مرلہ اراضی پر 2 منزلہ پارکنگ پلازہ کا ازسرنو پی سی ون تیار ہے،اچھرہ پارکنگ پلازے میں 328 گاڑیوں اور 702 موٹرسائیکلز کی گنجائش رکھی گئی۔لاہور ہائیکورٹ کے قریب 8 کنال 4 مرلہ کے 4 منزلہ پلازہ میں 512 گاڑیوں کی گنجائش موجود ہے۔دہلی مسلم ہسپتال سے منسلک 4 کنال 5 مرلہ اراضی پر 4 منزلہ پارکنگ پلازہ کا پی سی ون بھی فائلوں میں دب گیا گلیکسی پلازہ میں 280 گاڑیاں اور 950 موٹرسائیکلوں کی گنجائش رکھی گی تھی تاہم گلیکسی فیروز پور روڈ پر 4 کنال 8 مرلہ پر 4 منزلہ پلازہ کا ازسرنو پی سی ون پر کوئی پیشرفت نہیں ہوسکی۔ورکنگ پیپرز کے مطابق 5 پلازے ایم سی ایل، 2 پلازے اوقاف کی زمین پر بننا ہیں جبکہ 2 پارکنگز پی ایچ اے، 1 ایل ڈی اے اور ایک لیکوڈیشن بورڈ کی اراضی پر بننا تھے۔

بقیہ بقیہ جات 21

پکڑے گی اور درآمدات میں اضافہ ہونے سے زر مبادلہ کے ذخائر پر دباؤ آئے گا،اس کے لئے حکومت کوپیشگی حکمت عملی مرتب کرنی چاہیے تاکہ آنے والے مہینوں میں دوبارہ مشکلات کا سامنا نہ کرے۔انہوں نے کہا کہ حکومت برآمدات اور ترسیلات زر میں اضافے کے تسلسل پر توجہ مرکوز کرے ، اس وقت برآمدات کی گروتھ میں اس رفتار سے اضافہ نہیں ہورہا جو ہماری ضرورت ہے۔علی عمران آصف نے کہا کہ معیشت کی ترقی کے لئے سیاسی استحکام اور پالیسیوں کا تسلسل ناگزیر ہے۔

بقیہ بقیہ جات 22

ایئرلائن سے پائلٹس کا دیگر ایئرلائنز میں جانا قومی ایئر لائن کے لیے بڑا نقصان ہے۔پالپا مراسلے میں مزید کہا گیا ہے کہ ملکی نجی ایئرلائنز اپنے پائلٹس کو بہتر تنخواہ اور دیگر مراعات کی پیشکش کررہی ہیں،اب یورپی ملکوں میں بھی قومی ایئرلائن کی پروازوں کی بحالی ہوچکی ہے، موجودہ صورتحال کے پیش نظر پائلٹس کی تنخواہوں فی الفور اضافہ کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ قومی ایئر لائن کے پائلٹس کی تنخواہوں کو بڑھا کر مارکیٹ بیسڈ کیا جائے ، موجودہ معاشی صورتحال کے پیش نظر بڑھتے ٹیکسز، مہنگائی کومدنظر رکھ کر تنخواہوں میں اضافہ ناگزیر ہے۔کیپٹن عمران نارائجو نے کہا کہ پائلٹس کی تنخواہوں میں اضافے سے ان کی کارکردگی و پیشہ وارانہ امور پر مثبت اثرات مرتب ہونگے۔

بقیہ بقیہ جات 23

میں 16 جنوری سے تدریسی عمل کا بائیکاٹ جاری ہے۔ فپواسا نمائندوں نے مطالبہ کیا کہ وائس چانسلرز کی تقرری کیلئے یونیورسٹیز ایکٹ میں مجوزہ ترامیم واپس لی جائیں۔

بقیہ بقیہ جات 24

سے ٹی ٹی پسٹل، 2 منی کلاشنکوفیں، 2 موٹر سائیکلیں، موبائل فونز اور نقدی برآمد کرلی۔

بقیہ بقیہ جات 25

کرکے مزید تفتیش کیلئے انہیں انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کردیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 26

کی نہ رکنے پر فائرنگ کردی۔اس جگہ سے چند میٹر کے فاصلہ پر نیشنل بینک آف پاکستان بھائی والا سٹاپ جھمرہ روڈ کے بالمقابل موٹرسائیکل سوار مسلح افراد نے گھیر لیا اور سر پر فائر کیے جو ہلمٹ کو چیر کر سر میں گھس گیے۔ جس سے اس کی موقع پر موت واقع ہوگئی۔ پولیس مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ بقیہ جات 27

پیر سید زاہد شاہ گیلانی ، پریس کلب کے صدر رانا جعفر کے ہمراہ مغل ویلفیئر سوسائٹی کے مرزا اصغر مغل کی والدہ اور والد کے انتقال پر اظہار تعزیت کے بعد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔رانا تنویر حسین نے کہا کہ وزیر اعظم میاں شہباز شریف پاکستان کو ترقی خوشحالی میں بہت آگے لیجانے کے عزم پر کام کررہے ہیں پاکستان ڈیجیٹلائزیشن کی طرف جارہا ہے بہت سارے کام ہورہے ہیں فارن انویسٹمنٹ کرنسی اپنی شیٹو میں پاکستان پہلا ملک بن چکا ہے جس کے لئے قوم مبارکباد کی مستحق ہے۔انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی پاکستان مخالف پروگرام پرعمل پیرا ہے پہلے دن سے کہہ رہا ہوں یہ شخص عوام اور پاکستان کا دشمن ہے اس کے پیچھے پاکستان مخالف لوگ اور قوتیں کھڑی ہیں،قوم کو اسکا چہرہ نظر آچکا ہے ایسی پاکستان مخالف سرگرمیوں کا انکشاف ہورہا ہے اب تو لگتا ہے بانی پی ٹی آئی نے ملک دشمنی کی حد کردی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 28

کے باعث ٹریفک جام ہوگیا، جس سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ڈرائیور کا کہنا ہے کہ ٹرک نوکوٹ سے جوڑیا بازار جارہا تھا،ٹرک میں مرچوں کی 300 بوریاں تھیں۔ٹرک ڈرائیور کے مطابق ایکسل ٹوٹنے کی وجہ سے ٹرک الٹ گیا۔

بقیہ بقیہ جات 29

سے شام 6 بجے تک دھند کے دوران بہترین سفری اوقات ہیں۔ڈرائیورز کو ہدایت کی ہیں کہ دھند والی فوگ لائٹس کا استعمال یقینی بنائیں، تیز رفتاری سے گریز کریں اوراگلی گاڑی سے مناسب فاصلہ رکھیں اور غیرضروری سفر سے اجتناب کریں۔مسافروں کو کسی بھی مدد یا معلومات کے لیے موٹروے پولیس کی ہیلپ لائن 130 پر رابطہ کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 30

آمریت قائم ہے،انتہائی افسوس کی بات ہے کہ نادیدہ قوتیں ملک میں مضبوط آئین اور جمہوریت دیکھنا نہیں چاہتیں، جمہوری نظام برائے نام ہے انتقامی سیاست اور غیرآئینی اقدامات مزید مسائل پیدا کررہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ملک میں پارلیمنٹ اور آئین کی بالادستی کی بجائے اسٹیبلشمنٹ کا راج ہے پارلیمنٹ کے پاس کوئی اختیار نہیں آئینی سیاسی ومعاشی بحرانوں سے ملک دلدل میں مزید پھنس رہا ہے ملک کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کیلئے سیاسی جماعتوں کا اتفاق ناگزیر ہے۔

بقیہ بقیہ جات 31

،اوسی یو، انوسٹی گیشن ونگ اور آپریشن ونگ تھانہ جات کے افسران وجوانوں نے شرکت کی۔ ایس پی ہیڈکوارٹر احمد زنیر چیمہ نے پریڈ میں حصہ لینے والے افسران و جوانوں کا ٹرن آؤٹ بھی چیک کیا۔ جنرل پریڈ میں حصہ لینے والے اہلکاروں کے چاق وچوبند دستوں نے مارچ پاسٹ کیا۔ایس پی ہیڈکوارٹرز احمد زنیر چیمہ نے کہا کہ جنرل پریڈ کا مقصد اہلکاروں کو الرٹ رکھنا اور ان میں ڈسپلن،اتحاد و بھائی چارے کی فضا قائم رکھنا ہے، پریڈ کسی بھی فورس کے ڈسپلن کا بہترین مظاہرہ ہوتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 32

اس وقت پورے نہیں ہونگے جب سارے ضابطے پورے نہیں کیے جائیں گے۔اسلام ایک مکمل نظام ہے ،اگر یہ قائم نہیں ہوگا تو اس کی برکات حاصل نہیں ہونگی۔ آج ہمارے ملک کا نظام جن لوگوں کے ہاتھوں میں ہے وہ اللہ کے باغی بندے ہیں ۔ہمیں یہ اقتدار اور اختیار ان سے حاصل کرکے اللہ کے نیک بندوں کو دینا ہے ۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کو اغیار کی غلامی میں دینے والے حکمران خود کو قوم کے سامنے جوابدہ نہیں سمجھتے ۔ان کی وجہ سے آج پاکستان کی معیشت برباد ہو چکی ہے ۔حکمرانوں کی عیاشیاں ختم ہونے کا نام نہیں لے رہی ۔آج ضرورت اس بات کی ہے کہ اللہ کے نظام کے لئے ہم متحد ہوں ۔ جماعت اسلامی دین حق کے غلبے کے لئے جدوجہد کررہی ہے ۔اسلام کے نام پر وجود میں آنے والے ملک کے اندر صرف اور صرف اللہ کا دین ہی کامیاب ہوسکتا ہے ۔جاوید قصوری نے اس حوالے سے مزید کہا کہ ملک غربت اور جہالت میں ڈوبا ہوا ہے لیکن ہماری سول اور غیر سول افسرشاہی اپنے ٹھاٹھ باٹھ چھوڑنے تیار نہیں ہے ۔ ملٹی نیشنل کمپنیاں خون نچوڑ رہی ہیں ۔ جو حکومت آتی ہے وہ پروٹوکول اور اپنی مراعات کے حصول میں کمی تو کرتی نہیں بلکہ الٹا ملک کو مزید قرضوں کے بوجھ تلے دبا دیتی ہے ۔ معیشت زبوں حالی کا شکار اور عوام کی مشکلات میں دن بدن اضافہ ہوتا چلا جارہا ہے ۔ پی ڈی ایم ٹو کی حکومت اندازوں سے بھی زیادہ خراب کارکردگی کا مظاہرہ کررہی ہے ۔

بقیہ بقیہ جات 33

یہ واقعہ لاہور کے علاقہ سبزہ زار میں واقع میاں عمر ڈولہ کے بریڈنگ فارم پر پیش آیا جہاں عظیم نامی نوجوان نے پنجرے میں بند پالتو شیر کے قریب جاکر ویڈیو بنانے کی کوشش کی تاہم شیر نے اچانک اس پر حملہ کردیا جس سے نوجوان کے چہرے، کندھے اور بازو پر زخم آئے ہیں۔زخمی نوجوان کو جناح ہسپتال میں طبی امداد کے بعد مرہم پٹی کی گئی۔ ادھر پنجاب وائلڈ لائف کے ترجمان نے بتایا ڈی جی وائلڈ لائف نے بریڈنگ فارم کے مالک کے خلاف قانونی کارروائی اور بریڈنگ فارم کا لائسنس منسوخ کرنے ہدایت کی ہے۔واضح رہے کہ حال ہی میں پنجاب کابینہ نے شوقیہ شیر پالنے والوں سے متعلق نئے قوانین کی منظوری دی ہے جس کے تحت شہری آبادیوں کے اندر شیر سمیت اس انواع کے دیگر جانور رکھنے پر پابندی عائد ہوگی جبکہ ان جانوروں کے ساتھ ٹک ٹاک، ویڈیوز بنانے پر پابندی کی منظوری دی گئی ہے۔اس کے علاوہ پہلی بار بگ کیٹس کو وائلڈ لائف ایکٹ 1974ء کے شیڈول 2 میں شامل کیا گیا ہے اور شیر رکھنے کے لئے ایک شیر کی 50 ہزار روپے لائسنس فیس ادا کرنا ہوگی۔صوبائی کابینہ نئی ترامیم کی منظوری دے چکی ہے تاہم اس حوالے سے ابھی گزٹ نوٹیفکیشن جاری نہیں ہوا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 34

جاری رہے گی،شہریوں کے بنیادی حقوق کا تحفظ یقینی بنا رہے ہیں۔وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کا مزید کہنا تھا کہ اصولوں اور نظریات پر سمجھوتہ وہ کرتے ہیں جو خوف کے سائے تلے رہتے ہیں، بانی پی ٹی آئی عمران خان کے ہمراہ آخری سانس تک جدوجہد جاری رہے گی۔

بقیہ بقیہ جات 35

کی ایران کے لیے برآمدات نہ ہونے کے برابر رہ گئیں تو وہیں دوسری طرف ایران سے پاکستان کی درآمدات میں ہر گزرتے سال کے ساتھ مسلسل اضافہ ہورہا ہے۔حکومتی ذرائع نے امریکی پابندیوں کے باعث بینکنگ چینلز کا نہ ہونا ایران کے لیے پاکستانی برآمدات میں رکاوٹ کی بڑی وجہ قرار دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ 5 برسوں میں ایران کے لیے پاکستانی برآمدات مجموعی طور پر صرف ایک لاکھ 30 ہزار ڈالرز رہیں جبکہ گزشتہ مالی سال کے دوران ایران سے پاکستانی درآمدات بڑھ کر ایک ارب ڈالر سے زائد رہیں اور گزشتہ 5 برس میں پاکستان کی ایران سے درآمدات مجموعی طور پر 3 ارب 65 کروڑ ڈالرز رہیں۔ذرائع کا کہنا ہیکہ مالی سال 20-2019 میں ایران کے لیے پاکستانی برآمدات 10 ہزار ڈالرز تھیں جبکہ مالی سال 21-2020 اور 22-2021 میں ایران کے لیے پاکستانی برآمدات صفر تھیں، اسی طرح مالی سال 23-2022 میں ایران کے لیے پاکستانی برآمدات کا حجم ایک لاکھ ڈالرز تھا۔حکومتی ذرائع کے مطابق مالی سال 20-2019 میں ایران سے پاکستانی درآمدات کا حجم 44 کروڑ ڈالرز اور مالی سال 21-2020 میں پاکستان کی ایران سے درآمدات 51 کروڑ 86 لاکھ ڈالرز تھیں جبکہ مالی سال 23-2022 میں ایران سے درآمدات کا حجم 77 کروڑ 38 لاکھ اور مالی سال 23-2022 میں ایران سے پاکستان کی درآمدات 88 کروڑ ڈالرز تھیں۔

بقیہ بقیہ جات 36

تحت 35 ہزار سے زائد عازمین نے قربانی کی رقم جمع کرادی ہے۔ذرائع نے بتایا کہ عازمین نے قربانی کے لیے ایک ارب 94 کروڑ 25 لاکھ روپے جمع کرائے ہیں، پاکستان سے رواں برس 179210 عازمین سرکاری اور نجی اسکیم کے تحت حج ادا کریں گے، جبکہ 89605 عازمین سرکاری اسکیم اور اتنے ہی پرائیویٹ اسکیم کے تحت حجاز مقدس جائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 37

کرافٹ انجینئرز اور ٹیکنیشنز مستعفی ہوگئے، استعفیٰ دینے والوں میں 45 انجینئرز اور 65 ٹیکنیشنز شامل ہیں۔میڈیا رپورٹ کے مطابق پی آئی اے کو تکنیکی عملے کی کمی کا سامنا ہے، ایک سال کے دوران 110 ایئرکرافٹ انجینئرز اور ٹیکنیشن مستعفی ہوگئے، استعفیٰ دینے والوں میں 45 انجینئرز اور 65 ٹیکنیشنز شامل ہیں۔جبکہ مزید 40 ایئرکرافٹ انجینئرز اور ٹیکنیشنز کے استعفے زیر التوا ہیں طیاروں کی مرمت پر حاضر ایئرکرافٹ انجینئرز اور ٹیکنیشنز کا کام دگنا ہوگیا، پی آئی اے کے مطابق انجینئرز اور ٹیکنیشنز کی یہ تعداد گزشتہ دو سال کے دوران چھوڑ کرگئی ہے، جس کی وجہ بیرون ملک ہوابازی کی صنعت میں تجربہ کار افراد کی مانگ میں اضافہ ہے۔پی آئی اے کے مطابق مہنگائی کی مناسبت سے گزشتہ کئی سالوں سے تنخواہ میں اضافہ نا ہونے کا انتظامیہ کو ادراک ہے، تنخواہوں میں اضافے کے لیے انتظامیہ حکومت اور بورڈ سے منظوری کے لیے کوشاں ہے۔

بقیہ بقیہ جات 38

گئے۔عارف علوی کو تھانہ واہ کینٹ میں چوتھے مقدمے میں نامزد کیا گیا ہے۔واضح رہے کہ عارف علوی پہلے 3 مقدمات میں ضمانت حاصل کرچکے ہیں۔سندھ ہائی کورٹ نے سابق صدر مملکت عارف علوی کی 20 دن کے لیے حفاظتی ضمانت منظور کی تھی۔عدالت نے سابق صدر عارف علوی کو 50 ہزار روپے کے مچلکے جمع کرانے کا حکم بھی دیا تھا۔عدالت نے اپنے حکم میں کہا تھا کہ کیس کی مزید سماعت کے لیے معاملہ آئینی بینچ کو بھیجا جا رہا ہے، مقدمات کی تفصیلات سمیت دیگر معاملات آئینی بینچ دیکھے گا۔

بقیہ بقیہ جات 39

کے سہولت کاروں کو بھی سزا دی جائے،نوجوان بیرون ممالک جانے کیلئے قانونی راستہ اپنائیں۔ سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ مراکش کشتی حادثے میں پاکستانیوں کے جاں بحق ہونے پر افسوس کا اظہار کرتا ہوں، غریب لوگوں کو جھانسہ دینے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں، بار بار غیر قانونی طریقے سے بیرون ملک جانے اور کشتی حادثات میں ہلاکتوں سے ملک کا نام بھی بدنام ہوتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 40

دھاندلی کیخلاف کیس کی سماعت کی، درخواست گزار عمران خان کی جانب سے ایڈووکیٹ حامد خان عدالت پیش ہوئے۔ سماعت کا آغاز ہوا تو عمران خان کے وکیل ایڈووکیٹ حامد خان نے عدالت سے سوال کیا کہ آرٹیکل 184 (3) میں دائرہ اختیار دیا گیا ہے یا نہیں۔ جسٹس جمال مندوخیل نے ایڈووکیٹ حامد خان سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ اگر آپ سمجھتے ہیں الیکشن کمیشن جانبدار ہے تو متعلقہ فورم پر جانا چاہیے تھا، ہر امیدوار کے نوٹیفکیشن کے لیے آپ کو عدالت کو بتانا ہو گا، فارم 45 یا 47 دونوں میں اگر فرق ہے تو کوئی ایک تو صحیح ہوگا، فارم کو جانچنے کیلئے پوری انکوائری کرنا ہوگی۔ جسٹس علی مظہر نے ریمارکس میں کہا کہ حامد صاحب آپ آئندہ سماعت پر تیاری کے ساتھ آئیں جس پر حامد خان بولے کہ میں تو صرف اعتراضات دور کرنے آیا تھا آپ میرٹ پر بات کررہے ہیں۔ جسٹس جمال مندوخیل نے استفسار کیا کہ کیا خیبرپختونخوا سے بلوچستان تک سارا الیکشن ہی غلط تھا؟ ہر حلقہ کی علیحدہ انکوائری ہوگی؟ ہر امیدوار اپنے حلقہ کے الزامات کا بتائے گا؟ پہلے بھی انتخابات میں دھاندلی کا ایشو اٹھا تھا، انکوائری کیلئے آرڈیننس لانا پڑا تھا، کارروائی کا اختیار ہمارے پاس نہیں تھا اس لیے آرڈیننس بنانا پڑا، 184 کے تحت دائرہ اختیار عدالت کا نہیں ہے۔ایڈووکیٹ حامد خان بولے کہ یہ اس عدالت کی کمزوری ہے ابھی تک سوموٹو نہیں لے سکی۔جس پر جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیئے کہ حامد صاحب آپ سینئر وکیل ہیں الفاظ کا چناؤ دیکھ کر کریں۔ جسٹس امین الدین خان نے ریمارکس دیئے کہ اعتراضات آپکی پرائر کو دیکھ کر ہی ریمو کریں گے۔ جس پر ایڈووکیٹ حامد خان نے جواب دیا کہ جو 8 فروری کو ہوا تھا ہم آج تک بھگت رہے ہیں۔ ڈپٹی اٹارنی جنرل نے عدالت کو بتایا کہ اس معاملے پر ڈپٹی سپیکر نے بھی ایک کمیٹی بنائی ہے جس پر جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس میں کہا کہ ہمارا اس کمیٹی سے کوئی سروکار نہیں۔ بعدازاں عدالت نے ایڈووکیٹ حامد خان کو تیاری کیلئے مہلت دیتے ہوئے کیس کی مزید سماعت غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 41

کی انسانی صورتحال کی طرف توجہ مبذول کرانے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ مناسب ہوتا دنیا جنگ کے بعد افغان عوام کو تنہا نہ چھوڑا ہوتا۔ دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان نے 40 سال 40 لاکھ سے زائد افغان پناہ گزینوں کی میزبانی کی اور واپس بھیجے گئے افراد کے پاس رہائش کی قانونی دستاویزات نہیں تھیں۔دفتر خارجہ کے بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ مغربی ممالک میں آبادکاری کے وعدے پر ہزاروں افغانوں کے کیسز پر پیشرفت سست روی کا شکار ہے۔دفتر خارجہ کے مطابق افغانستان میں انسانی امداد کے لیے اقوام متحدہ کی فنڈنگ خطرناک حد تک کم رہی، پاکستان افغانستان میں دیرپا امن واستحکام کے لیے کوششوں کی حمایت کرتا رہے گا۔

بقیہ بقیہ جات 42

روز مثبت رجحان دیکھنے میں آیا اور شروع میں 783 پوائنٹس کا اضافہ ہوا ہے۔بازار حصص کا 100 انڈیکس 885 پوائنٹس کے اضافے سے 1 لاکھ 16 ہزار 157 پر آگیا۔آج اب تک کے کاروبار کے دوران انڈیکس 1 لاکھ 16 ہزار 208 پوائنٹس کی بلندی کو چھو گیا۔گزشتہ کاروباری ہفتے کے اختتام پر شیئر مارکیٹ انڈیکس 1 لاکھ 15 ہزار 272 پوائنٹس پر بند ہوا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 43

کرتے ہوئے انہوں نے پابندی پر عذر کو مسترد کر دیا۔غیر ملکی خبررساں ادارے کے مطابق وزارت خارجہ کے پولیٹیکل ڈپٹی شیر عباس ستانکزئی نے جنوب مشرقی صوبہ خوست میں ایک تقریر میں یہ تبصرہ کیا۔انہوں نے ایک دینی مدرسے کی تقریب میں حاضرین کو بتایا کہ خواتین اور لڑکیوں کی تعلیم سے انکار کا کوئی عذر نہیں تھا جیسا کہ ماضی میں اس کا کوئی جواز نہیں تھا اور ایسا بالکل بھی نہیں ہونا چاہیے۔حکومت نے خواتین کو چھٹی جماعت کے بعد تعلیم سے روک رکھا ہے۔گذشتہ ستمبر میں ایسی خبریں آئی تھیں کہ حکام نے خواتین کے لیے طبی تعلیم و تربیت اور کورسز بھی روک دیئے تھے۔افغانستان میں خواتین اور لڑکیوں کا علاج صرف خواتین ڈاکٹرز اور ماہرین صحت ہی کرسکتی ہیں۔حکام نے ابھی تک طبی تربیت پر پابندی کی تصدیق نہیں کی ہے۔ستانکزئی نے سوشل پلیٹ فارم ایکس پر اپنے آفیشل اکاؤنٹ سے پوسٹ کی گئی ایک ویڈیو میں کہا، ہم قیادت سے دوبارہ تعلیم کے دروازے کھولنے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ ہم 40 ملین کی آبادی میں سے 20 ملین لوگوں کو ان کے تمام حقوق سے محروم کرتے ہوئے ان سے ناانصافی کررہے ہیں۔یہ اسلامی قانون میں نہیں ہے بلکہ ہماری ذاتی پسند یا فطرت ہے۔ستانکزئی ایک زمانے میں ان مذاکرات میں طالبان ٹیم کے سربراہ تھے جو افغانستان سے غیرملکی افواج کے مکمل انخلا کا باعث بنے۔

بقیہ بقیہ جات 44

معافی پانے والوں میں ڈاکٹر عافیہ صدیقی کا نام شامل نہیں۔وائٹ ہاؤس کے مطابق امریکی صدر بائیڈن نے 2 سزا یافتہ افراد کی سزاؤں کی مدت میں تبدیلی بھی کی ہے۔معافی پانے والوں میں ڈیرل چیمبرز، مارکس موسیہ، روید اتھ راگبیر ، ڈان لیونارڈ اور کیمبا اسمتھ شامل ہیں۔صدر نے رابن پیپلز اور مشیل ویسٹ کی سزاؤں میں کمی کردی ہے۔یاد رہے کہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی نے امریکی صدر جوبائیڈن سے معافی کی درخواست کی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 45

منصور علی شاہ نے کہا کہ میں اس بارے میں معلوم کرلیتا ہوں، ایڈیشنل رجسٹرار سپریم کورٹ نذر عباس پیش ہوکر بتائیں، بتائیں آج کیس کیوں سماعت کیلئے مقرر نہیں ہوا۔مختصر وقفے کے بعد دوبارہ سماعت شروع ہوئی، ڈپٹی رجسٹرار سپریم کورٹ ذوالفقار علی عدالت میں پیش ہوئے، اور عدالت کو بتایا کہ ججز کمیٹی اجلاس ہوا، ججز کمیٹی اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کیس 27 جنوری کو آئینی بینچ کے سامنے سماعت کیلئے مقرر کیا جائے۔جسٹس منصور علی شاہ نے ریمارکس دیے کہ میں ججز کمیٹی کا ممبر ہوں، مجھے پتہ ہی نہیں چلا ججز کمیٹی اجلاس کا حالانکہ میں توججز کمیٹی کا ممبر ہوں۔ڈپٹی رجسٹرار نے کہا کہ ججز کمیٹی اجلاس کا فیصلہ فائل کیساتھ لگا ہوا ہے، جسٹس عائشہ ملک نے کہا کہ ہمارے سامنے مقدمات سماعت کیلئے مقرر تھے، پورے ہفتے کے ہمارے سامنے فکس مقدمات تبدیل ہو گئے، اس کی تفصیل بھی بتائیں۔جسٹس منصور علی شاہ نے ڈپٹی رجسٹرار سپریم کورٹ سے مکالمہ کہا کہ ہم ٹی روم میں بیٹھے ہوئے ہیں، ہمیں ججز کمیٹی اجلاس کے منٹس اور کیسز تبدیل کرنے کے بارے میں تفصیل بتائیں، ججز کمیٹی اجلاس کے میٹنگ منٹس بھی لیکر آئیں، ہمیں بتایئے گا ہم دوبارہ عدالت میں آجائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 46

کورٹس اسلام آباد کے ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج افضل مجوکا نے 26 نومبر احتجاج کے حوالے سے ضمانت کی درخواست پر محفوظ شدہ فیصلہ سنایا۔عدالت نے تھانہ رمنا کے مقدمے میں گرفتار 30 ملزمان کی ضمانت بعدازگرفتاری کی درخواست خارج کردی۔عدالت کی جانب سے وکلاء صفائی اور پراسیکیوشن کے دلائل مکمل ہونے پر ہفتے کوفیصلہ محفوظ کیا گیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 47

کی تعیناتی کی سمری وزیراعظم شہباز شریف کو بھیج دی۔سمری کے مطابق رحیم حیات قریشی کی برسلز میں پاکستانی سفیر اور سفیر برائے یورپی یونین تعیناتی کی تجویز دی گئی ہے۔سمری میں زاہد حفیظ چوہدری کی انڈونیشیا میں پاکستان کا نیا سفیر تعینات کرنے کی تجویز ہے۔سمری کے مطابق عبدالحمید بھٹہ جاپان، معظم شاہ جنوبی کوریا ، ملک فاروق جنوبی افریقا ، عادل گیلانی مراکش اور سید حیدر شاہ کو نیدرلینڈز میں پاکستان کا سفیر تعینات کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 48

آنی احتجاج کیس میں سابق وزیراعظم عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی 32 مقدمات میں عبوری ضمانت میں توسیع کردی۔راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی عدالت کے جج نے کیس کی سماعت کی۔عدالت نے 32 مقدمات میں بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانت میں یکم فروری تک توسیع کردی۔واضح رہے کہ سابق خاتون اول بشریٰ بی بی کے خلاف حسن ابدال، حضرو، اٹک، ٹیکسلا اور راولپنڈی میں مقدمات درج ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 49

کرلیا گیا، آلودگی کا باعث بننے والی سرکاری گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاؤن ہوگا۔ اس ضمن میں ڈی جی ماحولیات عمران حامد شیخ نے پنجاب کے تمام محکموں، کمشنرز، ڈی سیز کو مراسلہ لکھ دیا جس کے متن کے مطابق 30 جنوری کے بعد پنجاب کی سرکاری گاڑیوں کی پکڑ دھکڑ شروع ہوگی، محکمہ ماحولیات، ٹرانسپورٹ کی ٹیمیں ڈیڈلائن کے بعد سرکاری گاڑیوں کی انسپکشن شروع کریں گی۔ مراسلے میں سرکاری محکموں کو ہدایت کی گئی ہے کہ 30 جنوری سے قبل وہیکل انسپکشن سرٹیفکیٹ حاصل کیے جائیں، تمام محکموں کے افسران گاڑیوں کی انسپکشن کو یقینی بنائیں۔

بقیہ بقیہ جات 50

سماعت کی۔جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 6 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ آئینی عدالت نے اسٹوڈنٹس یونین بحالی کے معاملے پر وفاق ومتعلقہ فریقین کونوٹس جاری کردیا۔جسٹس مندوخیل نے کہا کہ قائداعظم یونیورسٹی میں اسٹوڈنٹس یونین کے انتخابات کا شیڈول جاری ہوا اور قائداعظم یونیورسٹی میں اسٹوڈنٹس یونین کے انتخابات کو پائلٹ پروجیکٹ کے طور پر دیکھا جائے۔جسٹس علی مظہر نے استفسار کیا کہ کیا سٹوڈنٹس یونین پر پابندی ہے؟ اور یہ پابندی کب لگائی گئی؟عدالت نے کہا کہ بار کے انتخابات میں سیاست آگئی ہے۔اور سیاسی پارٹیز نے تعلیمی اداروں میں اپنے سیاسی ونگز بنالیے ہیں۔کراچی یونیورسٹی میں سیاسی جماعتوں کے پولیٹیکل ونگز ہیں۔جسٹس حسن اظہر رضوی نے ریمارکس دیئے کہ کراچی یونیورسٹی میں اسٹوڈنٹس یونینز کی وجہ سے تشدد آیا۔اور تشدد کی وجہ سے کراچی یونیورسٹی میں 35 سال سے رینجرز تعینات ہیں۔عدالت نے کہا کہ سٹوڈنٹس یونین کو مطلب اسٹوڈنٹس کی فلاح بہبود ہے۔اور سٹوڈنٹس یونین کا مطلب سیاست نہیں۔وکیل عمر گیلانی نے مؤقف اختیار کیا کہ کراچی یونیورسٹی میں خاص حالات کی وجہ سے رینجرز تعینات کی گئی۔جسٹس حسن اظہر رضوی نے کہا کہ ایسے کیا خاص حالات تھے؟۔پنجاب یونیورسٹی میں سابق وزیراعظم کو اغواء کیا گیا۔اور سابق وزیراعظم کو بعدازاں اسٹوڈنٹس سے چھڑایا گیا۔عدالت نے ریمارکس دیئے کہ اسٹوڈنٹس یونین ایک نرسری ہے۔ اور انہی لوگوں نے بعد میں ملک کی بھاگ دوڑ سنبھالنا ہوتی ہے۔ اچھے سٹوڈنٹس کے ساتھ بیٹھ کر مسئلہ حل کریں۔ بھتہ خور کو مسئلے کے حل کے لیے ساتھ نہ بٹھائیں۔ جسٹس مسرت ہلالی نے کہا کہ بچوں کو پڑھنے دیں انہیں سیاست میں کیوں ڈال رہے ہیں۔ ہماری ملک میں سیاست جارحانہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 51

کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اگر میرے خلاف کوئی بات کرے گا تو جواب تو میں دوں گا۔ شیر افضل مروت کا کہنا ہے کہ مذاکرات کی طرف پوری قوم کی نظر ہے۔پی ٹی آئی کے رہنما نے کہا کہ ملک کو موجودہ صورتِ حال سے نکالنے کے لیے مذاکرات کے علاوہ کوئی راستہ نہیں۔ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ میاں صاحبان کے درمیان ملاقات سے حکومت کی سنجیدگی کا اشارہ ملتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 52

دعویٰ کیا ہے کہ صوبہ سندھ اور پنجاب میں تیل وگیس کے نئے ذخائر کی دریافت ہوئے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق آئل اینڈ گیس ڈیولپمنٹ کمپنی لمیٹڈ نے حاصل تیل وگیس ذخائر کی تفصیلات پاکستان اسٹاک ایکسچینج کو ارسال کردی ہیں۔ کمپنی کی جانب سے لکھے خط میں کہا گیا ہے کہ حیدر آباد میں پساکھی آئل فیلڈ میں پہلی بار ملٹی فزیوکیمیکل اسٹیمولیشن ٹیکنالوجی کا استعمال کیا گیا، پساکھی آئل فیلڈ میں جدید ٹیکنالوجی سے خام تیل کی پیداوار یومیہ 375 بیرل سے بڑھ کر 520 بیرل ہوگئی، خام تیل کی پیداوار میں 145 یومیہ بیرل اضافہ ہوا۔او جی ڈی سی ایل نے خط میں کہا کہ رحیم یار خان میں ماری ایسٹ فیلڈ سے پہلی بار گیس کے ذخائر دریافت ہوئے، 2 ایم ایم ایس سی ایف ڈی گیس 14.5 کلومیٹر پائپ لائن سے اینگرو فرٹیلائزر کو منتقل کی جارہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 53

کی استدعا مسترد کرتے ہوئے فریقین کو نوٹس جاری کردیئے ہیں۔پیر کو سندھ ہائیکورٹ میں 26 ویں آئینی ترمیم کیخلاف درخواستوں کی سماعت ہوئی۔ چیف جسٹس سندھ ہائیکورٹ محمد شفیع صدیقی نے ریمارکس دیئے کہ آپ قانون پڑھ نہیں آئے لیکن اپنا وزڈم سنا رہے ہیں۔ چیف جسٹس نے بیرسٹر علی طاہر سے مکالمے میں کہا کہ آپ اپنے وزڈم کے بجائے سپریم کورٹ کا وزڈم پڑھ لیتے تو بہتر تھا۔ عدالت سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی اور دیگر کی درخواستیں یکجا کرنے کی ہدایت کردی۔ عدالت نے ترمیم پر عبوری طور پر عملدرآمد روکنے کی استدعا مسترد کردی۔ عدالت نے فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے تمام درخواستوں کی سماعت 15 دن کیلئے ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 54

ایک بیان میں بیرسٹر سیف کا کہنا تھا کہ معاہدے کے مطابق یہ رقم سپریم کورٹ آف پاکستان میں جمع کرائی جانی تھی، واضح ہوگیا کہ القادر ٹرسٹ کیس کا فیصلہ ذاتی عناد اور بدنیتی پر مبنی ہے، دیگر جعلی مقدمات کی طرح یہ مقدمہ بھی ہائی کورٹ میں بے بنیاد ثابت ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ہائی کورٹ جانے کے بعد مریم نواز اور شریف خاندان کے تمام ارمان بہہ جائیں گے، حکومت کے تمام جھوٹے مقدمات کی حقیقت ایک ایک کرکے سامنے آرہی ہے ۔رہنما تحریک انصاف کا کہنا تھا کہ یہ مقدمہ بھی جلد ختم ہونے والا ہے، حکومت کوئی اور جھوٹا مقدمہ بنانے کی تیاری کرے، بانی پی ٹی آئی عمران خان تمام جھوٹے مقدمات کا ڈٹ کر مقابلہ کررہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 55

نہیں ہے ،100 میں سے صرف 7 ٹیسٹ مثبت کیسز سامنے آئے جن کو معمولی علامات تھی، خوامخواہ خوف پھیلانے کی ضرورت نہیں ہے، دنیا سے کوویڈ کی وبا ختم ہوچکی ہے۔صوبائی وزیرصحت نے کہا کہ کورونا میں مبتلا افراد کو ہلکی علامات کے سبب گھر بھیج دیا گیا تھا، دنیا بھر میں اب کورونا کو فلو کی طرح ہی ٹریٹ کیا جاتا ہے، کورونا اب موسمی فلو کی طرح ہے اس سے گھبرانے کی قطعاً ضرورت نہیں۔

بقیہ بقیہ جات 56

کرپشن کورٹ کے جج سردار اقبال ڈوگر نے وزیراعظم شہباز شریف اور حمزہ شہباز کیخلاف رمضان شوگر ملز ریفرنس پر سماعت کی، شہباز شریف کی جگہ ان کے پلیڈر انوار حسین حاضری کیلئے پیش ہوئے۔ دوران سماعت معاون وکیل کی جانب سے استدعا کی گئی کہ شہباز شریف کے سینئر وکیل امجد پرویز دلائل کے لئے دستیاب نہیں مہلت دی جائے، عدالت نے آئندہ سماعت پر شہباز شریف کے وکیل امجد پرویز سے بریت کی درخواست پر دلائل طلب کر لئے۔سابق وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز حاضری کیلئے عدالت پیش نہ ہوئے، حمزہ شہباز کے وکلا نے عدالت کو بتایا کہ حمزہ شہباز بیٹی کا چیک اپ کرانے ملک سے باہر گئے ہوئے ہیں، عدالت حمزہ شہباز کی ایک روزہ حاضری معافی کی درخواست منظور کرے۔

بقیہ بقیہ جات 57

بارے میں فیصلہ کیا جائے گا۔ گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد ایم پی سی کے اجلاس کے بعد اسی روز پریس کانفرنس میں مانیٹری پالیسی کے فیصلے کا اعلان کریں گے۔گزشتہ پانچ اجلاسوں میں مرکزی بینک نے پالیسی ریٹ میں 900 بیسس پوائنٹس کی کمی کی ہے اور آئندہ اجلاس میں بھی مزید کمی کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 58

مستقبل مضبوط ہاتھوں میں ہے، پاکستان کے مستقبل کی بات کرنی ہے۔ کامران ٹیسوری نے کہا کہ سیاست تو زندگی بھر چلتی رہے گی، ایسا کام نہ ہی کریں جس پر معافی مانگنی پڑے۔

بقیہ بقیہ جات 59

ٹیلیفونک گفتگو کرانے کی درخواست پر جیل انتظامیہ کو نوٹس جاری کردیا۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی کو جیل میں اخبار، ٹی وی کی سہولت، ذاتی معالج سے چیک اپ، بیٹوں سے ٹیلی فونک گفتگو کرانے کی درخواست پر سماعت کی۔ عدالت نے بانی پی ٹی آئی کی درخواست پر نوٹس جاری کرتے ہوئے کہا کہ اڈیالہ جیل کا نمائندہ آئندہ سماعت پر پیش ہو، بعد ازاں عدالت نے سماعت 23 جنوری تک ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 60

کی ہدایت پر پی ڈی ایم اے نے کرم متاثرین کے لیے سامان مہیا کردیا ہے، ٹی ڈی پیز کے لیے 22 ٹرکوں پر مشتمل میٹریل ہنگو پہنچ گیا، 500 ٹینٹس، 1000 کمبل، کچن کا سامان اور دیگر اشیا امدادی سامان میں شامل ہیں۔ہنگو میں متاثرین کے لیے کیمپ لگانے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے۔دوسری جانب پولیس کے مطابق لوئر کرم بگن میں دہشتگردوں کے خلاف آپریشن جاری ہے، بگن میں کرفیو نافذ ہے۔سرکاری ذرائع کے مطابق ملحقہ مورچوں پر سیکیورٹی فورسز نے کمانڈ سنبھال لی ہے، بنکرز مسماری کا عمل بھی موخر کردیا گیا ہے۔گرینڈ جرگہ ممبران کا کہنا ہے کہ فریقین کے اب تک آٹھ بنکرز مسمار ہوچکے ہیں، آپریشن کی وجہ سے مسماری کے عمل میں تاخیر ہورہی ہے۔ سول سوئٹی کے نمائندوں کے مطابق ادویات کی عدم دستیابی اور ایندھن نہ ہونے کے باعث 157 بچوں سمیت 290 افراد جاں بحق ہوچکے ہیں۔تاجر برادری کا کہنا ہے کہ پاراچنار سمیت 100 سے زائد دیہات کو سپلائی معطل ہونے کے باعث بے روزگاری میں اضافہ ہوگیا ہے، کاروباری مراکز، پٹرول پمپس، بیکریز، ہوٹل، ریسٹورنٹس، موبائل نیٹ ورک بھی بند ہیں۔کرم میں مواصلاتی نظام درہم برہم ہے اور روابط میں لوگوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 61

اسے منسلک گاؤں گوگر کے رہائشیوں کی ایک بڑی تعداد نے غزہ کی پٹی میں جنگ بندی کا جشن منانے کا فیصلہ کیا اور مصری ریاستی حکام کی مدد سے امداد بھیجنے کی تیاری کی شروع کی۔ عرب ٹی وی کے مطابق گاؤں والوں نے بڑی تعداد میں عطیات جمع کیئے جن میں پھلیاں، دال، چاول، آٹا، کمبل، گدے، نمک، چینی، پاستا اور بڑی تعداد میں دوائیں 8 بڑے ٹرکوں پر لاد کر رفح کراسنگ کی طرف روانہ کی گئیں۔ دیہاتیوں میں سے ایک اور قافلے کے معاونین میں سے ایک مسٹر محمد نے بتایا کہ یہ پہلا موقع نہیں تھا کہ جوجر گاؤں نے غزہ کی پٹی میں امداد بھیجی ہو، لیکن اس بار ہم 8 ٹرک جمع کرنے میں کامیاب ہوگئے تھے۔ انہوں نے گاؤں سے تیار کردہ تمام ٹرک دیگر ٹرکوں کے ساتھ روانہ کیے۔انہوں نے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ گاں نے پہلے 6 ٹرک جمع کیے تھے۔ پچھلے سال کے دوران کل 50 ٹرکوں کے قافلے روانہ کیے گئے۔

بقیہ بقیہ جات 62

پورٹ پر لینڈ کیا۔ کراچی سے اس پرواز کی روانگی میں 45 منٹ تاخیر ہوئی تھی اور پرواز پی کے 503 صبح 9 بج کر 15 منٹ کے بجائے 10 بجے روانہ ہوئی تھی جس نے 11 بج کر 11 منٹ پر لینڈ کیا۔ کراچی سے گئی پہلی پرواز کو نیو گوادر ایئرپورٹ پر اترتے پر واٹر سیلوٹ دیا گیا۔ اس موقع پر ایک رنگارنگ تقریب بھی منعقد ہوئی۔ فلائٹ ریڈار پر نیو گوادر ایئرپورٹ کے مقام کو ٹیگ کیا گیا، اس کے ساتھ ہی فلائٹ ریڈار پر پرانے گوادر ایئرپورٹ کے مقام سے ایئرپورٹ ٹیگ ہٹا دیا گیا ہے۔ گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا ایئرپورٹ ہے جو 430 ایکڑ پر گوادر شہر سے 26 کلومیٹر دور گورنڈانی کے مقام پر قائم کیا گیا ہے۔ نیو گوادر ایئرپورٹ کا ایک ہی رن وے 3658 میٹر طویل اور 75 میٹر چوڑا ہے جس میں بڑے ہوائی جہاز کو ایڈجسٹ کرنے کی گنجائش ہے۔ لگ بھگ 50 ارب روپے مالیت سے تعمیر کردہ گوادر ایئرپورٹ پر ایئربس اے 380 اور بوئنگ 747 جیسے بڑے طیارے بھی لینڈ کرسکیں گے۔ نیو گوادر ایئرپورٹ کا علامتی افتتاح 14 اکتوبر 2024ء کو وزیراعظم شہباز شریف نے کیا تھا تاہم ایئرپورٹ پر پروازوں کی باقاعدہ لینڈنگ آج سے شروع ہورہی ہے۔ نیو گوادر ایئرپورٹ پر ایئربس اور بوئنگ طیارے لینڈ کرسکیں گے، 430 ایکڑ پر مشتمل گوادر ایئرپورٹ رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا ایئرپورٹ ہے۔ نیو گوادر ایئرپورٹ سی پیک کا فلیگ شپ منصوبہ ہے، ایئرپورٹ پر جدید سکیورٹی اور مسافروں کو سہولتیں دستیاب ہوں گی۔

بقیہ بقیہ جات 63

گامزن ہے۔انہوں نے کہا کہ معیشت کے حوالے سے اچھی خبریں آرہی ہیں، سیاست میں رواداری ہونی چاہیے، سیاست ہو یا کھیل کا میدان ہر جگہ تلخیاں کم ہونی چاہئیں، اور سپورٹس مین سپرٹ کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔وزیر اطلاعات کا کہنا تھا کہ 8 فروری کو ملک میں تعمیر وترقی کا آغاز ہوا تھا، اس لیے اس دن کو یوم تعمیر وترقی کے طور پر منائیں گے۔علاوہ ازیں عطا تارڑ نے کہا کہ چیمپیئنز ٹرافی کا پاکستان میں ہونا خوش آئند ہے، ہمارے میدانوں کی رونقیں بحال ہورہی ہیں، ویسٹ انڈیز کے خلاف قومی کرکٹ ٹیم کی کارکردگی شاندار رہی، پاکستان کرکٹ بورڈ نے یونٹ سے متعلق کوشش کی ہے۔ان کا مزید کہنا تھا وفاقی دارالحکومت میں میڈیا کرکٹ لیگ کا انعقاد خوش آئند ہے، آج بڑا اچھا فائنل میچ ہوا، جیتنے والی ٹیم کو مبارکباد دیتا ہوں، جیتنے والی ٹیم کو مبارکباد دیتا ہوں۔

بقیہ بقیہ جات 64

گزار رہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملکی سرحدوں کی حفاظت کیلئے بھی اقلیتوں نے ہمیشہ کردار ادا کیا ہے، ملکی ترقی میں مسیحی برادری کا بھی اہم کردار ہے۔وفاقی وزیر منصوبہ بندی کا کہنا تھا کہ معاشرے کی ترقی کیلئے نفرت اور تعصب پر مبنی رویوں کی حوصلہ شکنی ضروری ہے، نفرت اور تعصب کے خاتمے کے لیے سب کو کردار ادا کرنا ہوگا۔احسن اقبال نے مزید کہا کہ اڑان پاکستان ملک کی ترقی کا منصوبہ ہے، ملکی ترقی کے لیے تمام شعبوں پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، نوجوانوں کو ہنرمند بنانے کے لیے حکومت اقدامات کررہی ہے، تعلیم اور ٹیکنالوجی کے بغیر ترقی کی منزل حاصل نہیں کی جاسکتی۔

بقیہ بقیہ جات 65

جائیں۔انہوں نے کہا کہ جہاں بھی گئی بچوں نے مجھے بہت پیار دیا، مخالفین کو سمجھ ہی نہیں آرہی کہ یہ کیا ہوگیا ہے، مخالفین کچھ کہنے کی وجہ تلاش کررہے ہیں، مخالفین ٹی وی پر کہہ رہے تھے چند بچوں کو اکٹھا کرکے سکھایا ہوتا ہے، ان کا قصور نہیں انہوں نے جھوٹ میں آنکھ کھولی، مخالفین جھوٹ میں ہی پلے بڑھے، مخالفین کو نہیں پتا بچوں اور میرے درمیان محبت کا کیسا رشتہ ہے۔مریم نواز کا کہنا تھا کہ میرے کندھوں پر آپ کے مستقبل کا بوجھ ہے، آپ کے مستقبل کو بہتر بنانے کیلئے میرے پاس دن رات محنت کرنے کے سوا کوئی راستہ نہیں، ایک بھی سکالرشپ میرٹ کے خلاف نہیں دیا گیا، کوئی نہیں کہہ سکتا کہ کسی کو سکالرشپ ایم این اے یا ایم پی اے کی سفارش پر ملا ہے، اگر سفارش پر سکالرشپ دیا ہوا تو استعفیٰ دیکر گھر چلی جاؤں گی۔وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا محدود وسائل میں رہ کر پڑھنا کوئی آسان کام نہیں ہے، آپ تمام بچے صرف میرے ہیروز نہیں سپر ہیروز ہو، آپ نے شکریہ نہیں بولنا، سر اٹھا کر سکالرشپ لینا ہے، چاہتی ہوں ہر بچہ سر اٹھا کر فخر سے چلے کہ سکالرشپ ملا ہے، پاکستان کی 65 فیصد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے، اللہ نے پاکستان کو وسائل کی دولت سے مالا مال کیا ہوا ہے۔مریم نواز کا کہنا تھا کہ اگلے چند سالوں میں نوجوان ہی پاکستان کا جھنڈا تھام کر فیصلے کریں گے، آپ میں سے ہر بیٹا اور بیٹی پاکستان ہے، آپ میں سے ہر بچہ پاکستان کی اڑان میں حصہ ڈالے گا، آپ کے پاس ایک ایسی وزیراعلیٰ ہے جو وزیراعلیٰ سے بڑھ کر آپکی ماں ہے، تمام بچوں کو لیپ ٹاپس، مفت ای بائیکس بھی ملیں گی۔انہوں نے کہا کہ جن کے پاس وسائل ہیں وہ بچے کہیں بھی داخلہ لے سکتے ہیں، اہل اور میرٹ پر ہونے والا کم وسائل والا بچہ اب اعلیٰ تعلیم سے محروم نہیں رہے گا، اس سال 30 ہزار سکالرشپس دے رہی ہوں، اگلے سال سکالرشپس کو 30 ہزار سے بڑھا کر 50 ہزار کررہی ہوں، سیکنڈ اور تھرڈ ایئر کے بچوں کیلئے بھی سکالرشپس لا رہی ہوں۔ان کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا کے بچوں کی درخواستیں آرہی ہیں ہمارا بھی کچھ سوچیں، میرا دل ہے بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے بچوں کیلئے بھی سکالرشپس لیکر جاؤں، پاکستان میں جھوٹ کا ایک سیلاب بھی آیا ہے، سوشل اور ڈیجیٹل میڈیا نے چیزوں کو آسان کردیا ہے۔مریم نواز نے تحریک انصاف پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ جب 4 سال کوئی کام نہ کیا ہوتو آخر میں آپ کہتے ہیں وہ چور ہے، آگ لگادو، گھسیٹو، سوشل میڈیا پر جھوٹ کا بازار گرم ہے، سچ تسمے باندھ رہا ہوتا ہے جھوٹ پوری دنیا کا چکر لگا کر آ گیا ہوتا ہے، پراپیگنڈا وہ کررہے ہیں جنہوں نے بچوں کے ہاتھوں میں لیپ ٹاپس نہیں دیئے، پراپیگنڈا وہ کررہے ہیں جو پولیس اور رینجرز کے سر پھاڑنے کے عادی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 66

چوہدری کے پروڈکشن آرڈر جاری کیے تھے، انکے پروڈکشن آرڈر کل دوبارہ جاری کیے ہیں، پروڈکشن آرڈر سے متعلق آئی جی کو بھی ہدایت کی ہیں۔چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ میڈیا، پارلیمنٹ اور حکومت مل کر مثبت امیج کو بہتر بنا سکتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 67

خان چیمہ، چودھری سالک حسین اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔اجلاس میں وزیراعظم کو حج 2025 کی تیاریوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی، اجلاس کے شرکاء کو حج فنڈ پر پیشرفت سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا گیا کہ اس پر کام حتمی مراحل میں ہے۔بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ گزشتہ برس کی طرح اس سال بھی حجاج کرام کو سمز کی فراہمی پاکستان سے کی جائے گی اور حجاج کی معاونت کیلئے حج موبائل ایپلی کیشن بھی فعال ہے۔وزیراعظم نے حج 2025 میں معاونین حج کے انتخاب کے طریقہ کار، ان کی ذمہ داریاں اور دیگر انتظامات پر تفصیلات طلب کرلیں اور حج ڈیوٹی پر اچھی شہرت کے قابل افسران تعینات کرنے کی ہدایت کی۔اجلاس کے دوران گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ حج 2025 کی تیاری میں کسی قسم کی لاپرواہی قبول نہیں، حجاج کرام کو ہر قسم کی معاونت وسہولت کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ بقیہ جات 68

انصاری نے فیڈریشن کے کردار کو نہایت مثبت قرار دیا اور کہا کہ صحت اور نرسنگ کے شعبے میں فیڈریشن کی خدمات قابل ستائش ہیں۔ انہوں نے مستقبل میں فیڈریشن کے ساتھ مکمل تعاون جاری رکھنے کا عزم ظاہر کیا۔اس موقع پر محمود صادق دوہتر اور عدنان پاول نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا اور کہا کہ تعلیم اور صحت کے شعبے میں فیڈریشن کی کاوشیں پاکستان کے مستقبل کو روشن بنانے میں اہم کردار ادا کررہی ہیں۔یہ تقریب باہمی احترام اور ہم آہنگی کی ایک مثال تھی جو نہ صرف صحت اور نرسنگ کے میدان میں ترقی کے لیے سنگ میل ثابت ہوگی بلکہ دیگر شعبہ جات کے لیے بھی ایک مثالی تعاون کا مظاہرہ کرے گی۔فیڈریشن اور لاہور پریس کلب کی جانب سے اعلیٰ کارکردگی پے شیلڈز دی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 69

کے خلاف آپریشن سے ٹریفک کے بہاؤ کو بہتر بنایا جارہا ہے۔سی سی پی او لاہور نے کہا کہ ناجائز تجاوزات کے مرتکب افراد کے خلاف بلاتفریق قانونی کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے۔ بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ تجاوزات کے خاتمے سے ٹریفک کی روانی میں بھی مدد ملے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیتے ہوئے تجاوزات سے گریز کریں۔

بقیہ بقیہ جات 70

یہ واقعہ لاہور کے علاقہ سبزہ زار میں واقع میاں عمر ڈولہ کے بریڈنگ فارم پر پیش آیا جہاں عظیم نامی نوجوان نے پنجرے میں بند پالتو شیر کے قریب جاکر ویڈیو بنانے کی کوشش کی تاہم شیر نے اچانک اس پر حملہ کردیا جس سے نوجوان کے چہرے، کندھے اور بازو پر زخم آئے ہیں۔زخمی نوجوان کو جناح ہسپتال میں طبی امداد کے بعد مرہم پٹی کی گئی۔ ادھر پنجاب وائلڈ لائف کے ترجمان نے بتایا ڈی جی وائلڈ لائف نے بریڈنگ فارم کے مالک کے خلاف قانونی کارروائی اور بریڈنگ فارم کا لائسنس منسوخ کرنے ہدایت کی ہے۔واضح رہے کہ حال ہی میں پنجاب کابینہ نے شوقیہ شیر پالنے والوں سے متعلق نئے قوانین کی منظوری دی ہے جس کے تحت شہری آبادیوں کے اندر شیر سمیت اس انواع کے دیگر جانور رکھنے پر پابندی عائد ہوگی جبکہ ان جانوروں کے ساتھ ٹک ٹاک، ویڈیوز بنانے پر پابندی کی منظوری دی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 71

نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے ہیلی کاپٹر سے نصرت بھٹو کے پوسٹرز گرائے، بینظیر بھٹو کی کردار کشی کی لیکن اب تو وہ ہر اخلاقی حد سے تجاوز کر چکے ہیں۔ ہمارا خیال تھا کہ محترمہ بینظیر بھٹو کی حیا رکھتے ہوئے پیپلز پارٹی تو کم از کم خود کو اس گند سے الگ کرلے گی لیکن اقتدار کی لالچ انہیں اندھا کرچکی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی ساری فیملی کو اس وقت سیاسی انتقامی کا نشانہ بنایا جارہا ہے لیکن اس کے باوجود سب ڈٹ کر کھڑے ہیں اور یہی کارکنوں کے لئے حوصلے کا باعث ہے۔

بقیہ بقیہ جات 72

میڈیکل ٹریننگ عدم موجود پائے گئے۔ پراسیسنگ ایریا میں کھلی نالیاں، ٹوٹا فرش، اورحشرات کی بھرمار پائی گئی۔ملازمین کی ذاتی صفائی صفر، گندے زنگ آلود بورڈ پر کٹائی کی جارہی تھی۔ عاصم جاوید نے کہا کہ خوراک میں ملاوٹ کے مرتکب عناصر کیخلاف مسلسل کارروائیاں جاری ہیں، پنجاب میں ملاوٹ مافیا کی کوئی جگہ نہیں، شہری شکایات کی صورت میں 1223 پر اطلاع دیں۔

بقیہ بقیہ جات 73

زخمیوں میں سے ایک کی حالت تشویشناک ہے۔زخمی شفیع اللہ کے بیان کے مطابق، چار سے پانچ مسلح افراد گھر میں گھس آئے اور ان کے بھائیوں پر فائرنگ کی۔شفیع اللہ نے مزید کہا کہ ملزمان نے گھر سے کوئی چیز نہیں لوٹی۔ شفیع اللہ نے بتایا کہ ان کا آبائی تعلق گمبٹ سے ہے اور ان کی کسی سے کوئی دشمنی نہیں تھی، ہم پانچوں بھائی سرکاری ملازم ہیں۔تاہم، پولیس کا کہنا ہے کہ زخمیوں کے بیانات میں تضاد پایا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 74

7 گھنٹے تاخیر کا شکار رہی۔لاہور سے دبئی، جدہ، شارجہ، ریاض، استنبول کی پروازوں میں 1 سے ساڑھے 5 گھنٹے تاخیر کا شکار ہوئی ہے۔اسلام آباد ایئرپورٹ سے پروازوں کی روانگی میں 1 سے ڈھائی گھنٹے تاخیر کا شکار ہوئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 75

رابطہ کروایا، پولیس نے خاتون کو مکمل تحفظ فراہم کرنے کی یقین دہانی کروائی۔ ترجمان نے کہا کہ ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن ہنگامی صورت حال میں مدد کی فراہمی اور کیس کی مکمل پیروی بھی یقینی بناتا ہے۔خواتین غیر محفوظ محسوس کریں تو فوری طور پر 15 پر کال کرکے 2 دبائیں، خواتین ویمن سیفٹی ایپ کے ذریعے ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن سے رابطہ کریں۔

بقیہ بقیہ جات 76

کی۔ترجمان کا کہنا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر میٹرک کیلئے مختلف مضامین کورسز کا آغاز کیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 77

شدید زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے پندرہ سالہ علی نعمان نامی نوجوان جاں بحق ہوگیا جبکہ پانچ افراد زخمی ہو گئے ،ریسکیو ٹیموں نے لاشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا ہے جبکہ پولیس نے بھی قانونی کاروائی شروع کردی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 78

لڑکی کو زیادتی کا نشانہ بنایا،وقوعہ کی اطلاع ملتے ہی ڈی پی او محمد راشد ہدایت کے حکم پر اے ایس پی رینالہ سید دانیال حسن موقع پر پہنچے اور جائے وقوعہ کا جائزہ لیکر فوری کارروائی کرتے ہوئے وقوعہ کے ایک مرکزی ملزم عرفان کو گرفتار کروادیا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب

دیپالپور/ADLR صاحب دیپالپور

عنوان: انتقال وراثت غلام مرتضیٰ (متوفی) ولد مختار احمد ساکن محلہ گوردیال دیپالپور تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ ہرگاہ عنوان بالا میں انتقال وراثت اراضی واقع موضع دیپالپور تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ دفتر ہذا میں درج کیا گیا ہے۔غلام مرتضیٰ (متوفی) بقضائے الٰہی سے وفات پاچکا ہے۔ جس کے دیگر وارثان بازگشت یہ بیانی ہوئے ہیں۔

ثمینہ بی بی (بیوہ)، محمد ذیشان مرتضیٰ، کامران احمد حسن، بریرہ مرتضیٰ پسران و دختر متوفی غلام مرتضیٰ ساکنان محلہ گوردیال دیپالپور ضلع اوکاڑہ شجرہ نسب میں درج شدہ ہیں۔ لہٰذا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا انتقال وراثت غلام مرتضیٰ (متوفی) کے بابت کسی شخص یا ادارے کو کوئی اعتراض ہو تو وہ زیر دستخطی کے اندر 7 یوم بمعہ ثبوت دفتر ہذا رابطہ کرے ورنہ حسب ضابطہ منظور وتصدیق کر دیا جائے گا اور بعدازاں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب

دیپالپور/ADLR صاحب دیپالپور

عنوان: انتقال وراثت محمد بشیر (متوفی) ولد چراغ دین ساکن ضیاء الدین کالونی دیپالپور تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ ہرگاہ عنوان بالا میں انتقال وراثت اراضی واقع موضع مرزا پور تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ دفتر ہذا میں درج کیا گیا ہے۔محمد بشیر (متوفی) بقضائے الٰہی سے وفات پاچکا ہے۔ جس کے دیگر وارثان بازگشت یہ بیانی ہوئے ہیں۔

نور بھری (بیوہ)، محمد تقی طاہر الحق، محمد سعید الحق، سبحان محمود، محمد ظفر الحق، سلطان محمود، بسم اللہ، گل نسرین، حسنہ بشیر، بلقیس بیگم پسران و دختران محمد بشیر متوفی ساکنان ضیاء الدین کالونی دیپالپور ضلع اوکاڑہ شجرہ نسب میں درج شدہ ہیں۔ لہٰذا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا انتقال وراثت محمد بشیر (متوفی) کے بابت کسی شخص یا ادارے کو کوئی اعتراض ہو تو وہ زیر دستخطی کے اندر 7 یوم بمعہ ثبوت دفتر ہذا رابطہ کرے ورنہ حسب ضابطہ منظور وتصدیق کر دیا جائے گا اور بعدازاں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

ذہنی معذور لڑکی سے 2 بھائیوں کی اجتماعی زیادتی

ڈی پی او کا نوٹس، ملزم گرفتار، لڑکی ہسپتال منتقل، ڈی این اے کروایا جائے گا

راجووال (این این آئی) ذہنی معذور لڑکی کو 2 بھائیوں نے مبینہ اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنا ڈالا، ایک ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق قصبہ 16ون اے ایل کے رہائشی محنت کش نوید کی 22 سالہ ذہنی معذور بہن (ش) بی بی گھر سے نکلی جسے 2 سگے بھائیوں رضوان اور عرفان نے گھیر لیا اور بہلا پھسلا کر سرسوں کی فصل میں لے گئے جہاں ملزمان نے مبینہ طور پر باری باری ذہنی معذور (بقیہ نمبر 1 1)

ڈاکٹر عثمان انور کی پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ سے ملاقات

آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین کے مسائل سنے، فوری ریلیف کیلئے احکامات جاری

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے سنٹرل پولیس آفس میں پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ نے ملاقات کی۔ آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین کی درخواستیں (بقیہ نمبر 3)

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ سے ملاقات میں درخواستوں پر ریلیف کے احکامات جاری کررہے ہیں

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کا پی ایم اے ہاؤس کا خیر سگالی دورہ

رجسٹرڈ ڈاکٹروں کو انڈیکیٹرز اور انسپکشن کے نام پر ہراساں کرنے پر سوالات اٹھائے گئے

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت جناب خواجہ سلمان رفیق نے پی ایم اے ہاؤس کا خیر سگالی دورہ کیا۔ پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کے عہدیداران نے صوبائی وزیر کا استقبال کیا۔ (بقیہ نمبر 4)

کیپشن فوٹو: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کے پی ایم اے ہاؤس کے خیر سگالی دورہ کے موقع پر پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کے صدر پروفیسر اشرف نظامی اور دیگر عہدیدار صوبائی وزیر کا استقبال کر رہے ہیں

ٹریفک حادثات موت بن گئے، دو افراد جان سے گئے، پانچ زخمی

ایک شخص رکشوں میں تصادم سے جاں بحق جبکہ راہگیر کو گاڑی نے کچل دیا

راجووال (این این آئی) ٹریفک حادثات میں دو افراد جان کی بازی ہار گئے۔ تفصیلات کے مطابق اڈا کسان کے قریب پیدل سڑک کراس کرنے والے راہگیر کو تیز رفتار گاڑی نے ٹکر ماردی جسکے نتیجے میں وہ موقع پر ہی دم توڑ گیا جسکی شناخت نہ ہو سکی ہے جبکہ دوسرے حادثے میں این این آئی کے مطابق پٹواریاں والا کھوہ کے قریب دو تیز رفتار لوڈر رکشوں کا آپس میں تصادم ہو گیا جسکے نتیجے میں (بقیہ نمبر 1 0)

دکھی انسانیت کی خدمت کرنا عین عبادت ہے: ضیاالدین انصاری

الخدمت فاؤنڈیشن محدود وسائل میں حکومت کے کرنے کے کام کررہی ہے، ٹاؤن شپ فری میڈیکل میں 400 سو سفید پوش افراد تک صحت کی سہولتیں فراہم کی گئی

الخدمت فاؤنڈیشن ملک بھر میں انسانیت کی بلا امتیاز رنگ ونسل اور مذہب کے خدمت کررہی ہے، سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن وامیر جماعت اسلامی لاہور کی گفتگو

لاہور (خبر نگار) سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن وامیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ دکھی انسانیت کی خدمت کرنا عین عبادت ہے۔ موجودہ اور سابقہ حکمرانوں کی نااہلی اور ناکام پالیسیوں سے غریب اور سفید پوش افراد کیلئے مفت علاج معالجہ کی سہولیات محض خواب بن کر رہ گئی ہے۔ الخدمت فاؤنڈیشن محدود وسائل میں حکومت کے کرنے کے کام (بقیہ نمبر 1)

لاہور: سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ کی ٹاؤن شپ میں فری میڈیکل دورہ کررہے ہیں

آپریشنل وجوہات، 10 ملکی وغیر ملکی پروازیں تاخیر کا شکار

کراچی (این این آئی) موسم کی خرابی اور آپریشنل وجوہات کے باعث مختلف ایئرپورٹس پر 10 ملکی وغیر ملکی پروازیں تاخیر کا شکار ہوگئیں۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق کراچی سے اسلام آباد کی پروازیں پی کے 300 اور 301 کی روانگی (بقیہ نمبر 7)

چیف ایڈیٹر: میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر: صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر: ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر: امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر: چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر: وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 ایاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ کی برطانوی ہائی کمشنر مسٹر بین سے ملاقات

پنجاب میں مذہبی اقلیتوں کی فلاح و بہبود کے لئے حکومت کے اقدامات پر گفتگو

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ سے برطانوی ہائی کمشنر مسٹر بین سے ایک اہم ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں صوبائی وزیر نے وزیرِ اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی زیرِ قیادت مذہبی اقلیتوں کے لیے کئے گئے اقدامات بارے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں مذہبی اقلیتیں ہمیشہ سے ہمارے سماجی ڈھانچے کا اہم حصہ رہی ہیں اور حکومت کا عزم ہے کہ ان کو عزت، احترام اور (بقیہ نمبر 2)

لاہور: صوبائی وزیر اقلیتی امور، رمیش سنگھ اروڑہ سے برطانوی ہائی کمشنر ملاقات کررہے ہیں

فوڈ اتھارٹی کی کارروائی، واٹر پلانٹ، معروف ریسٹورنٹ کی پروڈکشن اور فروخت بند

لاہور (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے خوراک میں ملاوٹ کرنے والوں کے خلاف میراتھن کارروائیاں جاری ہیں، ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر فوڈ سیفٹی ٹیموں نے علامہ اقبال ٹاؤن اور جوہر ٹاؤن میں چھاپے مار کر واٹر پلانٹ اور معروف ریسٹورنٹ کی پروڈکشن اور فروخت بند کردی۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے کہا کہ جوہر ٹاؤن میں پانی کا سیمپل فیل ہونے پر واٹر پلانٹ کی پروڈکشن بند کی گئی، پانی میں کولیفارم نامی جراثیم کی موجودگی پائی گئی۔ جوہر ٹاؤن میں سابقہ دی گئی ہدایات پر عمل نہ کرنے پر معروف ریسٹورنٹ بند کیا گیا۔ ریسٹورنٹ میں قوانین کی خلاف ورزیاں، ملازمین کے (بقیہ نمبر 5)

کراچی، سائٹ ایریا کے گھر میں فائرنگ سے 2 بھائی جاں بحق

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے سائٹ ایریا ہارون آباد میں افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے، جہاں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے دو بھائی جاں بحق اور تین بھائی زخمی ہوگئے۔ پولیس کی ابتدائی رپورٹ کے مطابق مطابق جاں بحق ہونے والوں کی شناخت سمیع اللہ اور اسد اللہ کے نام سے ہوئی ہے، جبکہ زخمیوں میں اکرام اللہ، شفیع اللہ اور امیر عبداللہ شامل ہیں۔ اسپتال انتظامیہ نے بتایا کہ (بقیہ نمبر 6)

UIC THE UNITED INSURANCE
NEW YEAR DISCOUNT MOTOR INSURANCE
5% OFF
ONLINE.THEUNITEDINSURANCE.COM
+92-311-1000014

TRAVEL INSURANCE
new year offer
FOR LIMTED TIME OFFER
10% DISCOUNT
ONLINE.THEUNITEDINSURANCE.COM
+92-311-1000014

10% off new year offer
HEALTH INSURANCE
ONLINE.THEUNITEDINSURANCE.COM
+92-311-1000014

Protect What You Love with UIC Motor Insurance
online.theunitedinsurance.com
0311-1000014

UIG House, 01, Upper Mall, Lahore, Pakistan.
Toll Free: 0800-84275 U.A.N.: (042) 111-000-014
Telephone: (+92-42) 35776475 to 83
Fax: (+92-42) 35776486
E-mail: uicp@theunitedinsurance.com

مُبارکباد مُبارکباد

(ایم ایس)
ڈاکٹر آصف شہزاد چنگیزی

(اے ایم ایس)
ڈاکٹر عامر نوید

ہم گورنمنٹ ٹیچنگ ہسپتال غلام محمد آباد کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ جناب ڈاکٹر آصف شہزاد چنگیزی کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں

دعا ہے کہ اللہ پاک آپ کے اس مقدس سفر کو قبول فرمائے اور دین و دنیا کی برکتیں عطاء فرمائے (آمین)

منجانب
ملک بشیر احمد
سٹی ڈپٹی بیورو چیف فیصل آباد روزنامہ قوت لاہور
مینجنگ ایڈیٹر سینٹرل انویسٹی گیشن رپورٹ لاہور
وائس چیئرمین فیصل آباد پروفیشنل جرنلسٹ ایسوسی ایشن
وائس چیئرمین پروٹیکشن آف ہومن رائٹس

Congratulations

DISTRICT BAR ASSOCIATION FAISALABAD

رائے سیف الرحمٰن بھٹی ایڈووکیٹ ہائیکورٹ کو صدر
سید محمد وہاب شاہ ایڈووکیٹ ہائیکورٹ کو سیکرٹری
ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن فیصل آباد
منتخب ہونے پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے

منجانب
خواجہ شاہد رزاق سکا
صدر انجمن تاجران سٹی (رجسٹرڈ)

میاں اشرف مٹھو
صدر انجمن تاجران کباڑ ایسوسی ایشن فیصل آباد
نائب صدر انجمن تاجران سٹی رجسٹرڈ فیصل آباد